عبقری لا یا انوکھے
اور
لاجواب ٹوٹکے

شیخ الوظائف حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی

عبقری لایا انوکھے

اور

لاجواب ٹوٹکے

شیخ الوظائف حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی

عبقری لاجواب انوکھے اور لاجواب ٹوٹکے

جمع و ترتیب

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی مدظلہ
پی۔ایچ۔ڈی (امریکہ)

دفتر ماہنامہ عبقری
مرکز روحانیت و امن 78/3 عبقری اسٹریٹ
نزد قرطبہ مسجد مزنگ چونگی لاہور

نام کتاب: عبقری لایا نوکھے اور لاجواب ٹوٹکے (جلد اول)

جمع و ترتیب: شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی مدظلہ (پی۔ایچ۔ڈی امریکہ)

ناشر: دفتر ماہنامہ عبقری مرکز روحانیت و امن 78/3 عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ مسجد مزنگ چونگی لاہور

قیمت: 300 روپے

لاکھوں لوگ اپنی پریشانیوں کیلئے اس ویب سائٹ سے استفادہ کرتے ہیں

Website:www.ubqari.org

042-37425801-3

ھــدیہ

میں یہ نہایت خوبصورت اور اہم کتاب

محترم/محترمہ ______________

کو بطور تحفہ پیش کرتا ہوں / کرتی ہوں۔ اس امید کے ساتھ کہ اس کتاب کو پڑھ کر انشاء اللہ آپ بہت سی روحانی و جسمانی اور اخلاقی بیماریوں اور برائیوں سے نجات پائیں گے۔

منجانب: ______________

تاریخ: ______________

حسالِ دل

بعض باتیں نہایت مختصر اور چند الفاظ پر مشتمل ہوتی ہیں لیکن زندگی کی حقیقت سے بھرپور اور ایسی برموقع اور برمحل ہوتی ہیں جو دل کی دنیا بدل دیتی ہیں۔ اسی طرح بعض ٹوٹکے ایسے ہوتے ہیں کہ جہاں بڑے بڑے علاج شفا کا ذریعہ نہیں بنتے وہاں ان مختصر اور آسان سے ٹوٹکوں سے شفا مل جاتی ہے۔ ماہنامہ عبقری میں چھپنے والے ایک لائن کے ٹوٹکوں کو قارئین نے ایسا پسند کیا اور ایسی کامیابی شفا یابی پائی کہ میں خود حیران رہ گیا۔۔۔ اب بے شمار سے بھی بے شمار ایسے واقعات اور تجربات و مشاہدات ملے جس سے معلوم ہوا کہ ان چھوٹے چھوٹے طبی و روحانی ٹوٹکوں اقوال سے کیسے بڑے بڑے مسائل حل ہوئے لاعلاج بیماریوں سے شفا ملی اور کسی کو ایک لفظ کے دیکھنے سے زندگی کی مشکلات سے نجات ملی۔ 1157 اقوال پر مشتمل یہ انوکھی اچھوتی اور لاجواب کتاب جو نہ صرف آپ کی زندگی میں راحتیں خوشیاں اور سکون بھر دے گی بلکہ آپ کی نسلوں تک کیلئے بھی پیغام شفا ثابت ہوگی۔

اس میں لکھے گئے طبی ٹوٹکے نہایت آزمودہ نامور حکماء کے تجربات اور بڑے بوڑھوں کے مشاہدات پر مشتمل ہیں جو سینہ بہ سینہ نسل در نسل ان تک پہنچے۔ روحانی ٹوٹکے ایسے آسان اور مختصر سے اسماء ہیں جو پڑھنے اور کرنے میں تو نہایت آسان۔۔ لیکن تاثیر میں پہاڑوں کو ہلا دینے والے ہیں۔ اقوال ایسے کہ جو دل کو چھولیں! پیغمبروں صحابہ اکرامؓ اولیاء اکرامؒ اور نامور دانشوروں کے ملفوظات میں جوان کی گفتگو اور تجربے کا خلاصہ ہیں۔ غرض اس کتاب کو منظر عام پر لانا یقیناً ہمارے لیے باعث مسرت ہے۔ میری دعا ہے کہ اللہ اسے مخلوق کے نفع کا ذریعہ بنائے۔ (آمین!)

خواستگار اخلاص و عمل

حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی عفی اللہ عنہ
عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ مسجد مزنگ
چونگی لاہور 042-37425801-3

ستر ہزار فرشتے

1

سورۃ اخلاص کے جہاں اور بے شمار فوائد ہیں وہاں ایک فائدہ یہ بھی ہے کہ جو شخص 2 سو مرتبہ روزانہ سورۃ اخلاص پڑھے اس کے جنازے میں 70 ہزار فرشتے شامل ہونگے۔

تحفہ کا جواب

2

اگر کوئی تمہیں سلام کرے یا تحفہ دے تو تم جواب میں اس سے بہتر سلام اور تحفہ دو، اگر تم پر احسان کرے تو بڑھ چڑھ کر اسکا بدلہ دو، پھر بھی شرف پہلے والے کو ہی رہے گا

لمبے بال کرنے کیلئے

3

بیری کے پتے باریک پیس کر سر کو لیپ لگائیں اور پھر صابن کے بغیر ہی سر دھولیں اس سے بال لمبے اور گھنے ہو جاتے ہیں۔

شر

4

هُوَ اللّٰهُ الرَّحِيْمُ ۔ جو ہر نماز کے بعد سات بار پڑھ لیا کرے گا انشاء اللہ عزوجل شیطان کے شر سے بچا رہے گا اور اس کا ایمان پر خاتمہ ہوگا۔

وہ میری امت میں سے نہیں

5

اللہ کے نزدیک اس سے زیادہ کوئی عبادت نہیں کرتو کسی مسلمان بھائی کا دل خوش کر دے ☆ جس کو مسلمان کا غم نہ ہو وہ میری امت میں سے نہیں ۔شرک کے بعد بدترین گناہ ایذا رسانی خلق ہے۔

مرگی

6

مرچ سیاہ دو تولہ اور دس تولہ مندی بوٹی لیں ۔اسے گائے کے دودھ میں ملالیں ۔چھ چھ ماشے مریض کو کھلائیں ۔مرگی کا عارضہ ختم ہو جائے گا۔

غربت

7

یَا مَالِکُ 90 بار روزانہ جو نادار پڑھا کرے انشاء اللہ عزوجل غربت سے نجات پا کر مالدار ہوگا۔

سلام میں سبقت

8

سلام میں سبقت والے کو 30 (تیس) اور جواب دینے والے کو دس نیکیاں ملتی ہیں ☆ ایمان کے بعد افضل ترین نیکی خلق کو آرام دینا ہے۔ حق ہمسائیگی درجہ وار چالیس گھروں تک ہے یعنی چاروں طرف سے چالیس گھر۔

پتھری کا علاج

9

ایک پودا ہے جس کا نام ہے "پتھر چٹا" اس کے پتے توڑلیں اور انہیں کھاتے رہیں۔ پتھری ختم کرنے کے لیے یہ سب سے اکسیر علاج ہے۔

10

بیمار

یَا سَلَامُ 111 بار پڑھ کر بیمار پر دم کرنے سے انشاء اللہ عزوجل شفا حاصل ہوگی۔

غم: یَا مُھَیمِنُ 29 بار روزانہ جو کوئی غمزدہ پڑھ لے، ان شاء اللہ عزوجل اس کا غم دور ہوگا۔

11

جو اللہ سے ڈرتا ہے

ہمسایوں کا حق صرف یہ نہیں کہ ان کو ستانا نہیں، بلکہ ان کے ساتھ احسان کرنا ضروری ہے ☆ جو شخص اللہ سے ڈرتا ہے وہ بدلہ نہیں لیتا۔

12

بھاپ کے جلے کا علاج

اگر ہاتھ یا جسم کا کوئی حصہ بھاپ سے جل جائے تو کچا آلو پیس کر لگا دیجئے۔ چند منٹوں میں ہی آپ کافی آرام محسوس کریں گے۔

13

افسر مہربان

یَا عَزِیْزُ 41 بار حاکم یا افسر وغیرہ کے پاس (جائز مقصد کے لیے) جانے سے قبل پڑھ لیجیے، انشاءاللہ عزوجل وہ حاکم یا افسر مہربان ہو جائیگا۔

14

کافر ہمسایہ کا حق

کافر ہمسایہ کا ایک حق ہے مسلمان ہمسایہ کا دو چند اور رشتہ دار ہمسایہ کا سہ چند ☆ بیگانوں سے نیکی کرنا عمر دراز اور رزق فراخ کرتا ہے۔

15

دانت کا درد

لہسن کا پانی نکال لیجیے اور اسے ڈاڑھ یا دانت پر روئی کے پھاہے کو بھگو کر لگائیے اور منہ کو کھلا چھوڑ دیجئے۔

16

ڈراؤنے خواب نہیں آئیں گے

یَا مُتَکَبِّرُ 21 بار پڑھ لیجئے اگر ڈراؤنے خواب آتے ہوں گے تو انشاء اللہ عزوجل آپ خواب میں نہیں ڈریں گے۔

17

پڑوسی کی تکریم

جو خدا تعالیٰ اور قیامت پر ایمان رکھتا ہے، اسے کہہ دو کہ پڑوسی کی تکریم کرے۔☆ غماز کی بات کسی مسلمان کے حق میں مت سن۔

18

گھی کو زخموں پر لگائیے

جس جگہ پھوڑا پھنسی ہو تل کے تیل اور مرغی کے انڈے کی سفیدی ملا کر اس کا لیپ کریں☆گھی میں نیم کے پتے جلا کر اس گھی کو زخموں پر لگائیے جلد آرام ملے گا۔

آفت

19 یَا مُهَيْمِنُ 29 بار روزانہ پڑھنے والا انشاء اللہ عزوجل ہر آفت و بلا سے محفوظ رہے گا۔

پڑوسی کو ستانے

20 پڑوسی کو ستانے والا دوزخی ہے اگرچہ تمام رات عبادت کرے اور تمام دن روزہ دار رہے

دانت

21 چنبیلی کے پتے ابال لیجئے اور ہر صبح اس کے پانی سے کلیاں کیجئے تو دانتوں پر پڑے سیاہ نشان ختم ہو جائیں گے اور دانتوں میں چمک پیدا ہو جائے گی۔

22

مستجاب الدعوات

یَا وَهَّابُ سات بار جو روزانہ پڑھا کرے گا انشاء اللہ عزوجل مستجاب الدعوات ہوگا۔

23

تیری تعظیم

جس کے شر سے پڑوسی بے خوف نہ ہو وہ مسلمان نہیں خواہ وہ پڑوسی کافر ہو یا مومن ☆ مسلمان کی رنجش کا خاتمہ السلام علیکم ہے۔تو بوڑھوں کی تعظیم کر خدا تعالیٰ نوجوانوں کو توفیق دے گا کہ تیری تعظیم کریں جب کہ تو بوڑھا ہوگا۔

24

نسیان

چار ماشہ "کندارات" لیں اور اسے پانی میں بھگو لیں ،صبح اسے نتھار کر پانی میں چینی شامل کریں اور پی لیں نسیان کے مرض کے لیے بے حد اکسیر ہے

25

نیک بیٹا

زوجہ سے "ملاپ" سے قبل یَا مُتَکَبِّرُ 10 بار پڑھ لینے والا انشاء اللہ تعالیٰ نیک بیٹے کا باپ بنے گا۔ اگر کوئی مصیبت آپڑے تو یَا قَھَّارُ 100 بار پڑھئے انشاء اللہ مشکل آسان ہوگی۔

26

میری امت میں نہیں

جو شخص بڑوں کی تعظیم اور چھوٹوں پر شفقت نہ کرے گا وہ میری امت میں نہیں ☆ جس نے پڑوسی کے کتے کو مارا اس نے پڑوسی کو ایذا دی ۔ رنجش کی حالت میں بہتر وہ ہے جو صلح میں سبقت اور سلام میں پہل کرے ☆ کوئی مسلمان تیرے ہاتھ اور زبان سے ایذا نہ پائے

27

نسیان

دن میں دو تین بار دارچینی کا ٹکڑا منہ میں ڈال کر چبانے سے مرض نسیان دور ہو جاتا ہے۔

28

بیٹا پیدا ہوگا

یَا سَمِیْعُ 100 بار روزانہ جو پڑھے اور اس دوران گفتگو نہ کرے اور پڑھ کر دعا مانگے انشاء اللہ عزوجل جو مانگے گا پائیگا۔ یَا بَارِئُ دس بار جو کوئی جمعہ کو پڑھ لیا کرے انشاء اللہ عزوجل اس کے ہاں بیٹا پیدا ہوگا

29

معزز آدمی کی تعظیم

بدوں سے نیکی کرنا نیکوں کا کام ہے اور نیکوں سے بدی کرنا بدوں کا کام ہے۔☆ جو کام سب سے زیادہ سبب مغفرت ہوگا وہ کشادہ روئی اور شیریں زبان ہے ☆ ہر قوم کے معزز آدمی کی تعظیم کر۔۔۔

30

برص کے داغ

پیاز کا پانی شہد خالص اور نمک میں ملا کر کھرل کر لیجئے اور برص کے داغ پر لیپ کیجئے۔ چند دنوں میں برص کے داغ دور ہو جائیں گے۔

31

دل روشن کرنے کا آسان عمل

جو یَا فَتَّاحُ سات بار روزانہ (کسی بھی وقت دن میں) پڑھا کرے گا انشاء اللہ عزوجل اس کا دل روشن ہوگا۔

32

غیبت کرنے کا نقصان

آگ خشک لکڑی میں اتنی جلدی نہیں لگتی، جتنی غیبت بندہ کی نیکیوں کو جلاتی ہے۔
خرید و فروخت میں قسم کھانے سے باز رہو یہ مال تو بکوا دیتی ہے لیکن پھر اسے مٹا بھی دیتی ہے۔ آپس میں تحائف کا تبادلہ کرو اس سے محبت بڑھتی ہے۔

33

سوزاک سے نجات

سوزاک میں اسپغول کو پانی یا شربت کے ہمراہ چند یوم تک استعمال کرنے سے شفاء ہوتی ہے۔

34

مراد پوری ہونے کا عمل

جو شخص روزانہ یَا رَافِعُ 20 بار پڑھا کرے گا انشاء اللہ عزوجل اس کی ہر مراد پوری ہوگی۔

35

تہمت سے دوری

تہمت کی جگہ سے دور رہ، کسی کو اپنی نسبت بدگمانی میں نہ ڈال ☆ جب تین شخص سفر کو جائیں تو ایک کو اپنا سردار بنالیں۔ **زبانی صدقہ کی اہمیت:** کوئی صدقہ زبانی صدقہ سے بہتر نہیں زبانی صدقہ یہ ہے کہ کسی کی سفارش کر دے یا اذیت ہٹا دے یا جان بچائے

36

قدرتی وٹامنز

جدید تحقیق نے ثابت کیا ہے کہ اگر نکلتے ہوئے سورج کے سامنے چند منٹ تک بیٹھا جائے اس طرح کہ نکلتے ہوئے سورج کی شعاعیں سامنے سینہ پر پڑیں تو قدرتی وٹامن حاصل ہوتے ہیں۔

چوری سے حفاظت کے لیے

37

: یَاجَلِیْلُ دس بار پڑھ کر جو اپنے مال و اسباب اور رقم وغیرہ پر دم کرے، انشاء اللہ عزوجل چوری سے محفوظ رہے گا۔ آفت سے نجات کے لیے : یَاوَکِیْلُ 7 بار روزانہ عصر کے وقت جو پڑھ لیا کرے انشاء اللہ عزوجل آفت سے پناہ پائے گا۔

مسلمان بھائی کی پسند کا خیال

38

جو چیز تو اپنے لیے پسند نہیں کرتا وہ کسی مسلمان بھائی کے لیے بھی پسند نہ کر

زیارت قبور: ☆ زیارت قبور کے لیے جا' خود عبرت حاصل کر اور مغفرت مسلمین کے لیے دعا کر

چہرے کے دانے

39

کالی مرچ لیں اور صندل کے ساتھ رگڑ کر چہرے پر لیپ مل لیجئے دو چار روز ایسا کرنے سے چہرے سے دانے ختم ہو جائیں گے۔

قبر و آخرت میں عذاب سے حفاظت

40

یَا مُحْصِیُ ایک ہزار مرتبہ جو کوئی ہر شب جمعہ پڑھ لیا کرے انشاء اللہ عزوجل قبر و قیامت کے عذاب سے محفوظ ہو گا۔

تین باتوں میں توقف مت کرو

41

(1) نماز میں جب اس کا وقت ہو جائے (2) جنازہ میں جب تیار ہو جائے (3) بیوہ کے نکاح میں جب اس کا جوڑ مل جائے سخی کا مقام: سخی اللہ سے قریب ہے، جنت سے قریب ہے لوگوں سے قریب ہے اور آگ سے دور ہے۔

سر درد ختم کیسے ہو؟

42

سر کی زیتون کے تیل سے مالش کیجئے یا پیاز کاٹ لیجئے اور اسے سونگھئے اس طرح کرنے سے سر کا درد ختم ہو جائے گا۔

جادو سے نجات کے لیے

43

یَا مُمِیْتُ 7 بار روزانہ پڑھ کر جو اپنے اوپر دم کر لیا کرے انشاءاللہ عزوجل جادو اثر نہیں کرے گا

بخیل کا انجام

44

بخیل اللہ سے دور ہے جنت سے دور ہے لوگوں سے دور ہے اور دوزخ سے نزدیک ہے ☆ صبر ایمان سے ایسے ملا ہوا ہے جیسے سر جسم سے۔

قے سے نجات

45

زیادہ قے آتی ہو تو سفید زیرہ ذرا سی چینی میں ملا کر تھوڑے سے پانی میں گھول کر پی لیں۔اس سے کافی فائدہ حاصل ہوگا۔

ہر نوالے پر ایک نور

46

جو کوئی کھانا کھاتے وقت ہر نوالے پر یَا وَاجِدُ پڑھے گا ان شاء اللہ عزوجل وہ کھانا اس کے پیٹ میں نور ہو گا اور بیماری دور ہو گی۔

تکبر سے بچو

47

کھاؤ، خیرات کرو اور پہنو، اس حد تک کہ فضول خرچی اور تکبر نہ ہو ☆ بغیر سختی اٹھائے حلیم اور بغیر تجربہ کے حکیم نہیں ہو سکتا۔

چھینکیں روکنا آسان

48

سبز دھنیا سونگھنے سے زیادہ چھینکیں آنا بند ہو جاتی ہیں۔ اس کا پانی نکال کر سونگھنے سے بھی ایسا ہی اثر ہوتا ہے

بیماری سے نجات

49

یَامَاجِدُ 10 بار پڑھ کر شربت پر دم کر کے جو پی لیا کرے انشاء اللہ عزوجل بیمار نہ ہوگا۔

جو امراء کے دروازے پر آیا

50

جو امراء کے دروازے پر آیا، وہ فتنے میں پڑا، جس قدر اس کے نزدیک ہوا اتنا ہی خدا تعالیٰ سے دور ہوا

☆ ایمان دو نصف ہیں۔ نصف صبر اور نصف شکر ہے

نظر کمزور نہیں ہوگی

51

: غسل کرنے سے پہلے پاؤں کے انگوٹھوں پر سرسوں کا تیل ملیے۔ کبھی نظر کمزور نہ ہوگی چاہے عمر سو سال سے تجاوز کر جائے۔

رحمتوں کے سائے میں

52

یَامُقْتَدِرُ 20 بار جو روزانہ پڑھ لیا کرے گا انشاء اللہ عزوجل رحمتوں کے سائے میں رہے گا۔

ایماندار آدمی

53

جس شخص نے اپنی زبان اور شرمگاہ کو قابو میں رکھا میں (محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اس کے واسطے جنت کا ضامن ہوتا ہوں، جو کوئی قصور کرے گا اسی سے اس کا مواخذہ کیا جائے گا۔ ایماندار آدمی: کے شایان شان نہیں کہ اپنے آپ کو ذلیل کرے۔ یعنی اس بلا میں ہاتھ ڈالے جس کے مقابلہ کی اس میں طاقت نہ ہو۔

لو کا مکمل علاج

54

اگر لو لگ جائے تو پالک کچی لیجئے اور اسے پیس کر اس میں ذرا سا پانی ملا لیجئے اور اسے پی لیجئے ایسا کرنے سے فوراً فائدہ حاصل ہوگا۔

ہر آفت سے محفوظ

55

یَا بَصِیْرُ سات بار روزانہ بوقتِ عصر (یعنی ابتدائے وقتِ عصر تا غروبِ آفتاب تک کسی بھی وقت) جو کوئی پڑھ لیا کریگا موت کے علاوہ ہر آفت سے محفوظ رہے گا

فحش اور حیا میں فرق

56

جس چیز میں فحش ہو گا اس کا انجام سوائے اس کے کچھ نہیں کہ تباہی ہو اور جس میں حیا ہے اس کا انجام اس کی زینت ہے۔ **اقتدار کی حقیقت:** حکومت طلب مت کرو کیونکہ وہ اگر تجھے مانگے سے ملی تو اس کا سب بوجھ تجھ پر پڑے گا اور اگر بن مانگے ملے تو تیری ہر طرح سے امداد ہو گی

منہ کے چھالے ختم کرنا آسان

57

کافور اور کتھہ لیجئے اور اسے پیس کر دن میں تین یا چار بار منہ کے چھالوں پر ملیے۔ انشاء اللہ افاقہ ہو گا۔

58

اولادنیک

یَاشَہِیْدُ 21 بار صبح (طلوعِ آفتاب سے پہلے تک) نافرمان بچے یا بچی کی پیشانی پر ہاتھ رکھ کر آسمان کی طرف منہ کر کے جو پڑھے اس کا وہ بچہ یا بچی نیک بنے۔

59

مظلوم کی بددعا اور مومن کی نشانی

مظلوم کی دعا سے ڈرو کیونکہ اس کے اور خدا تعالیٰ کے درمیان کوئی پردہ نہیں ☆ مومن کا چہرہ بشاش رہتا ہے اور دل غمگین۔

60

سر درد سے نجات

ذرا سا نمک کھائیے اور پھر اس کے دس منٹ بعد ٹھنڈا پانی پی لیجئے۔ بہت جلد شفا نصیب ہوگی

61

عضو ضائع ہونے کا خوف

یَا مُحْیِیُ 7 بار پڑھ کر گیس ہو یا پیٹ یا کسی بھی جگہ درد ہو یا کسی عضو کے ضائع ہو جانے کا خوف ہو، اپنے اوپر دم کر دیجئے فائدہ ہوگا (تا حصولِ شفاء)

62

دوزخ سے خلاصی

جس شخص کے دل میں ذرہ برابر بھی ایمان ہوگا وہ دوزخ سے نکال لیا جائے گا ☆ علم کے بغیر عمل وبال ہے اور عمل کے بغیر علم گمراہی

63

آنکھوں کی بینائی کے لیے مجرب

گاجروں کا زیادہ سے زیادہ استعمال کریں۔ اس سے آنکھوں کی بینائی بڑھاپے میں بھی خراب یا کمزور نہیں ہو سکتی۔

ہر مشکل میں آسانی

64

مشکل آپڑے تو یَا قَادِرُ 41 بار پڑھ لیجئے تو انشاء اللہ عزوجل آسانی ہو جائیگی۔

ایماندار کی نشانی

65

ایماندار شخص وہ ہے جس سے لوگ اپنے مال اور جان دونوں کو محفوظ سمجھیں ☆ غیر کے لیے کوئی صدقہ نہیں جب قریبی رشتہ دار محتاج ہیں

قبض کا خاتمہ

66

رات کو سوتے وقت دودھ میں روغن زیتون ڈال کر پینے سے قبض ختم ہو جاتی ہے ☆ بغیر چھنے آٹے کی روٹی استعمال کریں قبض از خود ختم ہو جائے گی

67

دیواروں کی سلامتی کے لیے

یَا ظَاہِرُ گھر کی دیوار پر لکھ لیجئے انشاء اللہ عزوجل دیوار سلامت رہے گی

68

نیکی کی حقیقت

نیکی کا بتانے والا مثل اس کے کرنے والے کے ہے ☆ کیا نیکی کا بدلہ نیکی کے سوا کچھ اور بھی ہو سکتا ہے؟

69

ڈاڑھ کا درد

ڈاڑھ میں درد ہو تو سرسوں کے تیل میں نمک ملا کر سوتے وقت ڈاڑھ میں لگائیں۔ یہ بہت مفید ہے

دردوں سے نجات

70

یَا غَنِیُّ ریڑھ کی ہڈی، گھٹنوں، جوڑوں وغیرہ جسم میں کہیں بھی درد ہو، چلتے پھرتے اٹھتے بیٹھتے پڑھتے رہیئے، درد جاتا رہے گا

بخل اور بداخلاق

71

دو خصلتیں کسی ایماندار آدمی میں جمع نہیں ہو سکتیں۔ ایک بخل اور دوسری بدخلقی ☆ پیٹ سے بڑھ کر کوئی بدترین برتن نہیں۔

دانتوں کا کھٹا پن

72

کھٹی چیزوں کے کھانے سے دانت کھٹے ہو جاتے ہیں۔ اگر فوراً گرم روٹی کا نوالہ کھالیا جائے تو دانتوں کا کھٹا پن دور ہو جاتا ہے۔

73

درد میں سکون کے لیے

یَا مُغْنِیْ ایک بار پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے درد کی جگہ پر ملنے سے انشاء اللہ عزوجل سکون ملے گا۔

74

بیوقوفوں کی وادی

خدا بزرگ و برتر، غیور ہے۔ اس لیے اس نے غیرت کی بنا پر بری باتوں کو حرام قرار دیا ہے ☆ اپنے آپ کو تمنا سے بچا کہ وہ بیوقوفوں کی وادی ہے.

75

بچھو کا زہر ختم کرنے کا نسخہ

عرق کافور بچھو کے کاٹے کی جگہ پر ملنے سے آرام ملتا ہے۔ لہسن اور نمک پیس کر بچھو کاٹے کے مقام پہ لیپ کر دیں زہر کا اثر اور درد ختم ہو جائے گا۔

ناراضگی ختم کرنے کا عمل

76

یَا مَانِعُ 20 بار بیوی ناراض ہو تو شوہر اور اگر شوہر ناراض ہو تو بیوی سونے سے قبل بچھونے پر بیٹھ کر پڑھے صلح ہو جائے گی (تا حصولِ مراد)

شوہر کا عورت کی نظر میں مقام

77

حضور ﷺ کا ارشاد گرامی ہے اگر میں حکم دیتا کہ کوئی کسی کو سجدہ کرے تو بیوی کو حکم دیتا کہ وہ اپنے خاوند کو سجدہ کرے۔

جسم آگ سے جل گیا ہو

78

جسم کا جو حصہ آگ سے جل گیا ہو وہاں انڈے کی سفیدی لگائیں۔ اس طرح سوزش رہے گی اور نہ آبلہ پڑے گا۔

79

جائز کام اپنی مرضی کے مطابق کروانے کا عمل

یَا نَافِعُ 20 بار جو کسی کام کو شروع کرنے سے قبل پڑھ لے ان شاء اللہ عزوجل وہ کام اس کی مرضی کے مطابق پورا ہوگا۔

80

برائی اور اسلام کی پہچان

جو شخص کسی برائی میں حاضر ہوا اور اس سے راضی ہوا تو گویا اس نے خود برائی کی ☆ کھانا کھلانا، واقف نا واقف ہر دو کو سلام کہنا بہترین اسلام ہے۔

81

خارش زدہ جگہ پر ٹھنڈک پیدا کرنے کی ترکیب

ناریل کے تیل میں کافور ملا کر خارش زدہ جگہ پر لگائیے تو تھوڑی دیر میں ٹھنڈک پڑ جائے گی۔

فحش گوئی کی عادت

82

یَا حَمِیْدُ 90 بار جس کی گندی باتوں کی عادت نہ جاتی ہو وہ پڑھ کر کسی خالی پیالے یا گلاس میں دم کر دے حسبِ ضرورت اسی میں پانی پیا کرے فحش گوئی کی عادت نکل جائے گی۔

جنت میں داخلہ

83

اگر کوئی عورت مرجائے اس حال میں کہ اس کا خاوند اس سے راضی ہو تو وہ جنت میں داخل ہو گی۔

جو شخص اس بات سے خوش ہو کہ لوگ اس کے لیے تعظیماً کھڑے ہوں تو اپنا ٹھکانا آگ میں سمجھ رکھے۔

بلغمی کھانسی

84

بادام کے مغز کے سات دانے پیس لیں۔ تھوڑی سی چینی ملا کر صبح و شام کھائیں چند دن میں بلغمی کھانسی کا خاتمہ ہو جائے گا۔

حاکم مہربان

85

فَلَمَّا رَاَیْنَہٗ اَکْبَرْنَہٗ سے مَلَكٌ كَرِيْمٌ تک (سورۂ یوسف) ۱۱ مرتبہ پڑھ کر اپنے ہاتھ پر دم کرے بدن وغیرہ پر ملے اور حاکم کے سامنے جائے۔ حاکم مہربان ہوگا۔

مواخذے سے نکلنے کی نشانی

86

اگر تم مرتے وقت حاکم یا منشی یا کاردار نہ ہوئے تو سمجھو کہ مزے میں رہے اور مواخذے سے بچ گئے۔

کان کے درد کے لیے

87

مولی کو باریک باریک ٹکڑوں میں کاٹ لیجئے اور پھر اسے سرسوں کے تیل میں ڈال کر خوب گرم کر کے رس نکال کر استعمال کریں۔

88

عمل ادائیگی قرض

سورہ النصر، پوری کو بعد ادائے فجر صبح چالیس مرتبہ پڑھنے سے تمام قرض ادا ہو جائے گا اور بہت آمدنی ہوگی۔

89

گناہوں کی جڑ

دنیا کی محبت سب گناہوں کی جڑ ہے اور کسی بھی چیز کی محبت انسان کو اندھا اور بہرا کر دیتی ہے۔

90

منہ کے چھالوں کا خاتمہ آسان

سبز دھنیا لیجیے اور اس کا عرق نکال لیجیے دن میں تین چار بار اسے ان چھالوں پر ملیے آرام ہوگا۔

91

برائے تپ بے لرزہ

قُلْنَا یٰنَارُ كُوْنِیْ بَرْدًا وَّ سَلٰمًا عَلٰٓی اِبْرٰهِیْمَ

(سورۃ انبیاء آیت نمبر 69) تین پیپل کے پتوں پر لکھ کر مریض کو دے دے تا کہ ایک پتہ روز چاٹے

92

غلطی کا اعتراف

جہاں شک وشبہ کی گنجائش ہو، وہاں قبل اس کے کہ منہ کھولے، خود اپنی بریت کا اظہار کر دینا چاہیے۔

93

سر درد کا آسان علاج

احتیاط سے نسوار کی مانند پسا ہوا نمک سونگھ لیجئے درد سر کو آرام ہوگا، پیاز کاٹ لیجئے اور اسے سونگھنے سے بھی سر درد ختم ہوگا۔

94

برائے تپ نوبت

اللہُ شَافِی اَللہُ کَافِی پڑھ کر گرم پانی پر دم کر کے دے دے اور پلاوے مجرب ہے۔

95

خدا کی عبادت

خدا کی عبادت اس طرح کرو کہ گویا تم اس کو دیکھتے ہو اور اگر تم اسے نہیں دیکھ سکتے تو وہ تجھے تو دیکھتا ہے۔

96

آنکھوں کی بیماریوں سے حفاظت

سونے سے قبل سرسوں کے تیل کے چند قطرے آنکھوں کے اوپر مالش کرنے سے آنکھوں کی بیماریوں سے محفوظ رہو گے۔

97

برائے چیچک

نیلے دھاگے کے ۲۱ تار کر کے نو گرہ دیوے اور ہر گرہ پر ایک مرتبہ الحمد شریف پڑھے اور گلے میں بندھوائے ان شاء اللہ شفا ہوگی۔

98

عمل کے بغیر علم کا خاتمہ

علم عمل کو آواز دیتا ہے پس اگر وہ جواب دے تو وہ ٹھہرتا ہے ورنہ کوچ کر جاتا ہے۔

99

کن کھجورا سے نجات

کن کھجورا اگر کھال سے چمٹ جائے یا کان میں گھس جائے تو اس پر سفید شکر ذرا سی ڈال دیں۔ وہ کھال کو اسی وقت چھوڑ دے گا۔

100

عمل مسان

وَالسَّمَاءِ وَالطَّارِقِ پوری اکتالیس بار پڑھ کر ۴۱ گرہ دیوے اور عورت کے پیٹ پر باندھے بعد ولادت بچہ کے باندھے اور گنڈہ کے تار ۴۱ ہونے چاہئیں۔

101

اللہ کے پیارے

لوگ اللہ کے عیال ہیں اور اللہ کے نزدیک زیادہ پیارا اس کے عیال کو فائدہ پہنچانے والا ہے۔

102

دائمی قبض کا خاتمہ

گرم دودھ میں دیسی گھی یا روغن بادام ڈال کر پی لیں۔ دائمی قبض کا خاتمہ یقینی ہے۔

برائے ام الصبیان یعنی کمیڑا

103

سورۃ النصر پوری اکیس مرتبہ اجوائن پر دم کر کے زچہ کی چارپائی کے پایہ کے نیچے کی طرف باندھنا مفید ہے۔

حسن خلق کی نعمت

104

حسن خلق کو حقیر مت سمجھو، خواہ وہ اسی قدر ہو کہ تم اپنے بھائی سے کشادہ پیشانی ملو۔

کن کھجورے کے زخم کا آسان علاج

105

پیاز بھلبھلا کر اس زخم پر جو کن کھجورے کے ناخن سے ہوا ہو اس پر باندھ دیں آرام آجائے گا۔

برائے دفع وسوسہ شیاطین

106

آیۃ الکرسی کو ہر نماز کے بعد پڑھنا شیاطین کے وساوس سے نجات دیتا ہے اور پڑھنے والے کی روزی میں برکت ہوتی ہے۔

جاہل اور عالم کے عذاب کا فرق

107

جاہل کو ایک دفعہ عذاب دیا جائے گا اور عالم کو سات دفعہ۔ سونا بدبختی ہے: طلوع آفتاب کے وقت نہ سو کیونکہ یہ عبادت کا وقت ہے اس وقت سونا بدبختی ہے۔ (حکیم لقمان)

شہد کی مکھی یا بھڑ کے کاٹے ہوئے حصے پر جلن

108

جہاں ڈنک لگا ہے وہاں عرق کافور مل دیں جلن ختم ہو جائے گی اور ٹھنڈک پیدا ہوگی۔

109

برائے دفع خفقان

خفقان کے مرض میں سورہ قریش چینی کی طشتری پر لکھ کر پلانا مفید ہے۔

110

امت میں خوف

نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا مجھے اپنی امت میں زیادہ خوف منافق اور زبان دراز کا ہے۔

111

دانت درد سے نجات کا آسان ٹوٹکہ

لونگ کو باریک کر کے دانتوں کے اندر رکھ لیں۔ تھوڑی دیر کے اندر تکلیف دور ہو جائے گی۔

112

برائے عرق النساء

درد کی جگہ لکھ کر باندھے ۔لَمِیّتُهَا العِرْقِ النَّا بَتِ فِي الْجِسْمِ اَلَّذِیْ یَمُوْتُ مُتْ مُتْ مُتْ بِاِذْنِ اللهِ اَلَّذِیْ لَا یَمُوْتُ ۔

113

رزق حلال کی قدر و قیمت

عبادت کے دس جز ہیں ان میں سے نو طلب حلال ہیں سب سے بڑا اجہاد: یہ ہے کہ انصاف کی بات ظالم حاکم کے رو برو کہہ دی جائے ☆ ناقص دانائی کے بہ نسبت بیوقوفی نجات سے زیادہ قریب ہے

114

پھوڑے پھنسی دنبل اور دیگر زخموں کے لیے

سورۂ مرسلات لکھ کر گلے میں لٹکانا باعث صحت ہوگا۔ انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

وقت دخول در شہر جدید

115

رَبِّ اَنْزِلْنِیْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْمُنْزِلِیْنَ ط (سورۃ المومنون آیت نمبر 29) نئے شہر میں داخل ہوتے وقت پڑھے سفر میں کامیاب ہوگا۔

ایماندار کی نشانی

116

ایماندار کا غصہ بھی جلدی ہوا کرتا ہے اور وہ راضی بھی جلدی ہوا کرتا ہے۔

آواز کھولنے کے لیے

117

پرانے جو لیں اور ان کو بھون لیں۔ دو تولہ کی مقدار میں یہ چند بار کھائیں۔ آپ حیران رہ جائیں گے کہ آپ کی بیٹھی ہوئی آواز کھل جائے گی۔

سمندر میں تلاطم کے وقت

118

سورۃ قلم پوری پڑھے انشاءاللہ طوفان ختم ہو جائے گا۔

آدمی کی برائی

119

آدمی کو اتنی ہی برائی کافی ہے کہ وہ مسلمان بھائی کو حقیر سمجھے۔

نعمتوں میں غفلت: دو نعمتیں ایسی ہیں کہ ان میں اکثر لوگ نقصان اٹھاتے ہیں ایک تندرستی اور دوسرا کاروبار میں فراغت۔

خارش زدہ جگہ پر ٹھنڈک پیدا کرنے کی ترکیب

120

ناریل کے تیل میں کافور ملا کر خارش زدہ جگہ پر لگائیے تو تھوڑی دیر میں ٹھنڈک پڑ جائے گی۔

ظالم سے نجات

121

اس آیت کو خود بھی پڑھے اور اپنے گھر والوں کو بھی اس کے پڑھنے کی ہدایت کرے رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ ط (سورہ یونس آیت نمبر 85)

اخلاق کے اعلیٰ درجات

122

نیک خو اور خوش خلق صائم الدہر اور قائم اللیل کا درجہ پاتا ہے۔ **نقصان دہ عمل:** زیادہ گوئی سے بڑھ کر انسان کے لیے کوئی چیز بری نہیں، لوگوں میں سے برا وہ ہے جس کی تعظیم اس کے شر کے خوف سے کی جائے۔

ٹوٹی ہوئی ہڈی جوڑ لیجیے

123

بیر کی گٹھلی باریک پیس لیں اور پرانے سرکہ میں اسے ملا لیں۔ ٹوٹی ہوئی ہڈی کے مقام پر اسے لگا کر مضبوطی سے باندھ دیں۔ ٹوٹی ہوئی ہڈی جڑ جائے گی

کفار کی مغلوبیت اور مسلمانوں کے غلبہ کے لیے

124

رَبَّنَا اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ط کی کثرت کریں۔

اچھے اور برے میں فرق

125

بہتر وہ ہے جو دیر میں خفا ہو اور جلد مان جائے۔ بدتر وہ ہے کہ جلد غصہ ہو اور دیر میں راضی ہو۔

عمل بقدر طاقت کی اہمیت: عمل بقدر طاقت کرو۔ خدا کی قسم خدا تعالیٰ ملول نہیں ہوتا، تم ہی ملول ہو جاؤ گے۔

نظر تیز

126

چار بادام چٹکی بھر سونف اور ذرا سی مصری لے کر رات کو سوتے وقت کھا لیجیے اور اسے کھانے کے بعد ہرگز پانی نہ پیجیے۔ نگاہ دن بدن تیز ہوتی جائے گی۔

127

آیت قطب

ثُمَّ اَنزَلَ سے لے کر بِذَاتِ الصُّدُوْرِ o تک (سورۃ آل عمران آیت نمبر 154) عاملوں نے آیت قطب کے پچیس فائدے بیان کئے ہیں۔

128

جب آگ لگتی دیکھیں

جب آگ لگتی دیکھیں تو اللہ اکبر کے ذریعے بجھا دیں' یعنی اللہ اکبر کہیں اس سے وہ آگ بجھ جائے گی۔
(ابو یعلی وابن السنی)

129

آگ کے جلے کا زخم

شہد جلی ہوئی جگہ پر لگا دیں۔ زخم مندمل ہو جائے گا اور وہاں زخم کا نشان بھی نہ رہے گا۔

130

قطب آیت کا فائدہ نمبر 1

اول یہ کہ جو شخص بعد فجر ہر دن چالیس مرتبہ پڑھے گا جو کچھ اللہ تعالیٰ سے مانگے گا پالے گا۔

131

مخلص دوست کی نشانی

وہ شخص جھوٹا نہیں جو دو شخصوں میں صلح کرا دے۔ نیک بات کہے یا اپنی طرف سے نیک بات ملا دے

132

اندرونی چوٹ کا آسان علاج

تھوڑے سے پانی میں نمک ملا کر اسے گرم کریں اور چوٹ کی جگہ پر لیپ کر دیں۔ درد دور ہو جائے گا۔

133

فائدہ نمبر 2

جس کو بادشاہ یا حاکم سے ایسا کوئی کام ہووے کہ جس کا ہونا مشکل ہو اس آیت کو دو رکعت پڑھ کر تین مرتبہ پڑھے اور مصلے پر اسی جگہ دعا مانگے

134

سخاوت کی اہمیت

سخی گناہ گار خدا تعالیٰ کے نزدیک بخیل عابد سے اچھا ہے، سخی کا کھانا دوا ہے اور بخیل کا مرض

135

پیچش سے نجات

چھ ماشہ تالمکھانہ دن میں چند بار دو چھٹانک دہی میں ملا کر کھانے سے پیچش اور خونی دستوں کو آرام آجاتا ہے۔

قطب آیت کا فائدہ نمبر 3

136

آسیب زدہ کے بائیں کان میں قطب آیت کا دم کیا جائے تو آسیب دور ہوگا۔

مفلسی سے نجات

137

جو دنیاوی حیثیت میں تجھ سے زیادہ ہے۔ اس کو مت دیکھ کہ ناشکری پیدا ہوگی، جو میانہ روی اختیار کرتا ہے وہ مفلس نہیں ہوتا۔

اپنا خون صاف کر لیجئے

138

دو تولہ شیشم کے تازہ پتے چند دن پانی میں جوش کر پیتے رہیں۔ آپ کے خون کی ہر خرابی دور ہو جائے گی

فائدہ نمبر 4

139

جس کو بچھو نے کاٹ لیا ہو۔ اس کے داہنے کان میں قطب آیت کا دم کریں وہ شخص صحت پائے۔

سخی کی نشانی

140

دست بالا یعنی سخی کا ہاتھ دست زیریں یعنی سائل کے ہاتھ سے بہتر ہے، بخل اور ایمان ایک دل میں جمع نہیں ہو سکتے

امراض چشم

141

اس میں وٹامن اے کا استعمال مفید ہوتا ہے۔ گھاس، گاجر میں وٹامن اے کثرت سے ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ یہ مچھلی کے تیل میں بھی پایا جاتا ہے۔

142

فائدہ نمبر 5

جو شخص جنگ میں قطب آیت کو تیرہ یا پندرہ مرتبہ پڑھے گا۔ دشمن پر غلبہ پائے گا۔

فائدہ نمبر 6: غالب دشمن کے سامنے اگر قطب آیت کو بارہ مرتبہ پڑھے تو دشمن تابعدار ہو گا۔

143

خدا کی طرف سے ہلاکت

جب خدا کو کسی کی ہلاکت منظور ہوتی ہے تو سب سے پہلے خود رائے کی خود رائی اس کو برباد کرتی ہے۔

144

پیشاب کی کمی

میں کھیرے، ککڑی اور تربوز سے بہت فائدہ ہوتا ہے ۔جلا ہوا زہریلا مواد بذریعہ پیشاب خارج ہوتا ہے۔

فائدہ نمبر 7

145

جو شخص آیت قطب کو سات مرتبہ پڑھ کر کسی مجلس میں جائے گا۔ محفل والے اس کی تعظیم کریں گے۔

اللہ کا انعام

146

کیا میں تمہیں ایسے خزانے سے مطلع نہ کروں جو سب سے اچھا ہو؟ سن لو کہ وہ نیک عورت ہے۔

کان میں پانی پڑنا

147

کان میں پانی پڑ جائے تو کوئی دوا ہرگز استعمال نہ کریں بلکہ الٹے پاؤں چلیں۔ کان سے پانی نکل جائے گا۔

148

فائدہ نمبر 8

نو گرام شہد اور دس گرام لونگوں پر آیت قطب کو پڑھ کر دم کر کے استعمال کریں تو قوت جسمانی زیادہ ہوگی

149

کوئی ایسا ہوتا ہے

کوئی ایسا ہوتا ہے کہ بزرگ اس میں نظر اور توجہ رکھتے ہیں اور اس کے مقام کو دیکھتے ہیں لیکن وہ خود نہیں جانتا کہ وہ کوئی چیز رکھتا ہے۔

150

خونی دست

خونی دستوں میں مصری چاول کی پیچ میں نمک ملا کر پینے سے خونی دست بند ہو جاتے ہیں۔

151

فائدہ نمبر 9

اگر گھوڑا چلنے میں سستی ظاہر کرے اس پر سوار ہو کر تین مرتبہ قطب آیت کو پڑھے۔ سستی دور ہو جائے گی۔ باقی خواص کرنے سے جان کو خطرہ ہے۔

152

محبت پیدا کرنے کا آسان نسخہ

آپس میں تحفہ بھیجا کرو کہ تحفہ دل کی کدورت کو دور کرتا ہے **علم و عقل کے منافی:** جس نے جنگل میں سکونت اختیار کی وہ علم و عقل سے خالی رہا جو شکار کے پیچھے لگا وہ غافل ہوا۔

153

نکسیر کے لیے آزمودہ

ہیرا کسیس کو باریک پیس لیں اور تھوڑے سے پانی میں اسے حل کر کے ناک میں ٹپکائیں نکسیر بند ہو جائے گی۔

اسمائے اصحاب کہف

154

الٰھی بحرمت یملیخا ۔ مکسلمینا ۔ کشفوطط ۔ کشافطیونس تتیونس ۔ اذر ۔ فطیونس یوانس بوس وکلبھم قطمیر

تکلیف میں خوشی

155

اپنے بھائی کی تکلیف پر خوشی کا اظہار نہ کرو کہیں ایسا نہ ہو کہ خدا تعالیٰ اسے آرام دے اور تجھے دکھ میں مبتلا کردے۔

خشک کھانسی کے لیے ٹوٹکہ آزمائیں

156

خشک کھانسی میں کیلے اور کھجور کو مکھن میں پیس کر کھانا مفید ہے۔ بادام بھی نافع ہے۔

157

اسمائے اصحاب کہف کا فائدہ نمبر 1

مال اور زمین، غصب اور چوری سے محفوظ رہیں گے، وبا کے زمانے میں ان اسماء کی برکت سے محفوظ رہے گا

158

عادل حاکم کا مقام و مرتبہ

عادل حاکم کی تعظیم کرنا خدا کی تعظیم میں داخل ہے

159

لاغری میں مفید غذائیں

انڈا اور گوشت کھانا مفید ہے۔ خصوصاً انڈا زیادہ فائدہ مند ہے۔

اسمائے اصحاب کہف کا فائدہ نمبر 1

157

مال اور زمین، غصب اور چوری سے محفوظ رہیں گے، وبا کے زمانے میں ان اسماء کی برکت سے محفوظ رہے گا

عادل حاکم کا مقام و مرتبہ

158

عادل حاکم کی تعظیم کرنا خدا کی تعظیم میں داخل ہے

لاغری میں مفید غذائیں

159

انڈا اور گوشت کھانا مفید ہے۔ خصوصاً انڈا زیادہ فائدہ مند ہے۔

160

اسمائے اصحاب کہف کے فائدہ نمبر 2

زمین کے دفینے غیر کی نظر سے بچے رہیں،

خواص نمبر 3: حاملہ کے پیٹ پر باندھنے سے حمل محفوظ رہے

161

حقیقی گناہ

ایک شخص نے سوال کیا کہ گناہ کیا ہے؟ فرمایا جو دل کو کھٹکے۔

162

پیٹ کے کیڑے ختم

شفتالو اور شریفے کے کھانے سے پیٹ کے کیڑے مرجاتے ہیں۔

اسمائے اصحاب کہف کا فائدہ نمبر 4

163

وضع حمل کے وقت بائیں ران میں باندھنے سے بچہ آسانی سے پیدا ہو۔

انسان کا گمان

164

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں اپنے بندہ کے گمان کے ساتھ ہوں۔

شوگر کا علاج

165

ذیابیطس میں جامن اور کچا انار نافع ہے۔ جب جامن کا موسم نہ ہو تو تولہ بھر جامن کی گٹھلی کا سفوف استعمال کرنا چاہیے۔

166

اسمائے اصحاب کہف کا فائدہ نمبر 5

اگر کہیں آگ لگ گئی ہو آگ میں ڈالنے سے آگ سرد ہو جائے گی۔

167

اعمال بد کے اثرات

لوگ ہر گز ہلاک نہیں ہوں گے جب تک کہ ان کے اعمال بد کی وجہ سے ان کی جانوں پر حجت قائم نہ ہو۔ حضور ﷺ نے نوحہ کرنے والی اور اسے کان لگا کر سننے والی دونوں پر لعنت فرمائی ہے

168

دفع بلغم کے لیے

سفید نمک کی چھوٹی چھوٹی سات کنکریاں لے کر ہر ایک پر سات سات بار آیت الکرسی پڑھیں۔ایک کنکر نہار منہ استعمال کریں۔

پریشان حال

169

حضور اقدس ﷺ نے فرمایا جو شخص سورہ مزمل مصیبت کے وقت پڑھے گا اس کی مصیبت اللہ پاک دور فرمائے گا۔ (بیضاوی، مجموعہ وظائف)

زبان کی حفاظت

170

اللہ تعالیٰ پرہیزگار کو پسند کرتے ہیں لیکن جو جوانی کے عالم میں پرہیزگار ہو وہ زیادہ پسند ہے۔ بہترین فضیلت زبان کی حفاظت ہے۔

پرانی کھانسی سے نجات

171

۲ ماشہ عرق گاؤ زبان لیں۔ اسے چینی میں ملا کر پی لیں۔ چند روز استعمال کرنے سے پرانی کھانسی ختم ہو جائے گی۔

172

لازمی وظیفہ

حضرت انسؓ سے روایت کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ کا وظیفہ مسلمان کو لازم ہے، کبھی نہ چھوڑے (ترمذی، مجموعہ وظائف)

173

ہمیشہ سچ بولو

ہمیشہ سچ بولو۔ اللہ تعالیٰ جس کی بہتری چاہتا ہے اسے دین کی سمجھ عطا فرما دیتا ہے اور کام لیتا ہے۔ ایک دوسرے کی خوشامد مت کرو، یہ اس طرح ہے جیسے کہ کسی کو ذبح کرنا۔

174

سخت بخار

سخت بخار سے نجات کیلئے ایک دھاگے پر سورہ یٰس پڑھیں لفظ مبین پر دم کر کے گرہ لگائیں پھر مریض کے داہنے بازو پر باندھ دیں۔

کشف غیب اور سرداری کے حصول کیلئے

175

ہر نماز کے بعد حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ ہزار بار ورد رکھیں۔

عادل بننا چاہتے ہو تو۔۔۔

176

اگر عادل بننا چاہتے ہو تو جو چیز اپنے لئے پسند کرو وہ دوسروں کے لئے بھی پسند کیا کرو۔ والدین، رشتہ داروں، مسکینوں اور مسافروں سے نیک سلوک کرو۔

ہاتھوں کی جلد کو خوبصورت رکھنا

177

روغن، روغن بادام، مکھن اور ملائی کا مساج کرنے سے ہاتھوں کی جلد کا کھردرا پن اور بدرنگی دور ہو جاتی ہے۔

178

حاکم دشمن، جادوگروں اور حاسدین سے حفاظت

وقت ظہر غسل کریں پھر نماز سے فارغ ہو کر 450 مرتبہ حَسۡبُنَا اللّٰہُ وَنِعۡمَ الۡوَکِیۡلُ پڑھیں، کوئی بھی غالب نہ آئیگا۔

179

جنت کی بشارت

حضرت ابوہریرہؓ سے مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو کوئی بھی تکبیر وتلبیہ پڑھتا ہے اسے بشارت دی جاتی ہے۔ پوچھا گیا جنت کی، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہاں!

180

پھنسیوں کا علاج

ایک پیاز کو ایک پاؤ پانی میں ابال کر ساتھ آٹھ روز تک پینے سے پھوڑے پھنسیاں ٹھیک ہو جاتی ہیں۔

181

اولاد کے رشتے کیلئے مجرب عمل

اَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَ يَكْشِفُ السُّوْٓءَ (سورہ نمل: آیت ٦٢) صبح و شام ایک ایک تسبیح ضرور پڑھیں۔

182

مرنے کے بعد جنت

حدیث شریف میں ہے کہ جو شخص آیت الکرسی ہر فرض نماز کے بعد پڑھے گا' مرنے کے بعد جنت میں جائے گا۔

183

دانتوں کو چمکیلا اور سفید رکھنا

سوڈا بائی کاربونیٹ اور نمک برابر مقدار میں ملا کر اس سے برش کرنے سے دانت سفید اور چمکدار ہو جاتے ہیں۔

184

عام بخار

الحمد شریف مع بسم اللہ شریف کے ایک کاغذ پر لکھ کر بطور تعویذ گلے میں ڈال دیں، نیچے نام مریض مع والدہ کا نام بھی لکھیں۔

185

برا کہو۔۔۔

دنیا سامان زیست ہے اور اس کی بہترین متاع صالح عورت ہے اور اگر تمہارا کھانا حسب خواہش نہ ہو تو اس کو برا نہ کہو۔

186

قبض دور کرنے کا آسان نسخہ

پوست ہلیلہ زرد کو پیس چھان کر تھوڑا نمک ملا کر چھ ماشے نیم گرم پانی سے پھانک لیں، قبض دور ہو جائے گا۔

دل کی سوزش و گھبراہٹ

187

33 مرتبہ سورہ طارق دم کریں اوّل و آخر 11,11 مرتبہ درود شریف کے ساتھ۔

اللہ کے کام

188

وہ شخص نہایت بد بخت ہے کہ خود تو مر جائے لیکن اس کا گناہ نہ مرے۔ جو اللہ تعالیٰ کے کاموں میں لگ جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کے کاموں میں لگ جاتا ہے۔

پیٹ کے کیڑوں کیلئے

189

نمک باریک تین ماشہ صبح گائے کی چھاچھ سے پھانک لیا کریں چند روز میں کیڑے ہلاک ہو جائینگے۔

فتوحات

190

اسم رحمن کو تیرہ ہزار مرتبہ باوضو 29 روز تک پڑھیں اسرار الٰہی کے دروازے کھل جائیں گے، رحمن کے ساتھ یا لگائیں "یَارَحْمٰنُ"

امانت سے رزق بڑھتا ہے

191

امانت سے رزق بڑھتا ہے، خیانت سے افلاس آتا ہے۔ خاموشی غصے کا بہترین علاج ہے۔ لوگوں میں بہتر وہ ہے جو سلام میں پہل کرے۔

دل کی گھبراہٹ دور کرنے کیلئے

192

نہار منہ سیب دودھ کے ساتھ کھائیں ☆ سیب اور گاجر کا مربہ صندل کے شربت کیساتھ کھانا دل کیلئے بہت مفید ہے۔

دردِ قلب

193

سورہ الم نشرح پڑھتے رہیں۔ **نظر بد:** سورہ الھمزہ پڑھ کر دم کریں۔ **دشمنوں پر غلبہ پانے کیلئے:** سورۂ کوثر سو بار روزانہ پڑھیں۔

منافق لوگ

194

منافق لوگ جہنم کی سب سے نچلی تہ میں ہوں گے۔ لوگوں کے لئے اچھی بات کہو۔ آج کا کام کل پر مت چھوڑو۔ ہمیں اپنے استاد اور ماں باپ کی عزت کرنی چاہئے۔

گھریلو ٹوٹکہ

195

مچھلی صاف کرنے سے پہلے ہاتھوں اور انگلیوں پر تھوڑا سا نمک اچھی طرح مل لیں اور پھر مچھلی صاف کریں اس طرح مچھلی ہاتھ سے نہیں پھسلتی۔

استخارہ

196

سوتے وقت باوضو تین بار درود شریف دس بار الحمد شریف گیارہ بار سورہ اخلاص پڑھ کر سینے پر دم کر کے کام کا تصور کرتے ہوئے سو جائیں

گھر اور قبرستان

197

''اپنے گھروں میں کچھ نماز کا حصہ ادا کرو ان کو قبرستان نہ بناؤ۔'' ''طلب دنیا میں خوبی کو ملحوظ رکھو۔ جو چیز جس کیلئے پیدا کی گئی ہے اسے مل کر رہے گی،' دعوت دینے والے کی دعوت قبول کرو۔

جھریاں

198

گھیکوار کا گودا یا رس چہرے پر روزانہ لگاتے رہیں۔ اس میں تھوڑا سا روغن بادام ملانا بھی فائدہ مند ہوتا ہے۔

199

سوکڑا

ستر بار الحمد شریف اور ایک بار سورہ قدر پڑھ کر تیل پر دم کریں یہ تیل روزانہ مالش کریں۔ انشاء اللہ بہت زیادہ فائدہ ہوا گا۔

200

اسلام کی خوبی

آدمی کے اسلام کی خوبی امور بے فائدہ کو چھوڑ دینا ہے اور آپ ﷺ نے اس چھت پر سونے سے منع فرمایا ہے جس پر پردے نہ ہوں۔

201

بیش بہا عطیہ

یرقان اور اختلاج کے مریضوں کے لیے سنگترہ قدرت کا بیش بہا عطیہ ہے۔

202

کسی کو تعویذ پلائے گئے ہوں تو

صبح نہار منہ پانی پر 101 بار معوذتین دم کر کے پلائیں اوّل و آخر ایک ایک بار درود شریف۔

203

خدا کو پیارا عمل

خدا کو وہ عمل پیارا ہے جو ہمیشہ کا ہو اگرچہ تھوڑا ہو۔ اللہ کے نزدیک سب سے پیارا نام عبداللہ ہے۔ (کنوز الحقائق)

204

نزلہ زکام کیلئے

برگ بانسہ ایک تولہ جوش دیکر پینا نزلہ د زکام کیلئے بے حد مفید ہے۔

جادو سحر، کند ذہنی

205

11 بار سورہ مزمل پانی پر دم کر کے صبح نہار منہ 40 دن پلائیں اول و آخر 11 بار درود شریف پڑھیں۔

فرمان نبوی ﷺ

206

تم میرے پاس حسب نسب کو لے کر نہ آؤ بلکہ اعمال لے کر آؤ اور جو شخص اپنے ظلم پر بددعا کرتا ہے وہ اپنا بدلہ لے لیتا ہے۔

سکون ہی سکون

207

آنکھوں کا ورم دور کرنے کیلئے آلو کے چھیلے ہوئے بھگوئے آنکھوں پر رکھنے سے بہت سکون ملتا ہے۔

208

جادو کا اثر

لوبان باریک پیس لیں 111 مرتبہ سورہ فلق اس پر دم کریں رات کو سارے گھر میں دھونی دیں، 41 یوم۔ ان شاء اللہ جادو ختم ہو جائیگا

209

عاقل لوگ

عاقل وہ ہے جو کسی چیز سے ڈرنے اور اس میں مبتلا ہونے سے پہلے ہی اس کا اہتمام اور بندوبست کر رکھے۔

210

بھاپ پڑ جائے

بھاپ سے جسم کا کوئی حصہ جل جائے تو اس پر کچا آلو رگڑیں، آبلہ نہیں پڑے گا۔

طلب رزق

211

بعد نماز عصر چودہ مرتبہ سورہ واقعہ پڑھے (سلام کے بعد اسی حالت میں بیٹھ کر پڑھے تو بہتر ہے)

بغیر عورت مرد

212

فرمان نبوی ﷺ ہے کہ مرد بغیر عورت کے مسکین ہے اور عورت بغیر مرد کے مسکینہ ہے۔ خواہ وہ مالدار ہی ہوں۔

کلونجی کے فوائد

213

کلونجی قریباً 11 دانے روزانہ رات کو پانی کے ساتھ کھائیں ہاتھ پاؤں کے سن ہونے میں انشاء اللہ افاقہ ہو گا۔ حدیث پاک ہے "کلونجی میں سوائے موت کے ہر مرض کی شفاء ہے"۔

214

دین پر استقامت کیلئے

یَامُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِیْ عَلٰی دِیْنِكَ

کثرت سے ورد رکھیں۔

215

اللہ کی راہ

جو شخص علم کی تلاش میں نکلا۔ وہ اپنی واپسی تک گویا اللہ تعالیٰ کی راہ میں چلتا رہا۔

216

آنکھوں کے ورم کیلئے

آنکھوں کا ورم دور کرنے کیلئے آلو کے چھلے ہوئے ٹکڑے آنکھوں پر رکھنے سے بہت سکون ملتا ہے۔

قضائے حاجت

217

کٓھٰیٰعٓصٓ، حٰمٓعٓسٓقٓ (2050) مرتبہ روز 40 دن پڑھیں اور اکتالیسویں دن سے 141 بار ورد رکھیں۔

حقیقی صبر

218

حقیقی صبر مصیبت کو اولاً ہی برداشت کر لینا ہے اور مسلمان کے اسلام کی خوبیوں میں سے بڑی خوبی لا یعنی باتوں کو ترک کرنا ہے۔

متلی اور قے

219

تازہ سنگترہ کہیں رکھ دیں پڑا پڑا سوکھ جائے تو پیس کر گولیاں بنالیں۔ یہ گولیاں ہیضہ، قے اور متلی کو ختم کر دیتی ہیں، روزانہ پانچ گولیاں کھائیں۔

حصول ملازمت

220

بعد نماز فجر وَاللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِيْم 325 مرتبہ اوّل و آخر 7,7 بار درود شریف کے ساتھ پڑھیں پھر دعا کریں۔

نیکی کا بدلہ نیکی

221

نیکی اور بھلائی کے کاموں میں ایک دوسرے سے تعاون کریں۔انسان بڑا ہی جلد باز واقع ہوا ہے۔ کیا نیکی کا بدلہ نیکی کے سوا اور بھی کچھ ہو سکتا ہے؟

لہسن کے فائدے

222

لہسن کو سرکے میں رگڑ کر سانپ بچھو یا باولے کتے کے زخم پر لیپ کرنے سے زہر کا اثر دور ہو جاتا ہے۔

اٹھراء کیلئے

223

الحمد شریف اور آیت الکرسی لکھ کر گلے میں باندھ دیں۔ دفع مشکلات کیلئے: اوّل و آخر 7,7 بار درود شریف اور الحمد شریف 49 بار۔

بری ترین چیز

224

ایسی نعمت کسی کو بھی نہیں ملی جو صبر سے بہتر اور بڑی ہے۔ حلال چیزوں میں کوئی چیز خدا تعالیٰ کے نزدیک ایسی بری نہیں جتنی طلاق۔

ہونٹوں کی سیاہی دور کرنے کیلئے

225

ہونٹوں کے اندر کے حصے کو کھرچ لیں اور ایک چائے کا چمچ لیموں کا رس ڈال کر ہونٹوں پر پانچ منٹ تک لگا رہنے دیں۔

تبادلے کا مجرب عمل

226

تبادلہ کرانا مقصود ہو تو بعد نماز عشاء 41 مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر 40 روز تک دعا کریں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے تبادلہ ہو جائے گا۔

انسان کو وہی کچھ ملتا ہے

227

انسان کو وہی کچھ ملتا ہے جس کی انسان کوشش کرتا ہے۔ جو شخص عزت کا خواہاں ہو اس کو چاہیے کہ اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری کرے کیونکہ عزت خدا کی دین ہے۔

کسی فنکشن میں جانا ہو تو۔۔

228

کسی فنکشن میں جانا ہو تو جاتے ہوئے جرابیں اتار لیں پاؤں صاف ستھرے اور خوبصورت لگیں گے۔
ناخنوں کی چمک کیلئے ان پر لیموں کا رس لگائیں ناخن چمکدار ہو جائینگے۔

بھوک پیاس نہ لگے

229

یَامُقِیْتُ ہر فرض نماز کے بعد 21 بار پڑھ کر انگلیوں پر دم کر کے سونگھ لیں ۔انشاء اللہ بہت جلد افاقہ محسوس کریں گے

تم شاکر ہو۔۔

230

زمین و آسمان میں غور وفکر کرنے والوں کیلئے بڑی نشانیاں ہیں ۔نعمت کا ملنا آزمائش ہے کہ تم شاکر ہو یا ناشکر گزار۔

ہمیشہ کیلئے چھپکلی بھگائیے

231

جس کمرے یا کچن میں چھپکلی نظر آئے وہاں پر مور کے چند پر رکھ دیں یا کسی خوبصورت بوتل یا گلدان میں لگا کر سجا دیں چھپکلی کمرے میں نہیں آئے گی۔

گھریلو پریشانی کسی بھی قسم کی

232

41 بار سورۃ فاتحہ اول و آخر درود شریف 41 بار پڑھ کر پانی پر دم کریں اور سب گھر والے پیئیں خوب فائدہ ہوتا ہے۔

ناشکری نہ کرو

233

عورتوں کا بھی تم پر ایسا ہی حق ہے جیسا تمہارا حق عورتوں پر ہے۔ والدین، رشتہ داروں، مسکینوں اور مسافروں سے نیک سلوک کرو۔ ناشکری نہ کرو۔ خدا کی یاد عظیم ترین شے ہے۔

گرینڈر کے بلیڈ تیز کرنا

234

گرینڈر میں ایک کھانے کا چمچ نمک اور ایک چائے کا چمچ میٹھا سوڈا ڈال کر تقریباً دس منٹ تک چلائیں، بلیڈ تیز ہو جائیں گے۔

کمزوری دماغ وحافظہ

235

یَاقَوِیُّ 11 مرتبہ ہر فرض نماز کے بعد دایاں ہاتھ سر پر رکھ کر پڑھے۔

فرمانِ نبوی ﷺ

236

ایسی نعمت کسی کو بھی نہیں ملی جو صبر سے بہتر اور بڑی ہے اور اپنے پیٹوں کا کچھ حصہ پر کرو۔ کیونکہ پیٹ تمام بیماریوں کا سر ہے۔

گوبھی کا بادی پن

237

گوبھی پکانے کے بعد پانچ کالی مرچیں پیس کر اوپر چھڑک دیں' بازاری پسی کالی مرچ استعمال نہ کریں' بلکہ ثابت کو پیس کر ڈالیں۔

238

شادی کروانے کیلئے آسان عمل

شادی نہ ہوتی ہو تو ہر نماز فرض کے بعد 21 بار یہ پڑھیں، رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّ اَنْتَ خَیْرُ الْوَارِثِیْنَ ط

238

تباہی میں کوتاہی

کسی پر ظلم اور زیادتی نہ کرو۔ ہر حالت میں انصاف کرو۔ اپنے سوا کسی کو بھیدی نہ بناؤ کیونکہ دوسرے تمہاری تباہی میں کوتاہی نہیں کریں گے۔

240

پیچش وسنگرہنی

آم کے پتوں کو سایہ میں خشک کر کے باریک کپڑ چھان کریں اور دن میں تین بار صبح دوپہر شام چھ چھ ماشہ ہمراہ آب گرم دیں۔

241

جسم میں گرمی ہو تو

یَانَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّ سَلَامًا عَلٰی اِبْرَاهِیْم

11 سو مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر لیں یہ پئیں۔

242

قربانی کا خون

حدیث شریف میں ہے ایک شخص کھڑا ہوا اور اس نے سوال کیا کہ کون سا حج افضل ہے آپ ﷺ نے فرمایا وہ حج افضل ہے جس میں لبیک کو بلند آواز سے کہنا اور قربانی کا خون بہانا ہو۔

243

قے فوراً بند کرنے کیلئے

کچے سیب کا پانی نچوڑ کر قدرے نمک ملا کر پی لیں۔ قے فوراً بند ہو جائے گی۔

حصول اولاد

244

ہر نماز کے فرضوں کے بعد یہ دعا تین بار خلوص دل سے پڑھا کریں، رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّ اَنْتَ خَیْرُ الْوَارِثِیْنَ○

اللہ کا فخر

245

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا اللہ تعالیٰ طواف کرنے والوں پر فخر کرتے ہیں۔

کھانسی

246

ایک لیموں کا عرق نکال کر اس میں لونگ کا سفوف ایک رتی ملا کر ایک چھٹانک پانی میں حل کر لیجیے، اسے آٹھ آٹھ گھنٹے کے وقفہ سے نوش فرمائیے۔

یاحمیدُ کے فوائد

247

جس کی گندی باتوں کی عادت نہ جاتی ہو وہ 90 بار یَاحَمِیْدُ پڑھ کر کسی خالی پیالے یا گلاس میں دم کر کے حسب ضرورت پانی پیا کرے۔

فاقہ سے محفوظ رہنے کیلئے

248

حضرت ابن مسعودؓ نے حضور اکرمؐ کا ارشاد نقل کیا ہے جو شخص ہر رات کو سورۃ واقعہ پڑھے اس کو کبھی فاقہ نہ ہوگا۔ (فضائل قرآن)

آنکھوں کے گرد سیاہ حلقوں کیلئے

249

آنکھوں کے گرد آہستہ آہستہ روغن زیتون یا روغن بادام کی مالش کریں۔

چوری سے محفوظ

250

یَا جَلِیۡلُ: دس بار پڑھ کر جو اپنے مال و اسباب اور رقم وغیرہ پر دم کر دے انشاء اللہ عزوجل چوری سے محفوظ رہے گی۔

ارشاد نبوی ﷺ

251

آپ ﷺ نے فرمایا کہ مجھے حکم دیا گیا کہ تقریر، گفتگو میں اختصار کیا کروں۔ اس لیے کہ مختصر بات چیت بہتر ہوتی ہے۔ جو شخص علم کی تلاش میں نکلا۔ وہ اپنی واپسی تک گویا اللہ تعالیٰ کی راہ میں چلتا رہا۔

اکسیر تلی

252

پختہ میٹھے آموں کا رس ایک چھٹانک لیکر اس میں ایک تولہ شہد شامل کر کے روزانہ پلائیں، کچھ عرصہ کے استعمال سے تلی کا ورم دور ہو جائیگا۔

لاعلاج مریض کی صحت کیلئے

253

تمام شکوک دور کرنے یقین کی نعمت پیدا کرنے اور لاعلاج مریض کی صحت کیلئے آللہُ کا ہزار بار روزانہ ورد رکھیں، انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

مسکین کی نسبت

254

مسکین کی نسبت آپ ﷺ کا ارشاد ہے کہ کسی مسکین کو دروازے سے خالی نہ پھیرو۔ گو چھوہارے کا ایک ٹکڑا ہی کیوں نہ دو۔

گرمی توڑ شربت

255

گرمیوں کے موسم میں اناناس کا شربت پینے سے دل اور دماغ کو فرحت حاصل ہونے کے علاوہ پیاس بجھ جاتی ہے۔

آفتوں سے بچنے کیلئے

256

بیمار کیلئے آفتوں سے محفوظ رہنے اور صحیح سلامت اس دنیا سے رخصت ہونے کیلئے اَلسَّلَامُ کا ورد کریں۔

پسندیدہ عمل

257

حضرت ابن عمرؓ سے مروی ہے کہ آپ ﷺ جب مکہ مکرمہ تشریف لاتے تو آپ ﷺ کا سب سے زیادہ محبوب اور پسندیدہ عمل خانہ کعبہ کا طواف ہوتا۔

نکسیر کے لیے آسان ٹوٹکہ

258

سرکے میں روئی اور کپڑا بھگو کر ناک کے سوراخ میں رکھ لینے سے نکسیر بند ہو جاتی ہے۔

گم شدہ چیز کیلئے

259

جب گمشدہ چیز کی خبر ملے فوراً بلا تاخیر اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ ٥ (سورۃ بقرہ آیت نمبر 156) گیارہ مرتبہ پڑھ لے چیز مل جائے گی۔

آج ہی جنا ہو۔۔۔

260

حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو خانہ کعبہ کا طواف 50 مرتبہ کرے وہ گناہوں سے ایسے نکل جائیگا گویا کہ اس کی ماں نے اسے آج ہی جنا ہو۔

خشک کھانسی

261

خشک کھانسی میں کیلے اور کھجور کو مکھن میں پیس کر کھانا مفید ہے، اس طرح خشک کھانسی کیلئے بادام بھی فائدہ مند ہوسکتا ہے۔

بیماری دور

262

یَاوَاجِدُ: جو کوئی کھانا کھاتے وقت ہر نوالہ پر پڑھا کرے گا انشاء اللہ عزوجل وہ کھانا اس کے پیٹ میں نور ہوگا اور بیماری دور ہوگی۔

نرمی اختیار کرو

263

ایک دفعہ حضرت عائشہ صدیقہؓ نے اونٹ کی سرکشی پر اسے دوڑا کر نرم کرنا چاہا۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا ''ذرا نرمی اختیار کرو''

تقویت اعضائے رئیسہ

264

مغز اخروٹ کو منقیٰ' بادام اور انجیر وغیرہ کے ساتھ کھانا مقوی اعضائے رئیسہ ہے' دماغ کیلئے خاص طور پر تقویت بخش ہے۔

زیارت رسول اللہ ﷺ کیلئے

265

سوتے وقت ایک ہزار مرتبہ سورۃ الکوثر اور ایک ہزار مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

اللہ کی عظمت

266

''تم میں سے جو قصداً قسم کھانے پر دلاور ہے وہ جہنم کی آگ پر جراءت کرتا ہے۔'' ''رات کی آخری نماز وتروں کو بناؤ۔ (الایہ کہ بعد میں دو رکعات نفل یا تہجد پڑھنی ہو تو)'' ''اپنے اور حرام کے درمیان حلال کا پردہ حائل کر دیا کرو'' ''اللہ کی عظمت کرو وہ تم کو بخش دے گا۔'' (کنوز الحقائق)

اٹھرا کیلئے

267

ایک تولہ دھماسہ بوٹی کوٹ کر سفوف بنا لیں، تین ماشہ خوراک صبح خالی پیٹ کھا لیا کریں اٹھرا کی بیماری جاتی رہے گی۔

برائے نیک اولاد

268

سورۃ یوسف لکھ کر حاملہ عورت کے گلے میں تعویذ باندھا جائے تو انشاء اللہ فرزند نیک و دیندار پیدا ہوگا۔

اکتانہ جائیں

269

حضرت ابن مسعودؓ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہم کو ناغہ دے کر نصیحت فرماتے تھے کہ ہم لوگ اکتانہ جائیں۔

اکسیر ذیابیطس

270

سایہ خشک کیے ہوئے آم کے پتے ایک تولہ کو آدھ سیر پانی میں جوش دیکر آدھ پاؤ پانی باقی رہنے پر کپڑے میں چھان کر صبح شام مریض کو پلا دیا کریں۔

اسم اعظم برائے ہر کام

271

اپنے نام کے اعداد کے موافق طاق عدد اسماء الٰہی کا ورد ہر نماز کے بعد ایک تسبیح ضرور کریں۔

علم مال سے بہتر

272

علم مال سے بہتر ہے، کیونکہ مال خرچ کرنے سے گھٹتا ہے اور علم خرچ کرنے سے بڑھتا ہے۔"اپنی صفوں کو پورا کرو با لتحقیق میں تم کو پس پشت سے بھی (معجزہ کے طور پر) دیکھتا ہوں۔"جو چیز نشہ دے اس سے پرہیز کرو۔" "جس کو جنون جذام یا برص ہو اس کے ساتھ نکاح کرنے سے بچو۔"

آنکھوں کی سرخی کیلئے

273

برف کی ٹکور کرنے سے آنکھوں کو ٹھنڈک محسوس ہوتی ہے اور آنکھوں کی لالی دور ہو جاتی ہے۔

اندیشہ وخوف

274

اَلْحَسِیْبُ اگر کسی سے تشدد احتساب کا اندیشہ ہو یا کسی بھائی برادری سے کسی معاملہ میں خوف ہو تو 7 روز تک قبل طلوع آفتاب و مغرب اس کو 20 مرتبہ پڑھا کرے۔

علم کی قوت

275

علم کی قوت جب حد سے بڑھ جائے تو مکاری اور بسیار دانی پیدا ہو کرتی ہے اور جب ناقص ہو تو حماقت پیدا کرتی ہے۔

جگر کی کمزوری

276

چھ ماشہ آم کے پتوں کو سایہ میں خشک کر کے پاؤ بھر پانی میں جوش دیں' آدھ پاؤ پانی رہنے پر چھان کر کسی قدر مٹھائی ملا کر صبح وشام استعمال کریں۔

عزت پانے کیلئے

277

اَلْمَلِكُ غنی ہونے، قلب روشن ہونے، دشمن کو مغلوب کرنے اور اہل دنیا کی نظر میں عزت پانے کیلئے اکسیر ہے۔

اللہ کی رضا

278

ہر حال میں اللہ کی رضا پر ہی راضی رہو۔ غم کتنا بھی سنگین ہو نیند سے پہلے تک ہوتا ہے۔ غلطی کا اعتراف کرنا مزید غلطی سے بچاتا ہے۔ مشکلات کے ڈسنے سے اتنی تکلیف نہیں ہوتی جتنی کسی دوست کے بے رخی برتنے سے ہوتی ہے۔

ڈاڑھ درد کیلئے

279

ڈاڑھ یا دانت میں درد ہو رہا ہو تو چٹکی بھر میٹھا سوڈا اور چٹکی بھر سفید نمک مکس کر کے مل دیں، درد ختم ہو جائے گا۔

ہر مشکل کا وظیفہ

280

حضور ﷺ کا معمول تھا کہ ہر مشکل میں سجدہ میں جا کر پڑھتے یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ اور اس پر مداومت بھی حدیث سے ثابت ہے۔

دنیا و آخرت

281

بیشک دنیا تمہارے لیے پیدا کی گئی ہے اور تم آخرت کے لیے پیدا کیے گئے ہو۔ "شراب پینے سے پرہیز کرو کیونکہ یہ ہر برائی کی چابی ہے۔" "غضب و غصہ سے بچو۔' ہر ایک نشہ کرنے والی چیز سے بچو۔'

گرمی کا بخار

282

انسان کو زیادہ دھوپ میں چلنے پھرنے سے بھی بخار ہو جاتا ہے بس دن میں دو تین مرتبہ تربوز حسب دلخواہ کھلا دیں، بخار اتر جائیگا۔

جن بھوت سے بچنے کیلئے

283

صبح وشام تین تین بار معوذ تین پڑھ کر تین بار بدن پر ہاتھ پھیر لیں۔

جانوروں پر شفقت

284

جانوروں پر حضور اکرم ﷺ کی شفقت دیکھ کر لوگ سفر میں جب قیام کرتے تو پہلے اونٹوں وغیرہ کو چارہ ڈالتے اور پھر نماز پڑھتے۔

آنکھوں کی تکلیف کیلئے

285

جس آنکھ میں تکلیف ہو اس کے مخالف پیر کے ناخن میں آک کا دودھ بھر دیں۔ آنکھ ٹھیک ہو جائے گی۔

286

صالح اولاد

قلب کو روحانی امراض سے پاک کرنے، دل روشن کرنے، ذہن تیز کرنے، اولاد صالح کے حصول کیلئے "اَلْقُدُّوْسُ" ہر نماز کے بعد ایک تسبیح کریں

287

پسند نہ فرماتے

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سخت گو، بد مزاج، عیب جو اور مبالغہ کرنے والوں کو پسند نہ فرماتے۔

289

کان درد کیلئے

کان میں سرکہ کا بھپارہ دینے سے کان کا درد اور بہرہ پن دور ہو جاتا ہے۔

تبادلہ کی منسوخی

290

تبادلہ رکوانے کیلئے بعد نماز عشاء 19 روز تک سورہ الھب 19 مرتبہ پڑھ کر دعا کریں۔

ذمی کی تکلیف

291

حضور اکرم ﷺ نے فرمایا جس نے ذمی کو تکلیف دی اس نے گویا مجھ کو تکلیف دی

دل کا درد

292

دل کے درد کیلئے دو چھوٹی الائچی روزانہ کھائیں اور خود فائدہ محسوس کریں۔

293

خیر و برکت کیلئے

سَلٰمٌ قَوۡلًا مِّنۡ رَّبٍّ رَّحِیۡمٍ ﴿ (سورہ یٰسین کی آیت نمبر 58) ہر روز 500 مرتبہ پڑھیں۔

294

ملنے والوں کی خاطر

ملنے والوں کی خاطر آپ ﷺ نماز کو مختصر فرما دیا کرتے۔ منافق کو (اپنا) سردار مت کہو! ایسا کہو گے تو اپنے رب کو ناراض کر لو گے۔ جب کوئی تم کو دعا دے تو تم بھی دعا دو۔ اس سے بہتر یا وہی۔

295

سردی زیادہ لگے

مچھلی کا تیل استعمال کرنے سے ہاتھ پیروں کی ٹھنڈک جاتی رہتی ہے۔

تلاش گمشدہ

296

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھ کر اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ ○ (سورۃ بقرہ آیت نمبر 156) پڑھے پھر تلاش کریں۔

وہ شخص جھوٹا نہیں

297

وہ شخص جھوٹا نہیں ہے جو دو شخصوں میں صلح کرا دے۔ نیک بات کہے یا اپنی طرف سے نیک بات ملا دے جو شخص اپنے ظالم پر بد دعا کرتا ہے وہ اپنا بدلہ لے لیتا ہے۔

پھوڑے پھنسیوں کیلئے

298

فالسے کے پتے باریک پیس کر پھوڑے پھنسیوں پر لگائیں تو آرام آجاتا ہے۔

299

فراخی رزق

کسی بھی نماز کے بعد اسم یَا وَھَّابُ 300 مرتبہ درود رکھیں اوّل و آخر تین تین بار درود شریف۔

300

موت کی سختی

حضرت ابو دردا ؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس میت کے سرہانے سورۂ یٰسین پڑھی جائے تو اللہ تعالیٰ اس پر موت کی سختی آسان کرتا ہے۔ (نور الصدور)

301

پیٹ کے کیڑوں سے نجات

شفتالو اور شریفے کے کھانے سے پیٹ کے کیڑے مرجاتے ہیں۔

302

تسخیر خلائق کیلئے

دل میں نرمی پیدا کرنا غفلت دور کرنا' آفات دنیوی سے محفوظ رہنے' فتوحات اور تسخیر خلائق کیلئے آلرَّحمٰنُ کا پڑھنا اکسیر ہے۔

303

ہر ضرورت پوری ہو

آگ سے بچو خواہ کھجور کا ایک ٹکڑا خیرات کر کے ہی سہی ۔ہر ضرورت پوری ہو: عطار بن ابو ریاحؒ فرماتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص صبح کو سورۂ یٰسین پڑھے گا اس کی ضرورتیں پوری ہو جائیں گی۔ (دارمی)

گلے کی سوزش

304

پاؤ بھر پانی کو نیم گرم کر کے اس میں شہد ڈال کر غرارے کریں' انشاء اللہ گلے کی سوزش ختم ہو جائے گی۔

305

چیچک سے حفاظت کیلئے

نیلا دھاگہ لیں اور اس پر سورۂ رحمن پڑھیں جب فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ آئے تو پھونک مار کر ایک گرہ لگائیں پھر گلے میں باندھ دیں۔

306

مومن کیلئے جائز نہیں

تھوڑی چیز جو کفایت کر سکے اس سے بہتر ہے جو کثرت سے ہو لیکن غافل کر دے۔

کسی مومن کیلئے جائز نہیں کہ اپنے مسلمان بھائی سے تین دن سے زیادہ قطع تعلق کرے۔

307

آدھے سر کا درد

مخالف ناک کے نتھنے (جس طرف درد اس کی الٹی طرف کے نتھنے) میں ایک قطرہ شہد ٹپکا دیں۔

کوئی غالب نہ آسکے

308

بعد نماز فجر 94 مرتبہ یَاعَزِیْزُ پڑھتے رہیں' انشاء اللہ چند دنوں میں اس کے نتائج ملیں گے۔

مل کر کھانا کھاؤ

309

مل کر کھانا کھاؤ اس میں برکت ہوگی۔'فتویٰ دینے پر وہ دلاور ہوں گے جو جہنم پر جانے کی پرواہ نہ کرتے ہوں'۔اپنے اور آگ کے درمیان پردہ قائم کرو اگرچہ کھجور کا کچھ حصہ صدقہ کرنے ہی سے کیوں نہ ہو۔" (کنوز الحقائق)

سکتہ کے خاتمہ کیلئے

310

ہینگ لیں اور اسے عرق سونف میں ڈال کر پیس لیں' مریض کو یہ سنگھانے سے سکتہ دور ہو جاتا ہے۔

حصول غنا و کشائش

311

ہر نماز کے بعد سورۃ الم نشرح 3 بار الحمد شریف ایک بار سورۃ قدر گیارہ مرتبہ پڑھیں۔

قے کھانے والا

312

چیز کو مفت دے کر واپس لینے والا ایسا جیسا اپنی قے کو کھانے والا۔ ہمت والوں کے آگے ہر مشکل آسان ہو جاتی ہے۔

نزلہ زکام کیلئے

313

ایک بڑا چمچہ شہد ایک گلاس پانی میں ملا لیجئے پھر ایک چمچہ ادرک کا رس ملا لیجئے۔ دن میں تین مرتبہ لیں۔

314

حصول اسم اعظم کا نایاب طریقہ

بزرگ فرماتے ہیں کلمہ کے انوار و برکات اپنے رگ و ریشہ میں بساؤ تاکہ یہ کلمہ دل کی گہرائیوں تک پہنچتا ہو مرتے وقت جان کے ساتھ جائے۔ حصول اسم اعظم کا نایاب طریقہ: ہر فرض نماز کے بعد 66 مرتبہ اسم اللہ پڑھیں۔

315

مسکراہٹ خوبصورتی کی علامت

مسکراہٹ خوبصورتی کی علامت ہے اور خوبصورتی زندگی کی۔ ماں ایک مقدس ہستی ہے۔ انسان عقل سے پہچانا جاتا ہے شکل سے نہیں۔ نصیب اور مصیبت کا پھل بہت میٹھا ہوتا ہے۔

316

پیٹ درد کیلئے

کریلوں کا پانی پینے سے پیٹ کے درد کو آرام آتا ہے۔

آگ کھولنا

317

بعض لوگ چولہا باندھ دیتے ہیں اس کا علاج یہ ہے کہ سورۃ مزمل تین بار پانی پر دم کر کے آگ پر چھینٹیں ماریں اور چولہا کے چاروں طرف بھی۔

صادق امن میں رہتا ہے

318

دلوں کو اس بنا پر پیدا کیا گیا ہے کہ جو ان سے نیکی کرے گا۔ اس سے یہ محبت کرتے ہیں اور جو ان سے برائی کرتے ہیں اس کے دشمن ہو جاتے ہیں۔ عالم کم سرد مزاج اور خردمند ہوتا ہے۔ صادق اس میں دوڑتا ہے اور امن میں رہتا ہے۔

صبح چاق و چوبند اٹھنے کیلئے

319

ایک چمچہ شہد ایک پیالی دودھ میں ڈال کر رات کو سوتے وقت پی لیجئے تو صبح نہایت چاق و چوبند اور تازہ ہو کر اٹھیں گے۔

320

غیب سے روزی کا حصول

اَلرَّحِیۡمُ دل میں رقت وشفقت پیدا کرنے، خاتمہ بالخیر ایمان پر ہونے، غیب سے روزی حاصل کرنے کیلئے مفید ہے۔

321

جو مسکین پر ہنستا ہے

وہ جو مسکین پر ہنستا ہے گویا اس کے بنانے والے کی حقارت کرتا ہے اور وہ جو اوروں کی مصیبت سے خوش ہوتا ہے بے گناہ نہ ٹھہرے گا۔

322

منہ کے چھالوں کیلئے

کافور اور کتھہ لیجئے اور اسے پیس کر دن میں تین چار باران چھالوں پر ملیئے، انشاء اللہ افاقہ ہوگا۔

323

ڈر کیلئے

سورۂ عصر لکھ کر گلے میں باندھ دیں' انشاء اللہ ڈر یا خوف سے نجات مل جائے گی۔ ڈر اور خوف کیلئے آیۃ الکرسی بھی اکسیر ہے۔

324

زبان کو نہ پھسلنے دو

وہ جس کے دل میں برائی ہے' بھلائی نہ پائے گا اور جس کی زبان میں نکتہ چینی ہے' آفت میں گرے گا۔ پاؤں پھسل جائے پھسلنے دو مگر زبان کو نہ پھسلنے دو۔
دنیا کی محبت تمام برائیوں کی جڑ ہے

325

دردِ سر کیلئے

ذرا سا نمک کھائیے اور پھر اس کے دس منٹ بعد ٹھنڈا پانی پی لیجئے' بہت جلد شفا نصیب ہوگی۔

ہر مقصد کیلئے وظیفہ

326

ہر مقصد کے حصول کیلئے الصلوٰۃ والسلام علیك علی رسول اللہ' ایک ہزار بار پڑھ کر دعا مانگا کریں ہر وقت ورد میں رکھیں۔

جو شکر ادا نہیں کرتا

327

وہ شخص لوگوں کا ممنون احسان مند نہیں ہوتا' وہ اللہ تعالیٰ کا بھی شکر ادا نہیں کرتا۔

دنیا یہ نہیں دیکھتی کہ تم پہلے کیا تھے بلکہ یہ دیکھتی ہے کہ تم اب کیا ہو' جو کم سوچتے ہیں وہ زیادہ بولتے ہیں اور جب عقل کامل ہو جائے تو کلام کم ہو جاتا ہے۔

نظر تیز کرنے کیلئے

328

گاجروں کا زیادہ سے زیادہ استعمال کریں۔اس سے آنکھوں کی بینائی بڑھاپے میں بھی خراب یا کمزور نہیں ہو سکتی۔

تمام کاموں میں کفیل

329

اللہ تعالیٰ تمام کاموں میں کفیل کر دے: چار سو پچاس مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ نِعْمَ مَوْلَا وَنِعْمَ النَّصِيْرُ روز پڑھیں۔

دشمن پر احسان کرو

330

بادشاہوں کی طرف سے معافی بقائے سلطنت کا ذریعہ ہوتی ہے۔ جلد باز ہمیشہ منہ کے بل گرتا ہے۔ دشمن پر احسان کرو وہ دوست بن جائے گا۔ بہترین نعمت اچھا اخلاق ہے۔

قے روکنے کیلئے

331

بار بار قے اور متلی آتی ہو تو دو تین بار چھوٹی الائچی چبانے سے متلی اور قے بند ہو جاتی ہے۔

حافظہ کو قوی کرنے کیلئے

332

حافظہ کو قوی کرنے کیلئے یاذوالجلال والاکرام اکسیر ہے صبح و شام ایک ایک تسبیح کا ورد رکھیں۔ (ترمذی' مجموعہ وظائف)

بخل اور ایمان

333

آدمی اس شخص کے ساتھ جس سے وہ محبت کرتا ہے' وہ شخص ہلاک نہیں ہوگا جس نے اپنی پہچانی۔ بخل اور ایمان ایک دل میں جمع نہیں ہو سکتے۔ جو چیز اولاد کیلئے بازار سے لاؤ پہلے لڑکی کو دو پھر لڑکے کو۔

بلغمی کھانسی کیلئے

334

نیم برشت انڈے کی زردی دو رتی ہینگ میں ملا کر کھانے سے بلغمی اور پرانی کھانسی ختم ہو جاتی ہے

کشائش رزق

335

صبح کو سورۃ یٰسین رات کو سورۃ واقعہ پڑھیں۔

آدھے سر کا درد: جسے نصف سر یا تمام سر کا درد ہو اسے سورۃ الم السجدہ (پ 21) لکھ کر باندھ دیں ٹھیک ہو جائے گا۔

کنگھی کے دندانے

336

آدمی آپس میں ایسے ہیں جیسے کنگھی کے دندانے' دولت مندی دل کی دولت مندی ہے۔"عالم کی لغزش سے بچو اور اس کے رجوع کا انتظار کرو۔"
"جذامی سے ایسے بچو جیسے کہ شیر سے بچا جاتا ہے۔"

چاندی کے برتنوں کیلئے

337

جس پانی میں آلو ابالے گئے ہوں اس پانی سے چاندی کے برتن دھوئیں تو صاف ہو جاتے ہیں۔

338

سمندر میں تلاطم کے وقت

سورۂ قلم "اِقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ" پوری پڑھے انشاء اللہ سمندر میں طوفان ختم ہو جائے گا۔

339

اندھا اور بہرہ

کسی چیز سے بے حد محبت کرنا تمہیں اندھا اور بہرہ کر دیتا ہے۔ گناہ سے توبہ کرنے والا بے گناہ کی مانند ہوتا ہے۔ "اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور اپنی اولاد میں عدل کرو۔" قرآن پڑھو اور رویا کرو ورنہ زبردستی رونا پیدا کرو۔ "تم میں سے پوری عقل والا وہ ہے جو اللہ سے خوف والا ہو۔" (کنوز الحقائق)

340

فالج یا لقوہ ہو

اگر کسی کو فالج یا لقوہ ہو جائے تو اُس مریض کو جنگلی کبوتر کی آٹھ دن یخنی نکال کر پلا دیں، انشاء اللہ افاقہ ہو گا۔

موذی جانوروں سے حفاظت

341

ایک طشت میں سورۃ قلم پوری لکھیں اور اس کو کنوئیں کے پانی سے دھو کر گھر میں چھڑکیں گھر سے موذی جانور سانپ بچھو وغیرہ بھاگ جائیں گے۔

بیزار مت ہو

342

خداوند تعالیٰ کی تنبیہہ کو حقیر مت جان اور اس کی تادیب سے بیزار مت ہو کیونکہ خدا تعالیٰ جس کو پیار کرتا ہے اس کو تنبیہہ کر دیتا ہے۔

دل کی گھبراہٹ سے نجات

343

بادام کی گری 11 عدد، سبز الائچی 7 دانے، زرشک شیریں ایک تولہ ان کو خوب رگڑ کر چینی ملا کر چٹنی بنائیں۔ اور تھوڑی تھوڑی کھائیں۔

344

دانت کا درد

(سورۃ یسین کی آیت نمبر 8) "اِنَّا جَعَلْنَا فِیْٓ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِیَ اِلَی الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ ط۔ مع بِسْمِ اللّٰہ مکمل لکھ کر پانی میں دھو کر پلائیں۔

345

دانش مند

اپنی نگاہ میں اپنے آپ کو دانش مند مت جان ۔خداوند تعالیٰ سے ڈر اور بدی سے باز رہ ، بہترین کام وہ ہے جو اعتدال سے کیا جائے۔

346

ہچکی روکنا آسان

ہچکی آرہی ہو تو لونگ کھالیں۔ہچکی بند ہو جائے گی۔

مصائب و آرام

347

ایک ہفتہ تک فجر کی سنتوں اور فرض کے درمیان اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ 121 بار "رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ" پڑھیں۔

شریر کی بدکاریوں کا انجام

348

شریر کی بدکاریاں اسے پکڑ لیں گی اور وہ اپنے ہی گناہ کی رسیوں میں جکڑا جائے گا۔

بالوں سے حفاظت

349

ناریل کے روغن میں لیموں کا ذرا سا عرق ملا لیجئے اور اس تیل کی سر پر مالش کیجئے۔ چند روز ایسے ہی کیجئے۔ سر کی خشکی دور ہو جائے گی۔

کفار کی مغلوبیت اور مسلمانوں کے غلبہ کے لیے

350

"رَبَّنَا اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْم ط" کی کثرت کریں۔

مومن کی زبان

351

قوم کا سردار قوم کا خدمت گار ہوتا ہے مجلسیں امانت کے ساتھ وابستہ ہیں، مومن کی زبان دل سے پیچھے رہتی ہے۔

دانت کے کیڑے

352

چنبیلی کے کچھ پتے لیجئے اور انہیں پانی میں ابال لیجئے۔ ہر صبح نہار منہ اس پانی سے غرارے کیجئے۔ دانتوں کے کیڑے ختم ہو جائیں گے۔

353

ظالموں سے نجات کے لیے

(سورۃ نساء کی آیت نمبر 75) "رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْ سے لے کر وَّاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ نَصِيْرًا ط" تک مسلسل پڑھیں۔

354

جھگڑا مت کر

کسی انسان سے بے سبب جھگڑا مت کر کہ اس نے تجھ سے کوئی بدی نہیں کی سفر عذاب کا ایک ٹکڑا ہے۔
کلام کی کثرت میں کچھ نہ کچھ گناہ ہوگا۔ مگر وہ جو اپنے لبوں کو روکے رکھتا ہے بڑا دانا ہے، بہترین توشہ آخرت، پرہیزگاری ہے

355

نظر کی تیزی

غسل کرنے سے پہلے پاؤں کے انگوٹھوں پر سرسوں کا تیل لگائیں۔ کبھی نظر کمزور نہ ہوگی چاہے عمر سو سال سے تجاوز کر جائے۔

سینہ کے درد سے نجات

356

بِسۡمِ اللہِ رَبِّ اشۡرَحۡ لِیۡ صَدۡرِیۡ وَ یَسِّرۡ لِیۡ اَمۡرِیۡ طٰیہ والی آیت کاغذ پر لکھ کر پانی میں گھول کر پلائیں، اور کاغذ پر لکھ کر درد والی جگہ پر باندھیں۔

بدی کا منصوبہ

357

اپنے ہمسایہ پر بدی کا منصوبہ مت باندھ، جس حال میں بھی ہے کہ وہ بے فکر تیرے پاس رہتا ہے دنیا کو چھوڑ تاکہ تیری طرف رغبت کے ساتھ آئے۔

جلنے سے سوزش کا خاتمہ

358

جسم کا جو حصہ آگ سے جل گیا ہو وہاں انڈے کی سفیدی لگائیں۔ اس طرح نہ سوزش رہے گی اور نہ ہی آبلہ پڑے گا۔

گمشدہ اور بھاگے

359

ہوئے کی بازیابی کے لیے نیز فرزند نرینہ پیدا ہونے کے واسطے "رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ط اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ o کا ورد کثرت سے رکھے۔

بدکرداروں کیلئے ہلاکت

360

خداوند تعالیٰ کی راہ سیدھے لوگوں کے لیے دانائی اور بدکرداروں کے لیے ہلاکت ہے، قریب ہے کہ محتاجی کفر تک پہنچادے۔

یرقان

361

میں آلو بخارا، املی، دھنیا، نیلوفر، نصف نصف چھٹانک، رات کو دو سیر پانی میں بھگو دیں اگلے دن تین چار بار یہی پانی مل چھان کر پینا بہت مفید ہے۔

قرض کی ادائیگی

362

سورۃ نصر مکمل چالیس مرتبہ بعد از نماز فجر پڑھیں اور اپنی آنکھوں سے اللہ کے کلام کی تاثیر دیکھیں

برائی کی ابتدا

363

جھوٹ بولنے سے برائی کی ابتداء ہوتی ہے۔ نیکی کر کے خوشی ملتی ہے اور برائی سے رنج ملتا ہے نماز برائیوں سے روکتی ہے اور اچھی باتوں کی ترغیب دیتی ہے۔نماز دین کا ستون ہے۔

چہرے کی خوبصورتی

364

روزانہ دودھ میں دو تین چمچے شہد ملا کر پینے سے سردیوں میں چہرے کی خوبصورتی میں اضافہ ہوتا ہے۔

خونی بواسیر کا قرآنی حل

365

(سورۃ انبیا کی آیت نمبر 30) پڑھیں، دھو کر پیئے اور ایک لکھ کر رخسار پر باندھیں۔ یہ عمل مسلسل جاری رکھیں۔

صادقوں کی بنیاد

366

کوئی انسان شرارت سے پائیدار نہیں رہ سکتا۔ لیکن صادقوں کی بنیاد کو کبھی جنبش نہ ہوگی، ہوشیار آدمی کا ہاتھ حکمران ہوگا اور سست آدمی خراج گزار ہوگا۔

کان درد کا آسان علاج

367

روغن گل اور سرکہ برابر مقدار میں پکا کر کانوں میں ڈالیں۔ کان کا درد فوری دور ہو جائے گا۔

بچے کا خواب میں ڈرنا

368

وَّ جَعَلۡنَا نَوۡمَکُمۡ سُبَاتًا ﴿۹﴾ وَّ جَعَلۡنَا الَّیۡلَ لِبَاسًا ﴿۱۰﴾ وَّ جَعَلۡنَا النَّہَارَ مَعَاشًا ﴿۱۱﴾ (سورۃ انبیا 9 تا 11) پڑھ کر دم کرے اور لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالیں۔

دولت

369

وہ دولت جو بطالت سے حاصل کی جاتی ہے، گھٹ جاتی ہے اور محنت سے فراہم کردہ بڑھے گی۔

موسمی بخار

370

موسمی بخار میں لیموں بے حد مفید ہے۔ پانی میں لیموں کے چند قطرے ملا کر پی لینے سے معدہ صاف رہتا ہے اور صحت بھی ٹھیک رہتی ہے۔

371

ٹینشن، ڈپریشن سے خلاصی

لِيَرْبِطَ عَلٰى قُلُوْبِكُمْ وَيُثَبِّتَ بِهِ الْاَقْدَامَ (الانفال 11) کو لکھ کر عین دل کے اوپر باندھیں۔

372

شریروں کی زندگی

خداوند تعالیٰ کا خوف عمر دراز کرتا ہے لیکن شریروں کی زندگی گھٹائی جاتی ہے، ملائم جواب غصہ کو کھو دیتا ہے مگر کرخت باتیں غضب انگیز ہیں۔

373

جوؤں سے نجات کے لیے

سرکہ میں پانی ملا کر سر پر اچھی طرح سے لگائیں اور کچھ دیر بعد سر دھولیں چند روز ایسا کرنے سے جوئیں مرجائیں گی۔

374

رزق میں برکت کے لیے

تہلیل لسانی "لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه" کثرت سے پڑھیں جب تسبیح مکمل ہونے لگے تو آخر میں "مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ" ملالیں۔

375

دشمن بھی دوست

جب انسان کی روش خداوند تعالیٰ کی مرضی سے ہوتی ہے تو وہ دشمنوں کو بھی دوست بنالیتا ہے۔

376

پلکیں لمبی کرنے کی ترکیب

اگر آنکھوں کی پلکیں گرنے لگیں تو کبوتر کی بیٹ شہد میں ملا کر لگانے سے پلکیں گرنے سے رک جاتی ہیں اور لمبی ہو جاتی ہیں۔

حصول اولاد کے لیے

378

ہر فرض نماز کے بعد (سورۃ انبیاء کی آیت نمبر 89)
رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ تین
مرتبہ پڑھیں

ناجائز عشق کے زوال میں

379

اونٹ کی چیچڑی عاشق کی آستین میں باندھی جائے
عشق زائل ہو جائے گا۔ خداوند تعالیٰ کی راہ سیدھے
لوگوں کے لیے دانائی اور بدکرداروں کے لیے
ہلاکت ہے، قریب ہے کہ محتاجی کفر تک پہنچادے۔

چہرے کی خوبصورتی

380

روزانہ دودھ میں دو تین چمچے شہد ملا کر پینے سے
سردیوں میں چہرے کی خوبصورتی میں اضافہ
ہوتا ہے۔

381

خونی بواسیر کا قرآنی حل

(سورۃ انبیا کی آیت نمبر 30) "اَوَلَمْ یَرَ الَّذِیْنَ سے لے کر اَفَلَا یُؤْمِنُوْنَ ط" تک پڑھیں، دھو کر پیئے اور ایک لکھ کر رخسار پر باندھیں۔ یہ عمل مسلسل جاری رکھیں۔

382

زبان سے تعریف

ہر چمکنے والی شے سونا نہیں ہوتی۔ اگر تم یہ چاہتے ہو کہ دنیا تمہیں اچھا سمجھے تو اپنی زبان سے اپنی تعریف نہ کرو۔ بعد کی پشیمانی سے پہلے کی احتیاط بہتر ہے۔

383

کان درد کا آسان علاج

روغن گل اور سرکہ برابر مقدار میں پکا کر کانوں میں ڈالیں۔ کان کا درد فوری دور ہو جائے گا۔

مستجاب الدعوات

384

جو شخص یَا کَرِیۡمُ کو صبح و شام کثرت سے پڑھنے کا معمول بنالے اللہ تعالیٰ اس کی زبان میں مستجاب الدعوات کی تاثیر پیدا فرمادیتا ہے اور اس کی دعائیں قبول ہونا شروع ہو جاتی ہیں۔

عمل کے بغیر علم رائیگاں ہے

385

علم عمل کو آواز دیتا ہے پس اگر وہ جواب دے تو وہ ٹھہرتا ہے ورنہ کوچ کر جاتا ہے۔

موسمی بخار

386

موسمی بخار میں لیموں بے حد مفید ہے۔ پانی میں لیموں کے چند قطرے ملا کر پی لینے سے معدہ صاف رہتا ہے اور صحت بھی ٹھیک رہتی ہے۔

مدد الٰہی حاصل کرنے کا نسخہ

387

یَا مُقْتَدِرُ 20 بار جو نیند سے بیدار ہو کر پڑھ لیا کرے گا اس کے ہر کام میں مددِ الٰہی عزوجل شامل رہے گی۔

فضیلت دعا

388

اللہ تبارک وتعالیٰ قرآن مجید میں ارشاد فرماتے ہیں کہ ''تم مجھ سے دعا کرو میں قبول کروں گا''

بدنی طاقت

389

خشخاش، بڑی کشمش، بادام ہم وزن لے کر کوٹ لیں، دو کپ پانی ڈال کر ابالیں، ایک کپ رہنے پر اتار لیں اور چھان کر پی لیں۔

واجبات دعا

390

کسی دینی و دنیاوی مقصد اور حاجت کیلئے رد قضا و بلا کیلئے دعا کرنا عبادت میں شامل ہے۔

درخت کی مانند

391

تم ایک ایسے درخت کی مانند ہو جاؤ جو خود تو دھوپ میں جلتا ہے لیکن لوگوں کو چھاؤں دیتا ہے۔

ہونٹوں کی سرخی

392

تھوڑی سی بالائی میں چند قطرے لیموں کا عرق ملا کر ہونٹوں پر لگائیں ہونٹ سرخ ہو جائیں گے۔

393

دوزخ سے نجات

جو شخص نماز مغرب سے فارغ ہو کر کسی سے بات کرنے سے پہلے اَللّٰھُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّارِ۔ سات مرتبہ پڑھ لے گا پھر اسی رات اسکی موت آجائے تو دوزخ سے ہمیشہ کیلئے محفوظ ہو گیا۔

394

جو چوری کرتا ہے

خدا کی نظر میں وہ اچھا انسان ہے جو قرآن سیکھے اور سکھائے ۔ جو کچھ مانگنا ہے خدا سے مانگو۔ جو چوری کرتا ہے اس میں ایمان نہیں رہتا۔ کسی دوسرے کے دکھ درد کو اپنا دکھ سمجھیں

395

کمزوری مثانہ کا علاج

جن لوگوں کا مثانہ کمزور ہو اور رات کو خواب بد سے یا بغیر کسی خواب کے مادہ تولید ضائع ہو جاتا ہو ان کو جامن کی گٹھلی کا سفوف تین تین ماشہ صبح و شام پانی کیساتھ کھانا چاہیے۔

روزی کمانے والا

396

محنت سے روزی کمانے والا خدا کا دوست ہے۔ بہترین دوست وہ ہے جو آپ کی اصلاح کرے۔ اگر چاہتے ہو قیامت کے دن تمہارا چہرہ چاند کی مانند ہو تو ''لا الہ الا اللہ'' کثرت سے پڑھا کرو

حق کی بات

397

ہمیشہ حق کی بات کرو چاہے دوسرے کو تلخ معلوم ہو لیکن حکمتِ عملی کو ملحوظ رکھنا چاہئے۔ دنیا مومن کے لئے قیدخانہ اور کافر کے لئے جنت ہے۔ عزت کرو گے تو عزت ملے گی۔

گرمی قلب کیلئے

398

تخم تربوز دو تولہ کو رات کے وقت پانی میں بھگو رکھیں، صبح خوب اچھی طرح رگڑ کر قدرے کھانڈ ملا کر کپڑے سے چھان کر پی لیں۔

399

بھولی ہوئی بات

اَلْمُعِیْدُ اگر کوئی بات بھول جائے اور یاد کرنے سے یاد نہ آئے تو اس کو بار بار ذکر کرے خواہ تنہا یا یَامُبْدِئُ کیساتھ انشاء اللہ تعالیٰ یاد آجائے۔

400

سنتوں کو زندہ کرو

اگر روزِ قیامت حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی شفاعت مطلوب ہو تو کثرت سے دردِ دل کے ساتھ درود شریف پڑھا کرو۔ اگر روز قیامت عرشِ معلیٰ کے سایہ کے مطلوب ہو تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی سنتوں کو زندہ کرو۔

401

آواز کھولنے کے لیے

پرانے جو لیں اور ان کو بھون لیں دو تولہ کی مقدار میں یہ چند بار کھائیں آپ حیران رہ جائیں گے کہ آپ کی بیٹھی آواز مکمل کھل جائے گی۔

402

سفر میں وحشت محسوس ہو تو

اگر مسافر کوزہ پر سات بار اَلْمُقِيْتُ پڑھ کر پھر اس سے پانی پیا کرے تو وحشت سفر سے مامون رہے گا۔

403

عادل بننا چاہتے ہو تو

اگر عادل بننا چاہتے ہو تو جو چیز اپنے لئے پسند کرو وہ دوسروں کے لئے بھی پسند کیا کرو۔

404

ہمسائے کیلئے سالن

جب سالن پکاؤ تو اس میں پانی ذرا زیادہ ڈال لیا کرو اور اپنے ہمسائے کو اس میں سے دو چمچ دے ڈالو۔

منافق لوگ

405

اللہ تعالیٰ جس کی بہتری چاہتا ہے اسے دین کی سمجھ عطا فرما دیتا ہے اور کام لیتا ہے۔ منافق لوگ جہنم کی سب سے نچلی تہ میں ہوں گے لوگوں کے لئے اچھی بات کہو

امانت سے رزق بڑھتا ہے

406

امانت سے رزق بڑھتا ہے، خیانت سے افلاس آتا ہے، خاموشی غصے کا بہترین علاج ہے
علم حاصل کرنا ہر مسلمان مرد اور عورت پر فرض ہے
جنت ماں کے قدموں تلے ہے۔

شہد کی مکھی یا بھڑ کا ڈنگ

407

شہد کی مکھی یا بھڑ کے کاٹے ہوئے حصے پر ذرا سا نمک سرکہ میں ملا کر اس متاثرہ مقام پر لگائیے افاقہ ہوگا۔

408

پڑوسی بھوکا رہے

لوگوں میں بہتر وہ ہے جو سلام میں پہل کرے' آج کا کام کل پر مت چھوڑو۔ وہ شخص مومن نہیں جو خود تو سیر ہو کر کھائے اور اس کا پڑوسی بھوکا رہے۔ (الحدیث)

409

کتابیں بہترین ساتھی

بہترین نعمت اچھا اخلاق ہے۔ سب سے خوبصورت چیز انسان کا ارادہ ہے' کتابیں انسان کی بہترین ساتھی ہیں۔ ہمیں اپنے استاد اور ماں باپ کی عزت کرنی چاہیئے جلد باز ہمیشہ منہ کے بل گرتا ہے۔

410

دانت کی تکلیف سے نجات

لونگ کو باریک کر کے دانتوں کے اندر رکھ لیں۔ تھوڑی دیر کے اندر تکلیف دور ہو جائے گی۔

اچھا اخلاق

411

انسانوں میں سب سے اچھا انسان وہ ہے جس کے اخلاق سب سے اچھے ہیں (الحدیث)

تم اب کیا ہو؟

412

دنیا یہ نہیں دیکھتی کہ تم پہلے کیا تھے بلکہ یہ دیکھتی ہے کہ تم اب کیا ہو۔ جو کم سوچتے ہیں وہ زیادہ بولتے ہیں اور جب عقل کامل ہو جائے تو کلام کم ہو جاتا ہے۔ ہمت والوں کے آگے ہر مشکل آسان ہو جاتی ہے۔ ہر چمکنے والی شے سونا نہیں ہوتی۔

ہچکی کا نہایت آسان علاج

413

ہچکی مسلسل آرہی ہو تو ذرا سی چینی کھالیں، ہچکی ختم ہو جائے گی۔

414

علم مال سے بہتر ہے

علم مال سے بہتر ہے، کیونکہ مال خرچ کرنے سے گھٹتا ہے اور علم خرچ کرنے سے بڑھتا ہے۔

415

اپنی تعریف نہ کرو

اگر تم یہ چاہتے ہو کہ دنیا تمہیں اچھا سمجھے تو اپنی زبان سے اپنی تعریف نہ کرو۔ بعد کی پشیمانی سے پہلے کی احتیاط بہتر ہے' جسے ہارنے کا خوف ہو وہ ضرور ہارے گا۔ پاؤں پھسل جائے پھسلنے دو مگر زبان کو نہ پھسلنے دو' دنیا کی محبت تمام برائیوں کی جڑ ہے۔

416

متلی اور قے کا آسان علاج

بار بار قے اور متلی ہو تو تین بار چھوٹی الائچی چبانے سے متلی اور قے بند ہو جائے گی۔

مقبول حج کا ثواب

417

ماں باپ کو محبت بھری نظر سے دیکھنا ایک حج مقبول کا ثواب ہے۔ (الحدیث)

انسان عقل سے پہچانا جاتا ہے

418

انسان عقل سے پہچانا جاتا ہے شکل سے نہیں، نصیب اور مصیبت کا پھل بہت میٹھا ہوتا ہے۔ مظلوم کی بد دعا سے بچو کیونکہ اس کی بد دعا شعلے کی طرح آسمان پر جاتی ہے۔

قبض سے نجات ممکن ہے

419

سونف اور گل قند ملا کر کھائیے قبض کا خاتمہ ہو جائے گا۔

مجاہدہ کا اجر

420

جو شخص ہمارے راستے میں مجاہدہ کرے ہم ضرور اسے راستہ دکھادیں گے۔ (القرآن)

مصائب سے راحت

421

مصائب و آلام اور راحت میں اللہ کو یاد رکھو' ہر حال میں اللہ کی رضا پر ہی راضی رہو۔ غم کتنا بھی سنگین ہو نیند سے پہلے تک ہوتا ہے۔

کمر درد سے نجات

422

ایک گدا ایسا بنوائیے جو 3 فٹ لمبا ہو اس میں بجائے روئی بھروانے کے ثابت گندم چند سیر بھر دا دیجئے۔ اس گدے کو استعمال کریں تھوڑے ہی عرصے میں کمر درد ختم ہوجائے گی۔

ہمیں پکارو

423

جب نفس کے تقاضوں کی تاریکیاں سامنے آئیں تو تم ہمیں پکارو۔ (مفہوم قرآن)

دوست کی بے رخی

424

مشکلات کے ڈسنے سے اتنی تکلیف نہیں ہوتی جتنی کسی دوست کے بے رخی برتنے سے ہوتی ہے۔ کسی بے سہارا پر شفقت کا ہاتھ پھیرنا صدقہ ہے۔

ہچکی کا خاتمہ

425

ہچکی آ رہی ہو تو اس کا مجرب علاج یہ ہے کہ پانی میں شکر ڈال کر اس کا شربت بنا لیں اور پھر اسے پی لیں ہچکی ختم ہو جائے گی۔

خدا کی دوستی

426

اے نبی! (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کہہ دو اگر تم خدا سے محبت کرنا چاہتے ہو تو میری پیروی کرو خدا تمہیں دوست بنا لے گا۔

تین چیزیں

427

تین چیزیں محبت کو بڑھاتی ہیں مخاطب کو بہترین نام سے مخاطب کرنا، مخاطب کو سلام کرنا، مجلس میں دوسروں کیلئے جگہ خالی کرنا۔ اللہ تعالیٰ کو سخی پسند ہے لیکن جو غربت میں سخاوت کرے وہ زیادہ پسند ہے۔

سر کی خشکی ختم کرنا آسان

428

ناریل کے روغن میں لیموں کا ذرا سا عرق ملا لیجئے اور اسے سر پر مالش کیجئے چند روز ایسے کیجئے سر کی خشکی ختم ہو جائے گی۔

دل کا زنگ

429

یَا فَتَّاحُ 70 بار روزانہ بعد نماز فجر دونوں ہاتھ سینے پر رکھ کر جو پڑھا کرے گا ان شاء اللہ عزوجل اس کے دل کا زنگ و میل دور ہوگا

اللہ سے ڈرو

430

اللہ سے ڈرو تاکہ کسی دوسرے کا خوف نہ رہے = مجلس کی باتیں امانت ہوتی ہیں۔ انسان بادشاہ ہو یا کسان اگر اسے گھر میں خوشی مل جائے تو وہ خوش نصیب انسان ہے۔ دوسروں کی موت کو دیکھ کر عبرت حاصل نہ کرنا خطرناک غلطی ہے۔

بچوں کی قبض

431

بچے کو کیسی ہی قبض کیوں نہ ہو صرف ایک چمچہ انگور کے رس کا دینے کے بعد ہی فوراً دست آجاتے ہیں۔

432

گناہ سے توبہ

گناہ سے توبہ کرنے والا ایسے ہے گویا کہ اس نے گناہ کیا ہی نہیں۔ (ابن ماجہؒ)

433

جنت ماں کے قدموں تلے

کوئی بھی شخص کسی مصیبت کی وجہ سے موت کی تمنا ہرگز نہ کرے۔ حق کہو اگرچہ کڑوا ہو۔ جنت ماں کے قدموں تلے ہے۔

434

سر درد کا علاج

کدو تازہ کا گودا حسب منشا لے کر کھرل میں باریک کرکے پیشانی پر پھیریں۔ تھوڑی دیر میں سر درد کو آرام ہوگا۔

آنکھیں سوتیں دل نہ سوتا

435

رسول اللہ ﷺ کی آنکھیں سویا کرتیں اور دل نہیں سویا کرتا تھا (حاکم) رسول اللہ ﷺ کو دائمی عمل پسند تھا، اگرچہ وہ کم ہو (ترمذی)

حسد کے ساتھ راحت نہیں

436

حسد کے ساتھ راحت نہیں، انتقام کے ساتھ سرداری نہیں اور بے ادبی کیساتھ بزرگی نہیں ملتی (عثمان غنیؓ)۔ دولت کی کنجی مستقل مزاجی سے کام کرنا ہے اور کفایت شعاری اس کا تالا ہے۔

اگر لُو لگ جائے

437

تو پیاز کا رس نکال کر اسے پی لیجئے۔ چند بار ایسا کرنے سے مکمل افاقہ ہوگا۔

موت کی تمنا

438

کوئی بھی شخص کسی مصیبت کی وجہ سے موت کی تمنا ہرگز نہ کرے (سرورِ کونین ﷺ)

سب سے آسان کام

439

دنیا میں سب سے آسان کام دوسروں کو نصیحت کرنا اور سب سے مشکل کام نصیحت قبول کرنا ہے۔ ممنوع چیزوں سے رکنے سے بڑھ کر کوئی پرہیزگاری نہیں اور حسنِ اخلاق سے بڑھ کر کوئی حسب نہیں۔

زہریلے کیڑے کا کاٹنا

440

بچھو، بھڑ، شہد کی مکھی وغیرہ یا زہریلے کیڑے نے اگر کاٹ لیا ہو تو پیاز کا عرق نکال لیجئے اس کاٹی ہوئی جگہ پر لگا دیجئے اور کچھ پیاز کھا لیجئے شفا ہو جائے گی

سیدھی بات کرو

441

اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور سیدھی بات کرو۔ (القرآن) جو شخص اللہ سے ڈرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے لئے خلاصی کا راستہ نکال دیتے ہیں۔ (القرآن)

عیوب سے اندھا

442

اس کی اصلاح ہوگئی جس شخص کی نظر اپنے عیوب پر ہو اور دوسروں کے عیوب سے اندھا ہو۔ خوش نصیب ہے وہ شخص جس کے پاس نصیحت کے لئے باعمل شخصیت موجود ہے۔

دانتوں کے کیڑے

443

چنبیلی کے کچھ پتے لیجئے اور انہیں پانی میں ابال لیجئے ہر صبح نہار منہ اس پانی سے غرارے کیجئے۔ دانتوں کے کیڑے ختم ہو جائیں گے۔

زیارت رسول اللہ ﷺ کیلئے

444 سوتے وقت ایک ہزار مرتبہ سورۃ کوثر اول آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

عقل ناقص

445 بے شک دنیا تمہارے لیے پیدا کی گئی ہے اور تم آخرت کیلئے پیدا کیے گئے۔ ناقص عقل ہی گناہ کے وقت محافظت نہیں کرسکتی۔

جسم کا پھولنا

446 مکئی کی روٹی کھائیں، پھولے ہوئے جسم کو اعتدال پر لاتی ہے، دل کی بیماری نہیں ہوتی۔

سحر مدفون کا نکالنا

447

سورۃ کوثر کے مسلسل روزانہ پڑھنے سے اگر گھر میں جادو گڑا ہوا ہو اور اس کی جگہ معلوم نہ ہو، معلوم ہو جائیگا کہ سحر فلاں جگہ دفن ہے۔

بیوی نعمت خداوندی

448

گھر اور مال وہ میراث ہے جو باپ سے حاصل ہوتی ہے لیکن دانش مند بیوی نعمت خداوندی ہے۔

درد شکم دور کرنے کے لیے

449

آدھا چمچہ کریلے کا پانی ہر کھانے کے بعد پینے سے پیٹ کے درد کو آرام آتا ہے اور طبیعت پرسکون ہو جاتی ہے۔

روتا بچہ

450

اُسْکُنْ بِعِزَّةِ اللهِ اُسْکُنْ بِقُدْرَةِ اللهِ اُسْکُنْ بِجَلَالِ اللهِ لکھ کر گلے میں باندھے۔ بچے کا رونا بند ہو جائے گا۔ یا 21 بار دم کریں ہر نماز کے بعد

عزت اور مرتبہ

451

آدمی کی عزت اسی میں ہے کہ جھگڑے سے باز رہے لیکن بیوقوف چھیڑ چھاڑ جاری رکھتا ہے

سکتہ کے خاتمے کے لیے

452

ہینگ لیں اور اسے عرق سونف میں ڈال کر پیس لیں۔ مریض کو یہ سنگھانے سے سکتہ دور ہو جاتا ہے

جسمانی درد کیلئے

453

ریڑھ کی ہڈی، گھٹنوں، جوڑوں، جسم میں کہیں بھی درد ہو، چلتے پھرتے اٹھتے بیٹھتے "یَاغَنِیُّ" پڑھتے رہیے، انشاء اللہ درد جاتا رہے گا۔

رزق حلال کا حصول

454

دغا کی روٹی آدمی کو میٹھی لگتی ہے۔ مگر آخرکار اس کا منہ کنکروں سے بھر جاتا ہے۔

گلے کی سوزش کے لیے

455

ذرا سی گلیسرین شہد اور پاؤ بھر دودھ ملا کر پینے سے مکمل افاقہ ہو جاتا ہے۔ صبح وشام کچھ دن مستقل لیں

لا علاج امراض کیلئے

456

جو کوئی کھانا کھاتے وقت ہر نوالہ پر "یَا وَاجِدُ" پڑھا کریگا انشاء اللہ عزوجل وہ کھانا اس کے پیٹ میں نور ہوگا اور بیماری دور ہوگی۔

انصاف اور امن کا معاشرہ

457

راستی اور انصاف اللہ تبارک تعالیٰ کے نزدیک قربانی کرنے سے زیادہ پسند ہے

آدھے سر درد کا خاتمہ

458

مخالف ناک کے نتھنے (جس طرف درد ہو اس کی الٹی طرف کے نتھنے) میں ایک قطرہ شہد ٹپکا دیں۔ آدھے سر کا درد ختم ہو جائے گا۔

گناہوں سے بچنے کیلئے

459 یَا تَوَّابُ یَا قُدُّوْسُ یَاشَہِیْدُ کا بکثرت ورد گناہوں سے بچنے ،غلط عادات کو ترک کرنے اور نیک بننے کے لئے لاجواب ہے

بھولی ہوئی چیز کو یاد کرنا

460 نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا جب تم کسی چیز کو بھول جاؤ تو مجھ پر درود بھیجو وہ چیز یاد آجائیگی۔

کان کا بہنا

461 کان بہتا ہو تو سفید پیاز کا پانی اور سرسوں کا تیل ملا کر کان میں چند قطرے ڈالیں ۔ان شاء اللہ آرام ہوگا۔

462

اسرار الہی کا ظہور

جو شخص یَا مُهَيْمِنُ کو کثرت سے طویل عرصے تک پڑھتا رہے اس پر اسرار الہی کا ظہور ہوگا۔ اسے مخفی اسرار کا علم ہوگا۔

463

غم خواری اور ہمدردی کا صلہ

جو مسکین کا نالہ سن کر اپنے کان بند کر لیتا ہے وہ خود بھی نالہ ضرور کرے گا اور اس کی سنی نہ جائے گی

464

زکام، نزلہ اور الرجی کیلئے

سفیدے کے درخت کے چند پتے ہاتھوں میں مسل کر سونگھیں۔ دن میں 4 دفعہ۔ انشاء اللہ الرجی ختم ہو جائے گی۔

465

قرب الٰہی کا حصول

جو شخص یَا مُتَکَبِّرُ پانچوں نمازوں کے بعد 33 مرتبہ یا چند بار پڑھنے کا معمول بنالے اللہ اس سے راضی ہوگا اور اسے اپنوں میں شامل کرلیگا۔

466

سیدھی اور الٹی راہ

کج رو لوگوں کی راہ میں کانٹے اور پھندے ہیں وہ جو اپنی جان کی نگہبانی کرتا ہے ان سے دور رہے گا۔

467

قبض کو ختم کرنا

نہار منہ نیم گرم پانی میں دو چمچ شہد ملا کر پینا قبض کیلئے مفید ہے۔

گھریلو خوشیاں

468

یَا لَطِیْفُ یَا وَدُوْدُ کا مستقل ورد گھریلو خوشی الفت اور محبت کا آخری علاج ہے جو چاہے آزمالے۔

عقل مندی کا معیار

469

بیوقوف کے کانوں میں باتیں مت ڈال کیونکہ بجائے عمل کے وہ تیرے دانش مندانہ کلام کی تحقیر نہ کرے۔

دبلا پن دور کیجیے

470

کچی گاجریں کھانا یا گاجر کا جوس پینا بہت اچھا ہے کیونکہ گاجریں کمزور لوگوں کو موٹا کرتی ہیں۔اگر دیسی گڑ ڈالیں تو نفع زیادہ ہوگا۔

استغفار کی فضیلت

471

استغفار کی کثرت رزق کو وسیع، دل کو واسع اور آفات کو دور کرتی ہے۔ 11 سو بار پڑھنا 40 دن تک نہایت آزمودہ ہے۔

ذلت کا مرتکب

472

جو کوئی اپنے بھائیوں کی خدمت سے پہلوتہی اور کنارہ کریگا اللہ تعالیٰ اس کو ایسی ذلت دے گا جس سے وہ کبھی بھی چھٹکارا نہ پائے گا۔

خشک کھانسی اور گلے کی خشکی

473

رات کو سوتے وقت گرم گرم دودھ میں دیسی گھی ڈال کر پینے سے خشکی کی کھانسی دور ہو جاتی ہے۔

دل کی دنیا

474

سورۂ اخلاص اگر ہر نماز کے بعد سو بار پڑھیں تو صرف چند ماہ میں کشف اور دل کا اخلاص نصیب ہو گا۔

تربیت اولاد کے راز

475

بیٹے کی تادیب سے دستبردار نہ ہو چھڑی مارنے سے وہ مر نہ جائے گا لیکن تو جہنم سے اس کی جان بچا لے گا۔

دست اور ہیضہ کا تریاق

476

ہی خشک بالکل باریک کر کے چٹکی چٹکی دینے سے دست آنا بند ہو جاتے ہیں۔

گمشدہ چیز فوراً ملے

477

اگر کوئی چیز گم ہوگئی ہو تو بکثرت ہر وقت ہر گھڑی سورۃ الضحیٰ مع تسمیہ پڑھیں، چند دن یا چند ہفتے پڑھیں آزمودہ ہے۔

سچی باتیں سچے لوگ

478

صادق آدمی سات بار گرتا ہے پھر بھی اٹھتا ہے مگر شریر بلا میں گر کر پڑا رہتا ہے' یہ نصیحت ہے نصیحت والوں کیلئے۔

بینائی تیز ہو جائے گی

479

سونف برابر مقدار میں شکر کے ہمراہ ملا کر کھاتے رہنے سے بینائی تیز ہو جاتی ہے، مسلسل کچھ عرصہ استعمال کریں لاجواب اور تجربہ شدہ ہے۔

480

بے کراں علم

اگر عمل چاہتے ہو اور اپنی 7 نسلوں کیلئے چاہتے ہو تو
یَاعَلِیْمُ یَا وَاسِعُ ہر نماز کے بعد ایک تسبیح
پڑھیں۔

481

جہالت ایک اندھیرا

جہالت ایک اندھیرا ہے، علم ایک روشنی، دل ایک
سمندر ہے اور آنکھیں ایک نور ہیں۔☆ دعا عبادت کا
مغز ہے، دعا عبادت ہے، دعا مومن کا ہتھیار ہے۔

482

اگر آواز بیٹھ جائے

ادرک کے رس میں شہد ملا کر چاٹنے سے گلا
ٹھیک ہو جاتا ہے۔ دن میں 3 سے 5 بار چند
دن کریں۔

کاروبار میں ترقی کیلئے

483 سورۃ نصر 101 بار صبح و شام پڑھیں چند ماہ میں حیرت انگیز ترقی کے دروازے کھلیں گے۔

دانش مندی کا ثبوت

484 جاہل اپنے دل میں جو کچھ ہے ظاہر کرتا ہے مگر دانش منداسے موقع تک چھپائے رکھتا ہے۔

سردی زیادہ لگے

485 جن لوگوں کو سردی زیادہ لگے وہ رات کو سوتے وقت زیتون کے تیل کے ایک یا دو چمچ پئیں۔

بچے سلیقہ منداور باعلم ہوں

486

يَا عَلِيْمُ يَا خَبِيْرُ يَا فَتَّاحُ 21 بار نوالے پر پڑھ کر دم کریں اور بچے کو کھلائیں، ہر کھانے کے ساتھ ایسا کریں۔

ملائم جواب غصہ کھو دیتا ہے

487

جو کہ ایک بے وقوف کے ہاتھ پیغام بھیجتا ہے اپنے پاؤں آپ کاٹتا ہے۔ ملائم جواب غصہ کو کھو دیتا ہے مگر کرخت باتیں غضب انگیز ہیں۔

لاغری سے نجات

488

میں انڈا اور گوشت کھانا مفید ہے۔ خصوصاً انڈا زیادہ فائدہ مند ہے۔

یَا کَبِیْرُ کے کمالات

489

ہر نماز کے بعد 7 بار یَا کَبِیْرُ پڑھنے سے کسی بھی قسم کا زہریلا جانور نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔

احمق کی اصلاح

490

حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ میں مردہ کو زندہ کرنے سے عاجز نہیں ہوا لیکن احمق کی اصلاح سے عاجز آ گیا۔

بال لمبے کیجئے

491

بالوں کی نوکیں اکثر کاٹتے رہنے سے بھی بال لمبے ہوتے ہیں۔

بینائی کو تیز کرنے کیلئے

492

ہر نماز کے بعد سات بار یَانُوْرُ پڑھنے سے بینائی تیز ہو جاتی ہے۔

معاف کرنے کی فضیلت

493

اگر تم لوگوں کے قصور معاف نہیں کرو گے تو اللہ تعالیٰ بھی تمہارے قصور معاف نہ کرے گا۔

موٹاپا دور کرنے کیلئے

494

نہار منہ چائے کا قہوہ بغیر دودھ کے میں لیموں کا رس نچوڑ کر پئیں اور دوپہر کا کھانا کھانے کے بعد بھی پئیں۔

قرآن کریم کے برابر ثواب

495

سورۂ اخلاص کو احادیث طیبہ میں تہائی قرآن یعنی تین بار پڑھنے کو پورے ایک قرآن کریم کے برابر قرار دیا ہے۔

حضور ﷺ کا حسن سلوک

496

بے زبانوں پر حضور اکرم ﷺ کی شفقت دیکھ کر لوگ سفر میں جب قیام کرتے تو پہلے اونٹوں وغیرہ کو چارہ ڈالتے اور پھر نماز پڑھتے۔

دانت چمکانے کیلئے

497

کھانے والا سوڈا، پسا ہوا نمک، پسا ہوا سہاگہ ملا کر رگڑیں، پہلی دو چیزیں ہم وزن اور تیسری مقدار میں کم ہو۔

لاعلاج مریض کی صحت کیلئے

498

آللہُ! تمام شکوک دور کرنے یقین کی نعمت پیدا کرنے اور لاعلاج مریض کی صحت کیلئے ہزار بار روزانہ ورد رکھیں اور دعا کریں۔

جھگڑے سے بچو

499

جھگڑے کو بیشتر اس کے تیز ہو جائے چھوڑ دو۔
نیک بخت وہ جو دوسروں کو دیکھ کر نصیحت پکڑے۔

پھٹے ہونٹوں کیلئے

500

معدہ خراب یا معدہ میں گرمی ہو تو ہونٹ پھٹ جاتے ہیں، تازہ سنگترے کا بیرونی حصہ ہونٹوں پہ ملیں یا انار کھانا ہے۔

سخت گرمی کی دعا

501

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ مَآ اَشَدَّ حَرَّ ھٰذَا الْیَوْمِ o اَللّٰھُمَّ اَجِرْنِیْ مِنْ حَرِّ جَھَنَّمَ o ایک بار پڑھیں۔

عقلمند کی صفات

502

عقلمند کا سینہ اس کے رازوں کا صندوق ہوتا ہے اور چہرے کی شگفتگی محبت کا جال ہے۔

کمر درد دور کریں

503

ایک گدا بنائیں جس میں گندم بھری ہو اس پر لیٹنے سے کمر کا درد جاتا رہے گا۔

گناہوں سے بخشش کیلئے

504

جو شخص کثرت سے اَلْعَفُوُّ پڑھا کرے اللہ تعالیٰ اس کے گناہوں کو انشاء اللہ معاف فرما دیں گے۔

دنیا کی حقیقت

505

دنیا مومن کے لیے قید خانہ ہے اور آزمائش ہے جبکہ کافر کے لیے جنت ہے۔ جس نے ملاوٹ کی وہ ہم میں سے نہیں۔

ذیابیطس

506

ذیابیطس کیلئے ہلدی بہت مفید ہے۔ ذیابیطس میں لگی چوٹ کے مقام پر ہلدی کا لیپ کریں اور بند گوبھی کے پتے کھائیں۔

درود پاک اور جمعۃ المبارک

507

لوگو جمعہ کے روز مجھ پر کثرت سے درود پڑھا کرو۔ تمہارے درود (فرشتوں کی وساطت سے) مجھ تک پہنچتے ہیں (مشکوٰۃ، ابن ماجہ)

بے بس کی آخری کوشش۔۔۔!!!

508

بے بس کی آخری کوشش یہ ہوتی ہے کہ ہے کہ بس نہیں چلتا تو عیب بیان کرتا ہے۔ حلم اور نرم مزاجی دونوں جوڑی دار ہیں دونوں کا نتیجہ ہے بلند ہمتی۔

بلڈ پریشر کا زور توڑنے کیلئے

509

کدو، ٹینڈے کا زیادہ استعمال کریں اور خاص طور پر پھلوں میں کیلے کا استعمال کریں۔

اچانک موت سے محفوظ

510

یَابَصِیْرُ : سات بار روزانہ بوقت عصر (یعنی ابتدائے وقت عصر، تا غروب آفتاب تک کسی بھی وقت) جو کوئی پڑھ لیا کریگا ان شا اللہ عزوجل اچانک موت سے محفوظ رہیگا

علم عمل سے وابستہ

511

علم عمل سے وابستہ ہے جسے علم ہوگا وہ عمل بھی کریگا اور علم تو عمل کو پکارتا ہے اگر عمل اس پر لبیک کہتا ہے تو خیر، ورنہ وہاں سے کوچ کر جاتا ہے۔

چہرے کے داغوں کیلئے

کڑوے بادام پیس کر چہرے پر لگائیں۔

512

بیماری سے بچاؤ کیلئے

513

یَاسَلَامُ 111 بار پڑھ کر دم کرنے سے انشاء اللہ عزوجل شفا حاصل ہوگی۔

انمول موتی

514

راضی رضا رہنا بہترین ساتھی اور علم قیمتی سرمایہ اور اچھی عادتیں نئے زیور اور قوت فکر صاف آئینہ ہے۔

ملیریا کیلئے

515

لیموں سینک لیں، کاٹ کر کالی مرچ لگائیں اور چاٹ لیں۔

بیٹے کے حصول کیلئے

516

یَابَارِئُ دس بار جو کوئی جمعہ کو پڑھ لیا کرے (انشاء اللہ) اس کے ہاں بیٹا پیدا ہوگا۔

عقل کیوں ملی

517

خدا نے آدمی کو عقل صرف اس لیے دی ہے کہ اس کی مدد سے ایک دن (قیامت) نجات حاصل کر سکے۔

رات کو پیشاب نکلنا

518

بلا بیج منقی، سفید تل، سرو کے پتے، ہم وزن، سوا تولے کے وزن کے لڈو بنا لیں اور ایک لڈو صبح ایک شام چالیس دن تک استعمال کریں۔

519

دشمن سے حفاظت کیلئے

جو وضو کے دوران ہر عضو دھوتے ہوئے **یَا قَادِرُ** پڑھنے کا معمول بنالے ان شاء اللہ عزوجل دشمن اس کو اغوا نہیں کرے گا۔

520

اعلیٰ درجہ کی عقل کی نشانی

ادنیٰ درجہ اور کم سے کم عقل کی نشانی دنیا کو چھوڑ دینا ہے اور اعلیٰ درجہ کی عقل کی نشانی ذات حق سبحانہ میں غور نہ کرنا ہے۔

521

مرگی کے دورے کیلئے

مرچ سیاہ 2 تولے، منڈی بوٹی 10 تولے گائے کے دودھ میں ملا کر چھ چھ ماشے کی خوراک دیں۔

522

دولت، عزت اور غلبہ

حصول دولت کے ساتھ عزت اور غلبہ حاصل کرنے کیلئے اَلْمَلِكُ اَلْعَزِیْزُ روزانہ دس ہزار مرتبہ پڑھیں اور ایک کروڑ کی تعداد پوری کریں۔

523

بھوک ختم نہیں ہوتی

دو بھوکے ایسے ہیں جن کا پیٹ نہیں بھرتا۔☆ طالب علم و طالب دنیا۔ جو حق سے جنگ کرے گا حق اسے شکست دے گا۔

524

لیکوریا کیلئے

انگور کا رس، ہم وزن شہد صبح و شام استعمال کریں۔ رنگ بھی نکھرے گا، حاملہ استعمال کرے تو صحت مند بچہ ہو گا۔

525 گھریلو سکون اور بیوی سے محبت

یَااَوَّلُ 100 بار پڑھنے سے ان شاء اللہ عزوجل اس کی زوجہ اس سے محبت کرے گی۔

526 لوگوں سے تعلق

لوگوں سے اس طرح میل جول رکھو کہ اگر مر جاؤ تو روئیں اور اگر زندہ رہو تو تم سے ملنا چاہیں۔

527 ہچکی کیلئے

لمبے لمبے سانس لینے سے ہچکی دور ہو جاتی ہے۔

علاج مرض اٹھرا

528

اسم یَاخَالِقُ 7 دن تک بعد نماز عشاء 7 ہزار مرتبہ روزانہ پڑھنا مرض اٹھرا کیلئے بہت مفید ہے۔ اول و آخر اکیس اکیس مرتبہ درود شریف لازمی پڑھیں۔

تمام برائیوں کی جامع

529

کنجوسی تمام برائیوں کی جامع ہے اور یہ وہ لگام ہے جس سے ہر برائی کی طرف کھینچا جاتا ہے۔

پیٹ کے کیڑے مارنے کیلئے

530

سرسوں کا ساگ یا بند گوبھی، گوشت ملا کر پکا کر کھائیں یا تربد سفید پیس کر ½ چمچ صبح و شام لیں 40 دن۔

گھر کی حفاظت کیلئے

531

گھر کی دیوار پر یَاظَاھِرُ لکھنے سے ان شاء اللہ عزوجل دیوار سلامت رہے گی۔

تقویٰ کا حصول

532

اپنے نفس کی اصلاح کیلئے یہی کافی ہے کہ جو باتیں دوسرے کے لیے ناپسند کرتے ہو ان سے بچو۔

پیٹ کے کیڑے مارنے کیلئے

533

سرسوں کا ساگ یا بند گوبھی، گوشت ملا کر پکا کر کھائیں۔

علاج شوگر

534

جس شخص کو شوگر ہو اسے چاہیے کہ یَابَارِئُ اَلْمُحی گیارہ ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے اور 40 دن تک یہ پڑھائی جاری رکھے۔ انشاءاللہ شفاء ہو گی۔

آخرت کا مزہ

535

دنیا کی ترشی آخرت کا مزہ اور آخرت کی شیرینی و خوشگواری دنیا کی تلخی ہے۔

انڈا برتن سے نہ چپکے

536

فرائی کرنے کیلئے برتن میں ڈالنے سے قبل برتن میں تھوڑا سا نمک چھڑکیں۔

537

درد سے سکون کیلئے

یَامُغْنِیُ ایک بار پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے درد کی جگہ پر ملنے سے ان شاء اللہ عزوجل سکون ملے گا۔

538

میانہ روی اختیار کریں

اپنے پر میانہ روی کو لازم کر یعنی توسط احوال اختیار کرنا چاہیے' تھوڑے رزق پر راضی رہنا تھوڑے عمل کو پاکیزہ بنادیگا۔

539

کھانسی کیلئے

نمک، کالی مرچ ہتھیلی پر رکھیں، انگشت شہادت اور ساتھ والی انگلی کی چٹکی سے جتنی مرچ اور نمک آئے اسے کھلا دیں، دن میں تین بار یہ عمل کیا جائے۔

540

روحانی امراض کا علاج

جو شخص اسم یَاقُدُّوْسُ شام کے وقت سورج غروب ہونے سے پہلے 170 مرتبہ پڑھتا رہے اس کا دل تمام روحانی بیماریوں سے صاف ہو جائیگا

541

عقلمند اور جاہل

کسی نے پوچھا کہ عقلمند کی تعریف کیا ہے۔ فرمایا! جو ہر چیز کو اسکے موقع پر استعمال کرے۔ پوچھا جاہل کون ہے، فرمایا! کہہ چکا۔

542

دائمی قبض کیلئے

گرم دودھ میں دیسی گھی یا روغن بادام ڈال کر تقریباً چالیس دن پئیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ دائمی قبض کا خاتمہ ہو جائے گا۔

543

جنت میں درخت

سُبْحَانَ اللہِ، اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ، لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ اور اَللہُ اَکْبَرُ ان میں سے ہر کلمہ (کہنے کے عوض) جنت میں ایک درخت لگا دیا جاتا ہے

544

شمع کی مانند

شمع کی مانند ہو جاؤ جو خود جلتی ہے لیکن دوسروں کو روشنی دیتی ہے۔ اپنے کاموں کی بنیاد محبت و آشتی پر رکھ، نہ قہر و غضب پر۔

545

گھیگوار کا فائدہ

گھیگوار کے استعمال سے انتڑیوں میں رکی ہوئی گیس خارج ہوتی ہے اور بواسیر کے درد کو آرام ملتا ہے۔

نیک اعمال کی توفیق

546

جس شخص کی طبیعت نیک اعمال کی طرف مائل نہ ہوتی ہو اسے چاہیے کہ دو رکعت نفل توبہ کے بعد یَاغَفَّارُ کو 3125 مرتبہ 40 دن تک پڑھے

بہترین عمل

547

وہ ہے جس پر تم اپنے نفس کو مجبور کرو۔☆نعمت کا شکر:۔جب اپنے دشمن پر قابو پالو تو اس کو معاف کر کے اس نعمت کا شکرادا کرو

بینائی کیلئے

548

سونف برابر مقدار میں شکر کے ہمراہ ملا کر رات کو باقاعدگی سے ایک بڑا چمچ دودھ کے ہمراہ کھاتے رہنے سے بینائی تیز ہو جاتی ہے۔

549

ہر کام آسان

جو شخص یَا فَتَّاحُ صبح یا رات کو سوتے وقت 11 سو مرتبہ روزانہ پڑھنے کا معمول بنا لے اس کا ہر مشکل کام خود بخود آسان ہو جائے گا۔

550

علم سے محرومی

جب خدا کسی کو ذلیل کرتا ہے تو علم اس پر حرام ہو جاتا ہے۔ بہترین زُہد: بہترین زُہد، زُہد کو چھپانا ہے۔

551

دانتوں سے خون نکلنا

کیکر کی تازہ چھال کچھ عرصہ مستقل دن میں چند بار چبانے سے مسوڑھوں سے خون نکلنا بند ہو جاتا ہے۔

نرینہ اولاد کیلئے

552

عورت کو چاہیے کہ 7 روزے رکھے اور روزہ افطار کرنے کے بعد یَامُصَوِّرُ 21 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پیئے' انشاء اللہ اسکے گھر فرزند صالح پیدا ہوگا

دوسو سال کے گناہ معاف

553

جو شخص جمعہ کے دن دوسو مرتبہ کوئی بھی درود شریف پڑھے اسکے دوسو سال کے گناہ (صغیرہ) معاف کر دیئے جائینگے۔

سوجن کیلئے

554

سوجن ہو جائے تو ساگ مکو کی شکل میں پکا کر استعمال کریں۔

556

گھر سے نکلنے کی دعا

بِسْمِ اللّٰہِ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ إِلَّا بِاللّٰہِ پڑھنے سے اللہ پاک اپنی حفاظت میں لے لیتے ہیں۔

557

گناہوں کا کفارہ

بڑے گناہوں کے کفارہ کے لئے توبہ کے بعد مصیبت زدہ کی فریاد رسی اور مبتلا رنج کی تکلیف دور کرنا افضل ہے۔

558

معدے کے امراض

اخروٹ کی گریاں تقریباً 4-3 روز سرکے میں ڈبوئیں پھر نکال کر چند دن کھائیں اس سے معدے کے بہت سے امراض دور ہوتے ہیں

بسم اللہ کی برکت

559

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ صبح وشام دس بار پڑھنے سے اللہ کی محبت پیدا ہوتی ہے اور ہر مشکل دور ہوتی ہے۔

انمول موتی

560

عقل سے زیادہ بے نیازی، جہالت سے بڑھ کر محتاجی، آداب سے بہتر ترکہ، مشورے سے بہتر پشت پناہ کوئی نہیں۔

منہ کے چھالے

561

خشک دھنیا چوستے رہنے سے منہ کے چھالے دور ہو جاتے ہیں۔

کبھی بیمار نہ ہو

562

یَامَاجِدُ دس بار پڑھ کر شربت پر دم کر کے جو پی لیا کرے انشاء اللہ عَزَّوَجَلَّ بیمار نہ ہو گا

احسان

563

اگر تو کسی کے ساتھ احسان کرے تو اسے مخفی رکھ اور جب تیرے ساتھ کوئی اور احسان کرے تو اس کو ظاہر کر۔

مسوڑھوں کے ورم کے لئے

564

کافور اور نوشادر ہموزن لیکر باریک پیس لیں پھر آہستہ آہستہ مسوڑھوں پر ملیں چند روز میں آرام آجائے گا۔

خوف سے نجات

565

یَاوَاحِدُ ایک ہزار ایک بار جس کو اکیلے میں ڈر لگتا ہو، تنہائی میں پڑھ لے انشاء اللہ عَزَّوَجَلَّ اسکے دل سے خوف جاتا رہے گا

عورت ایک شر

566

عورت اگرچہ شر اور خرابی ہے، مگر اس سے بڑھ کر خرابی یہ ہے کہ عورت کے بغیر گزارہ بھی نہیں ہوسکتا۔

پھٹے ہونٹوں کیلئے

567

شہد اور لیموں کے چند قطرے ملا کر صبح وشام ہونٹوں پر لگائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا۔

ہر کام میں اللہ کی مدد

568

یَا مُقْتَدِرُ 20 بار جو نیند سے بیدار ہو کر پڑھ لیا کرے گا اس کے ہر کام میں مدد الٰہی عَزَّوَجَل شامل رہے گی

اصل دوست

569

سچا دوست وہ ہے جو تین باتوں کا خیال کرے۔ مصیبت میں ہمدردی، غیر حاضری میں حفظ ناموس اور مرنے کے بعد ذکر خیر۔

آنکھوں کی طاقت کیلئے

570

سرمہ سیاہ ۱ تولہ، بیج سرس سیاہ ۱ تولہ، سفید مرچ ۱ تولہ، قلمی شورہ ۱ تولہ، ورق طلا ۲۰ عدد روح گلاب ۵ تولہ کھرل کریں پھر رات کو آنکھوں میں ڈال کر سوجائے

میاں بیوی میں محبت پیدا کرنا

571

یَا اَوَّلُ 100 بار روزانہ پڑھ لیا کرے گا انشاء اللہ عَزَّوَجَلَّ اس کی زوجہ اس سے محبت کرے گی۔

صدقہ، دعا اور زکوٰۃ

572

صدقہ دے کر اپنے ایمان کا انتظام کرو اور زکوٰۃ دے کر مال بچاؤ اور دعا سے بلاؤں کے طوفان دھکیل دو۔

خشک جلد کیلئے

573

ایک انڈے کی زردی لیں اسمیں ایک چائے کا چمچ روغن بادام ملا کر مالش کریں چند روز میں نمایاں فرق معلوم ہوگا۔

574

گھر کی سلامتی کیلئے

یَاظَاهِرُ گھر کی چاروں دیواروں پر لکھ دیجئے انشاء اللہ عَزَّوَجَلّ گھر سلامت رہے گا۔

575

اصل حسن

پاک دامنی غربت کا حسن ہے اور اللہ کیلئے خرچ کرنا دولت مندی اور فراخی کا حسن ہے۔

576

ملیریا سے نجات کیلئے

ملیریا کے مریض کو سبزی کا سوپ ہر دو سے تین گھنٹے بعد پلایا جائے انشاء اللہ چند روز میں شفا ہوگی۔

577

جنت میں ایک محل

رسول کریم ﷺ نے فرمایا: جو شخص دس مرتبہ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ پڑھے اللہ تعالیٰ اسکے واسطے جنت میں ایک گھر بنا دیتے ہیں

578

برا آدمی

برا آدمی کسی کے ساتھ نیک گمان نہیں رکھتا، کیونکہ وہ ہر ایک کو اپنے جیسا خیال کرتا ہے۔

579

حکمت کی جگہ

حکمت جہاں سے ملے لے لو اس لیے کہ دانائی منافق کے دل میں بے چین رہتی ہے۔

580

شیطان سے حفاظت

صبح ایک مرتبہ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ پڑھے تو شام تک شیطان کے شر سے اسکی حفاظت کی جائیگی۔

581

غلطی کا اعتراف

غلطی کا اعتراف کرنا مزید غلطی سے بچاتا ہے۔کسی سے مشورہ لینا برا نہیں مگر کسی کے مشورے پر سوچے سمجھے بغیر عمل کرنا بہت برا ہے۔

582

شوگر کیلئے

بڑی الائچی کے پانچ پانچ دانے صبح شام چبائیں۔

اللہ کے ساتھ تجارت

583

جب تم پر ظاہری اسباب کے دروازے بند ہو جائیں اور رزق نہ ملے تو صدقہ دیکر اللہ سے تجارت کرو

میزان میں بھاری عمل

584

حضرات ابراہیم بن ادھمؒ نے فرمایا: کل قیمت کو میزان میں وہی عمل زیادہ بھاری ہوگا جو آج تجھے گراں معلوم ہوتا ہے۔

کھانسی کیلئے

585

کیلے کے خشک پتے لیکر انہیں جلالیں اب انہیں مل کر ذرا سا نمک شامل کریں اور محفوظ کرلیں 2 ماشہ صبح وشام کھائیں بلغمی کھانسی ختم ہو جائے گی۔

بے انتہا انعام واکرام

586

رَضِیْتُ بِاللّٰہِ رَبًّا وَّبِالْاِسْلَامِ دِیْنًا وَّبِمُحَمَّدٍ (صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ) نَبِیًّا صبح وشام تین مرتبہ پڑھے اللہ تعالیٰ قیامت کے اتنا انعام دینگے کہ وہ راضی ہو جائیگا۔

محتاجی نہ ہوگی

587

جس نے اپنا راز چھپایا اس نے خوبی اور بہتری کو پایا جس نے درمیانہ روی سے کام لیا وہ محتاج نہ ہوا۔

پیشاب کی بندش کیلئے

588

کیلے کی جڑ کا رس دیں۔☆ (نوٹ) جہاں کیلے کے درخت ہوں، سانپ نہیں آتا۔

589

اچانک موت

یَابَصِیْرُ سات بار روزانہ بوقت عصر (یعنی ابتدائے وقت عصر، تا غروب آفتاب تک کسی بھی وقت) جو کوئی پڑھ لیا کریگا انشاء اللہ اچانک موت سے محفوظ رہیگا

590

حق تعالیٰ بندوں کے رونے کو پسند کرتا ہے

غم طلب کرتا کہ تیری آنکھ کا پانی نکل آئے کیونکہ حق تعالیٰ بندوں کے رونے کو پسند کرتا ہے۔

591

قبض کی وجہ

قبض کی وجہ سے بھوک جاتی رہتی ہے اس کی وجہ ہماری غذاؤں میں پھوک دار اور ریشے والی غذاؤں کی کمی ہے۔

نعمتوں کا حصول

592

یَارَحْمَانُ دنیاوی نعمتوں اور حق تعالیٰ کی طلب رحمت کیلئے مہینہ کی پہلی جمعرات سے 299 مرتبہ روزانہ پڑھیں۔

ایمان اور صحت کی علامت

593

ایمان کی حالت میں مصیبت اور سختی کا آنا اور اس پر صبر کرنا صحت اور ایمان کی علامت ہے۔

پستان کے ورم تحلیل

594

حمل کے بعد پستان پر ورم آنے کی صورت میں اجوائن خراسانی کی لیپ کرنے سے ورم تحلیل ہو جاتا ہے۔

اگر کوئی بات بھول جائے تو

595

اَلْمُعِیْدُ: اگر کوئی بات بھول جائے اور یاد کرنے سے یاد نہ آئے تو اس کو کثرت سے پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ یاد آجائے گی۔

حسد کی آگ سے بچو

596

حسد نیکیوں کو ایسے کھا جاتا ہے جیسے آگ سوکھی لکڑیوں کو کھا جاتی ہے۔ (حدیث نبوی ﷺ)

قوت باہ کیلئے

597

بادام کی گریاں اور بھنے ہوئے چنے ہم وزن لے کر پیس لیں اور 2 چمچ دن میں تین بار فائدہ ہونے تک کھائیں۔

598

راہ بھول جانے کیلئے

جب کہیں سفر میں چلتے چلتے راہ بھول جائیں تو کھڑے ہو کر بلند آواز سے اذان کہہ دیں انشاء اللہ راہ کا علم ہو جائے گا۔

599

مسلمان کو بے عزت کرنا

کوئی گناہ تمہیں اتنا نقصان نہیں پہنچاتا جتنا کسی مسلمان بھائی کو ذلیل اور بے عزت کرنا پہنچاتا ہے۔

600

ہڈی جوڑنے کیلئے

بیر کی چند گٹھلیاں پیس لیں اور تھوڑے سے پرانے سرکہ میں ملا لیں ٹوٹی ہوئی ہڈی کے مقام پر اسے لگا کر مضبوطی سے باندھ دیں، ٹوٹی ہوئی ہڈی جڑ جائیگی۔

قید سے رہائی کیلئے

601

سورۃ والطّور (پ 27) قیدی کثرت سے پڑھتا رہے انشاء اللہ قید سے جلد رہائی حاصل ہوگی۔ اگر ہر نماز کے بعد پڑھیں تو نفع زیادہ ہوگا

اللہ سے محبت

602

اللہ کا قرب اس طرح حاصل ہوتا ہے کہ جن چیزوں کو اللہ اپنا دشمن جانتا ہے ان چیزوں کو بندہ بھی دشمن سمجھے۔

آواز کھولنے کیلئے

603

پرانے جولیں اوران کو بھون لیں، دو تولہ کی مقدار میں یہ چند بار کھائیں آپ حیران رہ جائیں گے کہ آپ کی بیٹھی ہوئی آواز کھل جائے گی۔

604

فراخی رزق

کسی بھی نماز کے بعد باوضو اسم یَاوَھَّابُ اول و آخر 3,3 بار درود شریف تین سو بار روزانہ پڑھا کریں۔ انشاءاللہ فراخی نصیب ہوگی۔

605

اللہ تعالیٰ کی امانت

نماز اللہ تعالیٰ کی امانت ہے جو اس نے اپنے بندوں کے سپرد کر رکھی ہے۔

606

گھٹنے کے درد کیلئے

کریلے کو سالن کے طور پر زیادہ سے زیادہ استعمال کرنے سے درد میں افاقہ ہوتا ہے کچھ عرصہ ضرور استعمال کریں۔

جنازہ دیکھیں تو پڑھیں

607

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْحَیِّ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ

حضور نبی اکرم ﷺ کا ارشاد ہے کہ یہ کلمات پڑھنے والا بخشا جائیگا۔

بدترین شخص

608

بدترین شخص وہ ہے جو توبہ کی امید پر گناہ کرتا ہے اور پھر موت سے پہلے اسے توبہ کی توفیق نصیب نہیں ہوتی۔

جگر کے مریضوں کیلئے

609

جگر کے مریض کیلئے کالے چنوں کا استعمال بہت مفید ہے۔ چاہے تو سالن کے طور پر کھائیے اور چاہے تو ابال کر، ہر طرح مفید ہے۔

دشمنوں سے نجات

610

ہر نماز کے بعد 21 بار یہ آیت وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ ط (المائدہ: 67) پڑھنے سے کوئی دشمن نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

محبت کی دال روٹی

611

محبت جہاں ہو وہاں دال روٹی بھی نعمت بن جاتے ہیں۔ محبت نہ ہو تو بڑی نعمتیں بھی عذاب نظر آتی ہیں۔

منہ کی بدبو

612

آدھ کپ مولی کے جوس میں تھوڑی سی شکر ملا کر پینے سے تیزابی مادے پیشاب کے ذریعے خارج ہو جاتے ہیں، منہ کی بدبو بھی ختم ہو جاتی ہے۔

مردانہ قوت کیلئے

613

سورۃ البینہ لَمْ یَكُنِ الَّذِیْنَ كَفَرُوا (پارہ 30) کسی برتن میں مکمل لکھ کر پلانے سے قوت میں اضافہ ہوتا ہے۔

محنت کا مقام

614

جس نے جو کچھ بھی حاصل کیا وہ خلوص دل سے محنت اور بڑوں کی خدمت ہی سے پایا۔

ہچکی کیلئے

615

سانس روک کر دل ہی دل میں دس بار اللہ کہیں، چند بار کرنے سے ہچکی دور ہو جائے گی۔

دنیا کی وسعت اور فراخی کیلئے

616

تیسرا کلمہ، درود شریف، استغفار اور شام کے بعد سورۃ الواقعہ پڑھنا غربت کو دور کرتا ہے۔

اللہ تعالیٰ کی خوشنودی

617

مساکین کو ناخوش رکھ کر خدا تعالیٰ کی خوشنودی ناممکن ہے، جو مصیبت تم پر آئے اس کا علاج مساکین کی خوشنودی حاصل کرنا ہے۔

خوبصورت اولاد

618

ایام حمل کے دوران سنگترے کے زیادہ استعمال سے خوبصورت اولاد پیدا ہوگی۔ سنگترے پر کالی مرچ ضرور چھڑکیں۔

دن بخیر گزرے

619

طلوع آفتاب کے وقت قُلْ یٰاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ پڑھیں تو دن بخیر گزرے گا اور تلاوت کا ثواب زائد ہے۔

مخلص کی زندگی اور موت

620

کسی کو خلوص کے ساتھ دیا ہوا ایک گھنٹہ سو برس کی بے مروت زندگی اور خدمت سے بہتر ہے۔

سیب کے فوائد

621

حیاتین اور معدنیات سے بھرپور ہے، تناؤ، گھٹیا، جلدی امراض اور امراض تنفس کیلئے سیب بہت مفید ہے۔

شیطانی وسوسہ

622

سورۂ فلق ہر نماز کے بعد تیرہ مرتبہ مع درود شریف اول و آخر تین بار پڑھیں۔

انسان اور حیوان میں فرق

623

خلوص انسان کے اندر ایک شریف جذبے کا نام ہے جسے نکال دیا جائے تو انسان اور حیوان میں کوئی فرق نہیں رہتا۔

بلغمی کھانسی کیلئے

624

ادرک کا رس اور شہد ہم وزن لیکر اس کو صبح نہار منہ چاٹیں یا پانی میں حل کر کے پئیں 15 سے 20 دن میں ہی واضح فرق محسوس ہوگا۔

ہر مرض و ہر حاجت کیلئے

625

سورۃ فاتحہ مع وصل میم بسم اللہ اکتالیس بار دن میں ایک بار پڑھیں آیت کریمہ اور درود شریف بکثرت پڑھیں۔

سورۃ مدثر فراخی رزاق

626

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا جو شخص روزانہ سورۃ مدثر پڑھے، اللہ تعالیٰ اسے غنی کر دیگا۔

اپنا خون صاف کیجئے

627

دو تولہ شیشم کے تازہ پتے چند دن پانی میں جوش دیکر پیتے رہیں آپ کے خون کی ہر خرابی دور ہو جائے گی۔

628

رعب و دبدبہ

جو شخص کثرت سے اَللّٰہُ پڑھتا رہے تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس شخص کے چہرے پر رعب و دبدبہ ظاہر ہوگا اور ہر کوئی عزت کریگا۔

629

ذلت پر راضی

جس نے لالچ کو عادت بنا لیا اس نے اپنے آپ کو عیب دار بنا لیا اور جس نے اپنی پریشانیاں بیان کر دیں وہ ذلت پر راضی ہوگیا اور جس کی زبان اس پر حاکم ہوگئی وہ خود ہی بے وقار ہوگیا۔

630

بھاپ کی جلن ختم کرنے کیلئے

اگر ہاتھ یا جسم کا کوئی حصہ بھاپ سے جل جائے تو کچا آلو پیس کر لگا دیجئے چند منٹوں میں ہی آپ کافی آرام محسوس کریں گی۔

قلب کی غفلت

631

جو شخص ہر نماز کے بعد اَلرَّحْمٰنُ اَلرَّحِیْمُ 11 بار پڑھے گا اس کے قلب کی غفلت دور ہو جائے گی۔

حرام و ناجائز کام

632

اگر خدائے پاک حرام و ناجائز کاموں سے منع نہ فرماتا تو بھی عقل مند کے لئے ضروری تھا کہ ان سے پرہیز کرتا۔

آنکھ کے دانے کے خاتمے کیلئے

633

آنکھ میں دانے نکل آئیں تو چند دن ماش کی دال کا استعمال متواتر کریں، شفا مل جائے گی۔

634

بیوی محبت کرنے لگے

سورۃ یوسف گلاب و زعفران سے لکھ کر تعویذ بنا کر باندھیں یا گھول کر پئیں اور اعمال کی پابندی کریں۔

635

نفس کی تدبیر

تیرے اور حق تعالیٰ کے بیچ میں سب سے بڑا پردہ یہ ہے کہ تو اپنے نفس کی تدبیر میں لگا رہے اور اپنے جیسے عاجز شخص پر اپنے اسباب میں بھروسہ رکھے۔

636

مرگی کیلئے

مرچ سیاہ دو تولہ اور دس تولہ منڈی بوٹی لیں۔ اسے تھوڑے گائے کے دودھ میں ملا لیں۔ چھ چھ ماشہ مریض کو شفایابی تک کھلائیں۔ مرگی کا عارضہ ختم ہو جائیگا۔

تنگی رزق کا حل

637

اسم یَاوَھَّابُ کو روزانہ 11 سو مرتبہ صبح وشام 111 دن پڑھنے سے ذرائع آمدن میں یکدم اضافے کے آثار پیدا ہو جائیں گے۔

نیک دوست کا ساتھ

638

غیروں کے ساتھ باغ میں جانے کی بجائے نیک دوستوں کے ساتھ پاؤں میں بیڑیاں پہنے رہنا بہتر ہے۔

آنکھ میں چونے کی چھینٹ

639

چونے کی چھینٹ آنکھ میں پڑ جائے تو پھٹکری پانی میں حل کر کے آنکھ میں ڈال دیں شفا ہو گی۔

داد کے خاتمہ کیلئے

640

پھنسی پر کالی روشنائی سے یہ آیت "فَاَصَابَهَا اِعْصَارٌ فِيْهِ نَارٌ فَاحْتَرَقَتْ" لکھ دیں انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

شفاعت کرنا

641

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: شب جمعہ اور جمعہ کے دن مجھ پر کثرت سے درود بھیجا کرو کیونکہ جو شخص ایسا کریگا میں قیامت کے دن اس کیلئے سفارشی بنونگا۔

بخار کے خاتمہ کیلئے

642

توری کی سبزی پر ہلکی کالی مرچ پسی ہوئی چھڑکیں اور صبح، دوپہر اور شام تین وقت بغیر روٹی کے تین دن کھلائیں۔

643

کان درد کیلئے

کان کے درد کیلئے سورۃ اعلیٰ (پارہ 30:) 7 بار پڑھ کر کان پر دم کر دیں، انشاء اللہ درد دور ہو گا۔

644

جاہلوں سے پرہیز

جاہلوں کی صحبت سے پرہیز کرو کیوں کہ اگر تم ان سے کچھ بھی نہ سیکھو تب بھی ان سے اثر لئے بغیر نہیں رہ سکتے۔

645

کھانسی کے خاتمے کیلئے

کھانسی اگر بچے کو ہے تو اسے چھوٹی الائچی پیس کر کھلا دیجئے یا شہد کو گرم کر کے بچے کو دیں، کھانسی ختم ہو جائے گی۔

جس شخص کی ناف ٹل گئی ہو

646

اس آیت کریمہ ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَ رَحْمَةٌ (بقرہ:178) کو لکھ کر ناف پر باندھ دیں۔

فولاد کی طرح سخت

647

مومن ایمان والوں کیلئے ریشم کی طرح نرم ہوتا ہے اور منافقوں اور دھوکا بازوں کیلئے فولاد کی طرح سخت۔

کھٹا دہی

648

دہی اگر کھٹا ہو جائے تو اس میں دودھ ملا دیں۔

نورانیت

649

نورانیت حاصل کرنے کے لئے نماز فجر کے بعد سینہ پر ہاتھ رکھ کر ستر بار اَلْفَتَّاحُ پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ نورانیت حاصل ہوگی۔

مہمان نوازی

650

مہمانوں کے آگے تھوڑا کھانا رکھنا بے مروتی ہے اور حد سے زیادہ رکھنا تکبر ہے۔ (امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ)

جنون کو ختم کرنے کیلئے

651

انسانی بال لیں اور اسے روغن گل میں جلا کر حل کرلیں اسے چند بار سونگھنے سے جنون کا عارضہ ختم ہو جاتا ہے اسکا فوری عمل آزمودہ ہے۔

ہیبت

652

اَلْمُعِزُّ شب جمعہ کو بعد نماز مغرب چالیس بار پڑھنے سے پڑھنے والے کی ہیبت لوگوں کے دلوں میں پیدا ہو جائے گی۔

عزت و مقام

653

جاہ و عزت سے بچو، عزت تمہارے پیچھے پیچھے پھرے گی ورنہ تم اس کے پیچھے ہو گے۔ (حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ)

آم کی حدت دور کرنے کیلئے

654

آم کھانے کے بعد چند جامن کھائیں تو آم کی گرمی دور ہو جاتی ہے اور کسی قسم کا سائیڈ افیکٹ نہیں ہوتا۔

دشمن سے حفاظت کیلئے

655

دشمن یا کسی طرح کی بلا کا خوف ہو تو اس آیت کو کثرت سے پڑھنا چاہیے فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ٥

سوئی سے پہاڑ کھودنا آسان

656

سوئی سے پہاڑ کھودنا اور اکھاڑنا آسان ہے مگر دلوں سے تکبر کا نکالنا مشکل ہے لہٰذا کسی اللہ والے کا دامن تھامیں۔

سالن میں مرچیں کم کریں

657

مناسب سی دہی پھینٹ کر سالن میں ڈالیں اور بھون لیں اور اگر گوشت وغیرہ ہو تو تھوڑا لیموں بھی ملا لیں ذائقہ بن جائے گا۔

مصیبت سے نجات

658

اگر کوئی مصیبت میں ہو تو اس آیت کا ورد مسئلہ حل ہونے تک روزانہ 101 بار کرنا چاہیے۔ حَسْبُنَا اللهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ۔

آداب خطاب

659

خطاب کرنے والے کی طرف دیکھنے سے اور متوجہ ہونے سے بات دل میں بیٹھتی ہے، اتر جاتی ہے اور یاد رہتی ہے۔

بچوں کی کمزوری کیلئے

660

سنگترے کا رس شہد میں ہموزن ملا کر دن میں تین بار بچے کو کم از کم 3 ماہ تک پلائیں۔

661

کتے کا حملہ

اگر راستہ میں کتا حملہ کرے یا شور مچادے تو فوراً اس آیت کریمہ کو پڑھ لے ''وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيْدِ'' (الکھف:18)

662

کام کرنے کی قابلیت

حرکت کرنا اور حرکت کی صلاحیت دینا، کام کرنا اور کام کرنے کی قابلیت بخشا دونوں کی توفیق اللہ پاک ہی دیتے ہیں۔

663

دل کے والو کا بند ہونا

جنڈ کے درخت کی اندرونی سبز چھال کو کورے برتن میں بھگو کر مریض کو پلاتے رہیں، دن میں چند بار کم ازکم 40 دن، صرف بڑے جنڈ کی چھال سے علاج کیا جائے۔

بہترین عبادت

664

نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ سے نیک گمان رکھنا اللہ تعالیٰ کی بہترین عبادت میں سے ہے۔ (ترمذی، عن ابوہریرہؓ)

جب کام لینے والا پسند کرے

665

بندہ سمجھتا ہے کہ ہم نے کام پورا کر دیا ہے مگر کام تو جب پورا ہوتا ہے جب کام لینے والا پسند کرے۔

پیٹ درد کیلئے

666

پیٹ درد کیلئے انار کے دانے، نمک اور پسی ہوئی کالی مرچ چھڑک کر دن میں چند بار کھائیں' انشاء اللہ شفاء ہوگی۔

اولاد کیلئے

667

مایوس شخص اس آیت رَبِّ هَبْ لِی مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً إِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ 41 دن میں سوالاکھ پڑھے انشاء اللہ صالح فرزند ہوگا۔

چین نہیں آتا

668

حق سبحانہ، تعالیٰ کی محض محبت کی وجہ سے عبادت کرنی چاہیے جب تک اس کی بندگی نہ کریں چین نہیں آنا چاہیے۔

مچھر بھگائیں

669

سنگترے کے چھلکے کا دھواں دینے سے مچھر بھاگ جاتے ہیں، اس کے علاوہ تھوڑی سی اجوائن کی دھونی دینے سے بھی مچھر ختم ہو جاتے ہیں۔

حضور ﷺ کی زیارت کیلئے

670

شب جمعہ میں سورۃ کوثر ایک ہزار مرتبہ اور ایک ہزار مرتبہ درود شریف پڑھیں، مراد حاصل ہوگی۔

محبت کی وجہ سے بندگی

671

اس کی محبت اور عنایت مجھے اس کی بندگی، عبادت اور اطاعت پر قائم رکھتی ہے۔

تیزابیت دور کرنے کیلئے

672

صبح و شام ایک ایک چکوترا (گریپ فروٹ) کم از کم چالیس دن استعمال کریں انشاء اللہ افاقہ ہوگا۔

673

پیٹ کی بیماریاں اور بخار

سورۂ لقمان کم از کم سات دن لکھ کر پینے سے پیٹ کی تمام بیماریاں اور ہر قسم کا بخار جاتا رہتا ہے۔

674

محبت عطیہ خداوندی

کسی نے پوچھا "محبت کیا ہے" فرمایا یہ مخلوق کے تعلیم دینے اور سکھانے سے نہیں آتی بلکہ یہ تو عطیہ خداوندی ہے اس کے فضل سے ملتی ہے۔

675

مٹی کی ہنڈیا کی عمر بڑھائیں

گڑ والے چاول سب سے پہلے مٹی کی ہنڈیا میں پکانے سے ہنڈیا جلدی نہیں ٹوٹے گی۔

جادو ختم

676

اگر کسی مرد یا عورت پر جادو کیا گیا ہو تو یَاقَہَّارُ کو 7 روز تک 1836 مرتبہ روزانہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں۔ اول و آخر گیارہ مرتبہ آیۃ الکرسی اور سورۃ الناس پڑھیں

عقلمند

677

عقل مند اپنے آپ کو پست کر کے بلندی حاصل کرتا ہے اور نادان اپنے آپ کو بڑھا کر ذلت اٹھاتا ہے

حاملہ کی متلی

678

حاملہ کی قے، متلی اور ابکائی کو دور کرنے کیلئے قندھاری انار کا رس پینا بہت ہی مفید ہے اور عام حالات میں بھی مفید تر ہے

مشکل آسان ہو

679

جو شخص جمعہ کے روز نماز جمعہ سے پہلے پاک وصاف ہو کر خلوت میں اَللّٰہُ دوسو بار پڑھے تو اس کی مشکل آسان ہوگی۔

بدتہذیبی بری ہے

680

ایمان لانے کے بعد بدتہذیبی بری ہے اور جو ان حرکات سے باز نہ آئیں تو وہی اللہ تعالیٰ کے نزدیک ظالم ہیں۔

خون کا سرطان

681

خون کے سرطان میں ہیموگلوبن سرخ خلئے کم ہو گئے ہوں تو دن میں پانچ گلاس قندھاری انار کا رس استعمال کرنا بہت مفید ہے۔

682

اولاد نرینہ

اَلْمُتَکَبِّرُ شب زفاف میں اہلیہ کے پاس جا کر مباشرت سے قبل دس بار ذکر کرے تو اولاد نرینہ نیک بخت ہوگی۔

683

دکھ دینے والے کلمات

نیک کام میں خرچ کیئے ہوئے مال کو احسان جتا جتا کر اور دکھ دینے والے کلمات کہہ کر ضائع نہ کرو۔

684

صبح چاق و چوبند اٹھنے کیلئے

ایک چمچ شہد ایک پیالی دودھ میں ڈال کر رات کو سوتے وقت پی لیجئے۔ صبح نہایت چاق و چوبند اور تازہ ہو کر اٹھیں گے۔

میاں بیوی کی محبت

685

میاں یا بیوی کا نام مع والدہ کے لکھے اور اوپر اَلرَّحْمٰنُ اَلرَّحِیْمُ لکھے اور اسے خوشبو لگا کر گھر میں رکھے آپس میں محبت پیدا ہوگی۔

راہ ہدایت

686

جو شخص راہ ہدایت پر چلے گا اس کے لئے نہ دنیا میں کوئی ڈر ہے اور نہ وہ آخرت میں ہی غمگین ہوگا۔

پسینہ کی بو

687

پسینہ میں بو ہو تو شہد کی چائے یا شہد کے شربت میں لیموں کا رس چند قطرے ملا کر روزانہ دو کپ پینے سے پسینہ کی بو ختم ہو جاتی ہے۔

آفات

688

اَلْقُدُّوْسُ بعد نماز جمعہ کے 185 بار پڑھ کر اور سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّ الْمَلٰئِکَۃِ وَالرُّوْحِ ایک روٹی پر لکھ کر جو شخص کھائیگا انشاء اللہ تمام آفات سے محفوظ رہے۔

اتباع سنت

689

دوپہر کا سونا جو بہ نسبت سنت ہو، ان کروڑوں شب بیداروں سے بہتر ہے جو اتباع سنت کی نیت سے نہ ہو۔

منہ کا ذائقہ کڑوا

690

اگر منہ کا ذائقہ کڑوا ہو تو شہد کی چائے میں یا شہد کے شربت میں لیموں کے چند قطرے ملا کر دن میں چار بار شفایابی تک نوش کریں۔

691

صفائیٔ قلب اور غنا

اَلْمَلِکُ جو شخص زوال کے وقت ایک سو بیس بار پڑھا کرے اللہ تعالیٰ اس کو صفائیٔ قلب اور غنا عطا فرمائینگے۔ خواہ غناء ظاہری ہو یا غنا باطنی۔

692

اللہ کا خوف

قرآن کا مقصود لوگوں کو سمجھانا ہے لیکن ہدایت اور نصیحت وہی لوگ پکڑتے ہیں جن کے دل میں اللہ کا خوف ہے۔

693

بدن کی دردیں

جوڑوں، کمر، پٹھوں، گردن اور مثانے کے درد میں لونگ کو دن میں چار بار قہوے کے ساتھ چند ماہ استعمال کیا جائے تو بہت فائدہ ہوتا ہے۔

694

برے حالات

جس کے گھریلو یا کاروباری حالات خراب ہوں اسے چاہیئے کہ اَلْخَبِیْرُ کثرت سے پڑھے انشاء اللہ کچھ عرصے بعد حالات اچھے ہو جائینگے۔

695

اللہ تعالیٰ کی حدود

جس شخص نے اللہ کی باندھی ہوئی حدود سے باہر قدم رکھا، اس نے اپنے آپ ہی پر ظلم کیا ہے۔

696

لونگ اور رال کا بہنا

بعض لوگوں کو سوتے ہوئے منہ سے پانی بہنے کی شکایت ہوتی ہے ایسے میں لونگ کا استعمال بہت مفید ہے۔

نرمی اور شفقت

697 اَلرَّحْمٰنُ جو شخص روزانہ سو بار پڑھے گا اس کے قلب میں مخلوق کیلئے نرمی اور شفقت پیدا ہوگی۔

لمبی عمر اور نیک عمل

698 آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا گیا کہ سب سے اچھا شخص کون ہے؟ فرمایا جس کی عمر لمبی اور اعمال نیک ہوں لوگوں نے پوچھا سب سے بڑا شخص کون ہے؟ فرمایا جس کی عمر لمبی اور اعمال بد ہوں۔

آنکھوں کی تکلیف کیلئے

699 جس آنکھ میں تکلیف ہو اس کے مخالف پیر کے انگوٹھے ناخن میں آک کا دودھ بھر دیں۔ آنکھ ٹھیک ہو جائے گی۔

700

بواسیر کیلئے

سورۃ اعلیٰ (پ30) اکثر اوقات اور خصوصاً ہر نماز کے بعد ایک بار ضرور پڑھا کریں۔ انشاء اللہ ہر قسم کی بواسیر دور ہوگی۔

701

دلوں کا نور

درود شریف دلوں کا نور ہے' گناہوں کا کفارہ ہے۔ زندہ اور مردوں دونوں کیلئے رحمت ہے۔ درود دعا بھی ہے اور دوا بھی۔ درود سوغات بھی ہے۔ درود اللہ اور ملائکہ کی سنت بھی اور قبولیت دعا کا سبب بھی۔ (ہر دعا کے اوّل و آخر درود شریف پڑھنا چاہیے)

702

گلے کی سوزش کیلئے

ذرا سی گلیسرین اور شہد پاؤ بھر دودھ میں ملا کر دن میں دو بار پینے سے چند دن میں مکمل افاقہ ہو جاتا ہے۔

درد قلب کا علاج

703

سورۃ الانشراح (پ 30) 7 بار پڑھ کر سینہ پر دم کرنے سے تنگی اور درد قلب کو سکون ہوتا ہے۔

لوگوں سے بے نیاز

704

جو شخص اللہ کیلئے محنت اٹھاتا ہے وہ اپنے ہی بھلے کیلئے اٹھاتا ہے ورنہ اللہ تو دنیا جہان کے سب لوگوں سے بے نیاز ہے۔

تیز بخار کو کم کرنے کی ترکیب

705

اگر اچانک تیز بخار ہو جائے تو بکری کا دودھ ہاتھوں، پاؤں اور سر پر دن میں تین بار ملے بخار اسی دن اتر جائیگا۔

706

خوف زدہ

اگر کوئی شخص خوف زدہ ہو اور کسی قسم کا بھی ڈر ہو تو وہ 36 بار اَلْمُؤْمِنُ کہے، اس کی جان و مال کی حفاظت ہو گی۔

707

مصیبتوں کا عافیت سمجھیں

حضرت شعبی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں اگر لوگ چھوٹی مصیبت کا مقابلہ بڑی مصیبتوں سے کریں تو بعض مصیبتوں کو بھی عافیت سمجھیں۔

708

جلے مقام پر ٹھنڈک پیدا کرنا

جلے ہوئے مقام پر اگر فوری طور پر کسٹر آئل لگا لیا جائے تو ٹھنڈک پڑ جاتی ہے اور جلا ہوا نشان بھی باقی نہیں رہتا۔

709

محتاجی

اَلْعَزِیْزُ چالیس روز تک ہر روز اکتالیس بار پڑھیں تو کبھی کسی کی محتاجی نہ ہوگی یعنی اللہ بہت کچھ عطا فرمائے گا۔

710

سچائی اور جھوٹ میں جنگ

سچائی میں اگر چہ خوف ہے مگر باعث نجات ہے اور جھوٹ میں گو عارضی اطمینان ہے مگر باعث ہلاکت ہے

711

سکتہ کے خاتمے کیلئے

ہینگ لیں اور اسے عرق سونف میں ڈال کر پیس لیں مریض کو یہ سنگھانے سے سکتہ دور ہو جاتا ہے۔

مقاصد کا حصول

712

اگر اَلْوَھَّابُ کو چودہ بار چاشت کے نفلوں کے آخری سجدہ میں روزانہ کہے تو اس کو جائز مقاصد حاصل ہوں۔

بدخو کی دوستی

713

بدخو کی دوستی سے احتراز لازم ہے کیونکہ وہ اگر بھلائی بھی کرنا چاہتا ہے تو بھی اس سے برائی سرزد ہو جاتی ہے۔

دردِ شکم کیلئے

714

ذرا سا گڑ لیجئے اور چند مرچوں کے بیج نکال لیجئے اور ان دونوں کو یکجا کر کے مناسب وقفے سے تین چار بار نگل لیجئے کچھ ہی دیر میں افاقہ ہوگا۔

بداخلاق شخص

715
جو شخص نہایت بد اخلاق ہو تو مشک وزعفران سے اَلرَّحْمٰنُ لکھ کر کسی محفوظ جگہ اس بداخلاق کے گھر میں دفن کر دیا جائے جلد ٹھیک ہو جائیگا۔

تنگدستی

716
تنگدستی جسے لوگ معیوب سمجھیں' اس مالداری سے اچھی ہے جس سے انسان گناہوں اور خرابی میں مبتلا ہو کر ذلیل و رسوا ہو۔

زکام سے محفوظ رہنے کیلئے

717
ایک بڑا چمچ شہد ایک گلاس پانی میں ملا لیجئے پھر ایک چمچ ادرک کا رس ملا دیجئے' دن میں تین چار مرتبہ پی لیجئے زکام جاتا رہے گا۔

امرناگوار

718

اگر کسی شخص کو امر ناگوار کا اندیشہ ہو اَلرَّحْمٰنُ اَلرَّحِیْمُ کی کثرت کرے یا لکھ کر بازو پر باندھے۔

چند بہترین اصول

719

کم بولنا حکمت ہے، کم کھانا صحت، کم سونا عبادت اور عوام سے کم ملنا عافیت ہے۔

نکسیر روکنے کیلئے

720

نیم کے پتے یا اجوائن پیس کر سر پر رکھے اس طرح نکسیر بند ہو جائے گی۔

کمال یقین

721

جو شخص ہزار مرتبہ روزانہ اَللّٰہُ پڑھے اللہ تعالیٰ اس کو کمال یقین نصیب فرما دیں گے۔

عقلمند کی خاموشی

722

عقل مند اگر خاموش رہے تو قدرت الہی میں فکر کرتا ہے اور جب نگاہ اٹھا کر دیکھتا ہے تو عبرت حاصل کرتا ہے۔

چاندی کے برتنوں کیلئے

723

جس پانی میں آلو ابالے گئے ہوں اس پانی سے چاندی کے برتن دھوئیں تو صاف ہو جاتے ہیں۔

724

لاعلاج مریض کی صحت کیلئے

اَللّٰہُ تمام شکوک دور کرنے یقین کی نعمت پیدا کرنے اور لاعلاج مریض کی صحت کیلئے ہزار بار روزانہ ورد رکھیں، دعا کریں۔

725

ہر ضرورت پوری ہو

عطار بن ابو ریاحؒ کہتے ہیں کہ مجھ کو یہ بات پہنچی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص صبح کو سورۃ یٰسین پڑھے اس کی ضرورتیں پوری ہو جائینگی۔ (دارمی)

726

ہاتھ پیر کا سن ہونا

روزانہ آدھا لیموں اور ایک چمچ شہد ایک گلاس پانی میں ملا کر کم از کم 40 دن پئیں انشاء اللہ افاقہ ہو گا۔

بچوں کے سوکڑے کیلئے

727

فجر کی سنتوں اور فرائض کے بعد اکتالیس بار الحمد شریف مع وصل بسم اللہ شریف کے (یعنی مِلْحَمْدُ لِلّٰہِ کر کے) اکتالیس دن روزانہ پڑھیں۔

مصیبت میں گھبرانا

728

☆ مصیبت میں گھبرانا کمال درجے کی مصیبت ہے۔ ☆ ہر بات میں ہاں ہاں کرنا منافقت کی نشانی ہے۔

کھانسی اور دمے کا پرہیز

729

کھانسی اور دمے کے مریض ناریل نہ کھائیں کیونکہ ناریل گرم خشک ہوتا ہے لہٰذا یہ سانس کی نالیوں میں خشکی پیدا کرتا ہے۔

انوار الٰہی

730

چلتے پھرتے، اٹھتے بیٹھتے، وضو بغیر وضو ہر وقت یَانُوْرُ پڑھنے سے دل انوار الٰہی سے منور ہو جاتا ہے۔

خدمت اور لگن

731

جس نے کچھ بھی پایا وہ اپنے کام سے لگن اور بڑوں کی خدمت سے ہی پایا۔

وضع حمل میں آسانی کیلئے

732

آخری ماہ شروع ہو تو روزانہ چھ ماشہ روغن بادام پی لیں اس سے ولادت میں سہولت ہوگی۔

قید سے رہائی کیلئے

733

سورۂ طور (پ 27) قیدی کثرت سے پڑھتا رہے انشاءاللہ قید سے جلد رہائی حاصل ہوگی۔

غیبت کیا ہے

734

غیبت اس کو کہتے ہیں کہ کسی شخص کا پیٹھ پیچھے ذکر اس طرح کیا جائے کہ اگر وہ سنے تو اسے رنج ہو۔

خشک جلد

735

کیلئے انڈے کی زردی میں بادام کا تیل، شہد، گھیکوار کا رس اور جبیٔ ہم وزن باریک پیس کر اس کا لیپ ایک دن کے وقفے سے لگانا مفید ہوتا ہے۔

غناء و فراخی دنیا کیلئے

736

بِسْمِ اللّٰهِ لَا حَوْلَ الخ، درود شریف، استغفار اور شام کے بعد سورۃ الملک، پ29۔

افلاس آپکا محافظ

737

افلاس گناہوں سے بچاتا ہے اور تونگری معصیت کا جال ہے۔ افلاس کو اپنا محافظ خیال کر۔

حافظے کے لئے

738

ایک سبز الائچی اور ایک چٹکی پسی ہوئی دار چینی چبا کر ایک گلاس دودھ پلانے سے بچوں کا حافظہ تیز ہوتا ہے۔

حصول غناء

739

روزی روزق اور دولت میں اضافہ کیلئے سورۃ فاتحہ ایک بار، سورۃ الم نشرح تین بار اور سورۃ قدر 11 بار پڑھیں۔ اول و آخر درود شریف 11,11 بار۔

اللہ تعالیٰ کی امانت

740

نماز اللہ تعالیٰ کی امانت ہے جو اس نے بندوں کے سپرد کر رکھی ہے۔ (خواجہ معین الدین اجمیریؒ)

جریان کیلئے

741

لسوڑے کے 20,15 دانے چالیس دن مسلسل استعمال کرائیں، انشاء اللہ فائدہ ہو گا۔

ہر مرض اور بیماری کیلئے

742

یَاشَافِیَ الْاَمْرَاضِ شفایابی تک نہایت کثرت کے ساتھ پڑھیں انشاء اللہ، اللہ کی رحمت سے شفا ہو گی۔

اللہ کا قرب حاصل کرنا

743

اللہ کا قرب اس طرح حاصل ہوتا ہے کہ جن چیزوں کو اللہ پناد شمن جانتا ہے ان چیزوں کو بندہ بھی دشمن سمجھے۔

ہچکی کیلئے

744

الائچی خورد چھلکے سمیت چلم میں رکھ کر دھواں پینے سے ہچکی دور ہو گی، اگر تکلیف زیادہ ہو تو چند بار مستقل کریں۔

مردانہ کمزوری کیلئے

745

سورۃ البینہ (پارہ 30) کسی پلیٹ میں زعفران سے لکھ کر پلانے سے کمزوری ختم ہو جاتی ہے۔

سب سے زیادہ عذاب

746

قیامت میں سب سے زیادہ عذاب اس عالم کو ہو گا جس سے لوگوں کو فائدہ نہیں پہنچا۔

بواسیر کیلئے

747

ھوالشافی : چاسکو 5 گرام، مکھن 1 ٹکی۔ صبح نہار منہ ایک تا 2 ماشہ مکھن کے ساتھ چالیس دن استعمال کریں۔

فراخی رزق

748

نماز کے بعد باوضو اسم یَاوَھَّابُ اول و آخر درود شریف 3،3 بار تین سو بار پڑھا کریں انشاء اللہ فراخی نصیب ہوگی۔

دین کی بات چھپانا

749

جس نے دین کی بات پوچھنے کے باوجود چھپائی اسے قیامت کے دن آگ کی لگام ڈالی جائیگی۔

سرسوں کے تیل کی بو ناخوشگوار لگے تو

750

ایسی صورت میں اس میں ناریل کا تیل ملا لینے سے اس کی تاثیر بڑھ جاتی ہے اور بو ختم ہو جاتی ہے۔

751

جنازہ دیکھیں تو پڑھیں

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْحَيِّ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ ط

حضور نبی اکرم ﷺ کا ارشاد ہے کہ یہ کلمات پڑھنے والا بخشا جائیگا۔

752

الفت کے قابل

محبت ان سے رکھو جو نیکی کر کے فراموش کر دیں اور کوئی قصور دیکھیں تو معاف کر دیں۔

753

کھانے کی لذت کیلئے

کلونجی اور میتھرے ہم وزن پیس کر ایک چٹکی کھانا پکانے کے دوران ڈال دیں تو کھانے میں لذت آجاتی ہے۔

نکاح پڑھ کر یہ پڑھو

754

بَارَكَ اللهُ لَكَ وَ بَارَكَ عَلَيْكَ وَجَمَعَ بَيْنَكُمَا بِالْخَيْرِ ط اللہ تعالیٰ نکاح مبارک کریگا۔

بعد لدمنہ کہ ریہی

تیرا مال

755

تیرے مال میں سے تیرا حصہ تو صرف اتنا ہے کہ جتنا تو نے آخرت کیلئے بھیج دیا اور جسے تو نے دنیا میں چھوڑ دیا، وہ تیرے وارثوں کا ہے۔

اگر لو لگ جائے تو

756

پیاز کا رس نکال کر اسے پی لیجئے۔ چند بار ایسا کرنے سے مکمل افاقہ ہوگا۔

حفاظت کیلئے

757

سفر کے وقت اہل وعیال کی طرف سے فکر ہو تو ان کی گردن پر ہاتھ رکھ کر سات مرتبہ اَلرَّقِیْبُ پڑھے تو وہ مامون رہیں گے۔

اجر کا باعث

758

نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ تو نے اپنے خادم پر اس کی محنت کو جتنا کم کیا ہو گا یہ تیرے لئے میزان اعمال میں اجر کا باعث ہو گا۔ (ابن حبان عن عمر بن حریث ؓ)

جھریاں

759

گھیکوار کا گودا یا رس چہرے پر روزانہ لگاتے رہیں۔ اس میں تھوڑا سا روغن بادام ملانا بھی فائدہ مند ہوتا ہے۔

جب کسی کے سامنے پیش ہو

760 وَاللّٰہُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰی مَا تَصِفُوْنَ 15 مرتبہ پڑھ کر پیشانی پر انگلی کھینچ لیں انگلی اوپر سے نیچے کی طرف کھینچنی ہے۔

آگ کی لگام

761 جس سے دین کی بات پوچھی گئی اور اس نے اسے جاننے کے باوجود چھپایا تو اسے قیامت کے دن آگ کی لگام ڈالی جائیگی۔

درد گردہ کیلئے

762 درد گردہ میں لوبیا کا شوربہ انتہائی مفید ہے۔ دو دو گھنٹے کے وقفے سے ایک پیالہ پئیں۔

دشمنوں سے نجات

763

ہر نماز کے بعد 21 بار اتنی آیت وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ ط (المائدہ، 67) پڑھنے سے کوئی دشمن نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

گناہ سے زیادہ نقصان

764

گناہ تمہیں اتنا نقصان نہیں پہنچاتا جتنا مسلمان بھائی کو ذلیل اور بے عزت کرنا۔ (خواجہ معین الدین اجمیریؒ)

تھکاوٹ دور

765

سارا دن پھرنے کے بعد پاؤں تھک گئے ہوں تو نیم گرم پانی کے ٹب میں نمک ڈال کر پاؤں ڈبو کر پندرہ بیس منٹ کیلئے بیٹھیں، بہت سکون ملے گا اور تھکاوٹ دور ہو جائے گی۔

نافرمان اولاد

766

اگر کسی کا نافرمان لڑکا ہو تو صبح کے وقت لڑکے کی پیشانی پر ہاتھ رکھ کر اپنا منہ آسمان کی اٹھا کر 21 مرتبہ اَلْمُقِیْتُ پڑھیں لڑکا نیک بخت اور فرمانبردار بن جائیگا۔

سورۂ مدثر فراخی رزق

767

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا جو شخص روزانہ سورۂ مدثر پڑھے، اللہ تعالیٰ اسے غنی کر دیگا۔

محبت انسان کے اندر ایک شریف جذبے کا نام ہے جسے نکال دیا جائے تو انسان اور حیوان میں کوئی فرق نہیں رہتا۔

پھیپھڑوں کی طاقت کیلئے

768

تازہ آموں کا بکثرت استعمال پھیپھڑوں کو طاقتور اور تندرست بناتا ہے۔

دن بخیر گذرے

769

طلوع آفتاب کے وقت قُلْ یٰٓاَیُّهَا الْکٰفِرُوْنَ پڑھیں دن بخیر گزرے گا اور تلاوت کا ثواب زائد ہے۔

دال روٹی بھی نعمت

770

محبت جہاں ہو وہاں دال روٹی بھی نعمت بن جاتے ہیں۔محبت نہ ہو تو بڑی نعمتیں بھی عذاب نظر آتی ہیں۔

ہڈیوں کی مضبوطی کیلئے

771

پیاز ہڈیوں میں پیدا ہونے والی بیماریوں کے خلاف قوت مدافعت پیدا کرتا ہے اور ہڈیوں میں کیلشیم کی کمی کو پورا کرتا ہے۔

اللہ کے خاص بندے

772

اللہ کے کچھ بندے ایسے ہیں جنہیں اللہ بندوں کی ضرورت پوری کرنے کیلئے خاص طور پر نعمتوں سے نواز دیتا ہے۔

افضل ترین عبادت

773

ذکر خداوندی افضل ترین عبادت ہے، لیکن جس محنت سے دنیا ذاکر ہو جائے، وہ اس سے بھی زیادہ افضل ہے۔

لہسن کے فوائد

774

لہسن کے عرق میں برابر مقدار بھینس کا دودھ شامل کر کے اس کی آدھا تولہ مقدار روزانہ مریض کو پلائیں۔

775

ہر رکاوٹ کا خاتمہ

کوئی بھی عمل کرتے وقت سورہ عبس پ ۳۰ کو پڑھ لیں، کسی بھی عمل میں رکاوٹ نہ ہوگی۔

776

اکرام کیا ہے؟

اکرام یہ ہے کہ ہر انسان کے حقوق کو ادا کرنا بلکہ اس کے حق سے زیادہ ادا کرنا۔ (مولانا محمد یوسفؒ)

778

دمہ کا علاج

نمک مولی ایک ماشہ کو شہد میں ملا کر مریض کو روزانہ پلائیں انشاءاللہ فائدہ ہوگا۔

نظر کی حفاظت کیلئے

779

سورۃ القدر (پ ۳۰) آسمان کی طرف نظر رکھ کر ایک مرتبہ روزانہ پڑھ لیں بصارت میں کمی کبھی نہ ہوگی۔

اخلاص نیت

780

ہر وقت اپنی نیت کا صحیح کرنا اور نیک عمل کے آخر میں اپنی نیت کی کوتاہیوں کو نکالنا۔

دمہ کے مریضوں کیلئے

781

کریلے کا بطور غذا اور دوا استعمال دمہ کے مریض کیلئے انتہائی مفید ہے۔

اسم اعظم

782

اوّل و آخر درود شریف 11 بار کے ساتھ ایک ہی جگہ پر 11 سو مرتبہ اَللّٰہُ الصَّمَدُ چالیس دن پڑھے دعا قبول ہو گی۔

فضول باتوں سے پرہیز

786

جس عمل سے دین کا فائدہ نہ ہو اور دنیا کا اس سے پرہیز کرنا ہی بہتر ہے۔

یرقان کا علاج

787

گاجروں کے رس میں مصری ملا کر روزانہ ایک گلاس پینے سے یرقان سے چھٹکارا حاصل ہو جاتا ہے۔

ہر مرض سے شفا کیلئے

788 یَامَاجِدُ تین ہزار مرتبہ پڑھ کر شہد پر دم کر کے رکھ لیں، ہر مرض میں انشاء اللہ شفا ہو گی۔

نیک نیتی کے صحیح اصول

789 پوری امت کی حیات کا مسئلہ حسن نیت کے ساتھ صحیح اصولوں کے مطابق تبلیغ پر موقوف ہے۔

(عبدالعزیز دھلویؒ)

کھانسی میں آرام

790 مولی کے پتوں کے عرق میں مصری ملا کر دن میں تین بار دو دو چھٹانک مریض کو پلانے سے افاقہ ہوتا ہے۔

791

حصول اولاد کیلئے

اولاد کی خواہش ہو تو چالیس دن روزے رکھے اور روزانہ ایک ہزار بار افطار کے وقت اَلْوَارِثُ پڑھے تو انشاء اللہ امید پوری ہوگی۔

792

نیت میں فتور

کسی شے میں اتنا جلد تغیر نہیں آتا جتنا کہ نیت میں فتور آجاتا ہے۔اس لیے نیت کو بار بار ٹٹولتا رہے اور حسن نیت کو تازہ کیا جائے۔ (عبدالعزیز دہلویؒ)

793

چولائی کا ساگ

چولائی کے ساگ کا استعمال یرقان سے چھٹکارے میں مدد دیتا ہے۔

ہر حاجت پوری

794

یابدوح اتوار کے دن ایک نشست میں بیس ہزار مرتبہ پڑھ کر خیرات دیں اس کے بعد اتنی ہی تعداد میں کسی بھی مقصد کیلئے پڑھیں حاجت پوری ہوگی۔

ایمان کیا ہے؟

795

اللہ کے سارے وعدوں پر پورا پورا یقین رکھنے کا نام ایمان ہے۔ (عبدالعزیز دہلویؒ)

بڑھی ہوئی تلی کا علاج

796

مولی کے رس میں نمک ملالیں اور اس کی دو چھٹانک مقدار روزانہ مریض کو پلائیں' انشاء اللہ چالیس دن بعد ہی واضح افاقہ ہوگا۔

سورۃ فلق اور سورۃ الناس

797

ہر قسم کے درد، بیماری اور سحر و نظر بد وغیرہ کیلئے پڑھنا، دم کرنا اور لکھ کر باندھنا مفید ہے۔ سوتے وقت پڑھنا بہترین حصار ہے۔

دعوت دینے والا

798

دین کی دعوت دیتے وقت میں تمام ساتھی آنکھ، کان، ناک کی طرح خاموش رہیں اور دعوت دینے والا زبان کی طرح گویا ہو۔ (عبدالعزیز دہلویؒ)

بے خوابی کا علاج

799

آدھا تولہ کدو کے بیج کا مغز لے کر اس میں تھوڑی سی مصری ملا کر کھانے سے بے خوابی دور ہو جاتی ہے۔

800

بواسیر کیلئے

سورۃ اعلیٰ (پ20) اکثر اوقات خصوصاً ہر نماز کے بعد پڑھا کریں۔ انشاء اللہ ہر قسم کی بواسیر دور ہوگی۔

801

ترغیب

آج ترغیب دی جاتی ہے اپنا حق وصول کرنے کی دوسروں کے حقوق ادا کرنے کی تاکید نہیں کی جاتی۔ (عبدالعزیز دہلویؒ)

802

معدے اور بے خوابی کیلئے

دھنیا نیند آور ہے اور اس کا استعمال معدے کے امراض کو ختم کرتا اور بے خوابی کو دور کرتا ہے۔

اولاد نرینہ

803

تیسرے ماہ کے آغاز میں ایک ہفتہ میاں بیوی یا دنوں میں سے کوئی ایک روزانہ سورہ بقرہ مکمل تلاوت کریں انشاء اللہ بیٹا ہوگا۔

گوشہ نشینی

804

فتنوں میں وقت گوشہ نشینی کی اس وقت اجازت ہے جب کہ پوری اصولی کوشش کے بعد بھی قبولیت حق نہ پائی جائے۔ (عبدالعزیز دھلوی ؒ)

گنج دور

805

مولی کا رس روزانہ گنج پر ملنے سے بال اگنا شروع ہو جاتے ہیں۔

بلڈ پریشر

806

سورہ آلِ عمران آیت 134 کو 101 مرتبہ چینی دم کر کے 21 یوم پلا دیں۔

فضول کلامی کی تلافی

807

زبان کے گناہ اور فضول کلامی کی تلافی، بیان دعوت، قرآن پاک کی تلاوت اور ذکر الٰہی کی کثرت ہی سے ہو سکتی ہے۔ (عبدالعزیز دہلویؒ)

بال نرم و ملائم

808

چقندر کے پتوں کو مہندی کے پتوں کے ساتھ پیس کر سر پر لیپ کرنے سے بال نرم و ملائم ہونے کے ساتھ اگنا شروع ہو جاتے ہیں۔

809

پنڈلیوں اور پسلی کے درد میں مفید

پ 11 رکوع 7 مکمل سیاہی لکھ کر برتن میں روغن زیتون ڈال کر حروف دھو کر ہلکی آنچ گرم کریں پنڈلیوں اور پسلی کے درد میں مفید ہے

810

دینی دعوت

دینی دعوت ایک نسخہ محبوبیت ہے، محبوب اعظم ﷺ امت کو بھی محبوب بننے کا گر سکھا گئے ہیں۔

(عبدالعزیز دھلویؒ)

811

بھوک نہ لگتی ہو تو۔۔۔

بھوک نہ لگتی ہو، پیٹ بھاری رہتا ہو، قبض ہو تو ادرک چھیل کر تھوڑا نمک چھڑک کر کھائیں' انشاء اللہ فوری افاقہ ہوگا۔

حصول ملازمت کیلئے

812

اس آیت کو کاغذ پر لکھ کر بازو پر باندھیں قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِاللّٰهِ سے وَاللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِيْمِ تک، انشاءاللہ فائدہ ہوگا۔

نگہداشت کا صدقہ

813

مسکین کو صدقہ دینا، ایک صدقہ ہے اور قربتی کو صدقہ دینا دو صدقے ہیں ایک تو اصل صدقہ دوسرے رشتہ داروں کی نگہداشت کا صدقہ

کمزوری دور

814

خشک دھنیا (پسا ہوا) میں مصری ملا کر آدھا تولہ صبح آدھا تولہ شام کھانے سے دل کی کمزوری دور ہو جاتی ہے۔

بچوں کی ضد کا علاج

815

اگر کسی کا بچہ ضد کرتا ہو اور روتا ہو تو اسے چاہیے کہ ایک پیالہ لے کر اس میں پانی ڈال کر اس پر یَا مُقِیتُ کو 550 مرتبہ پڑھے اور بچے کو پلائے' سات روز یہ عمل کرے۔

شر کی وجہ سے عزت۔۔۔؟؟؟

816

ارشاد نبویؐ: لوگوں میں سب سے بدترین شخص وہ ہے جس کے شر کی وجہ سے لوگ اس کی عزت کریں۔

شدید درد سر کیلئے

817

پیاز لیجئے اور اسے سل پر پیس لیجئے اور پھر پاؤں کے تلوؤں پر اس کا لیپ کیجئے درد سر ختم ہو جائے گا۔

ہر مشکل ختم

818

آللہُ: جو شخص جمعہ کے روز قبل نماز جمعہ کے پاک وصاف ہو کر خلوت میں آللہُ دو سو بار پڑھے اس کی مشکل آسان ہو، خواہ کیسی ہی مشکل ہو

پھول کی خوشبو

819

اس پھول کی طرح رہو جو ہمیشہ دوسروں کو بھی خوشبو دیتا ہے خواہ اسے کانٹوں میں ہی کیوں نہ پھینک دیا جائے۔

سینہ اور پھیپھڑوں کی صفائی کیلئے

820

پیاز کو چربی کے ساتھ پکا کر کھانے سے سینہ اور پھیپھڑوں سے لیس دار مواد خارج ہو کر سینہ صاف ہو جاتا ہے۔

کثرت دودھ

821

سورۃ یٰسٓ (پ 22و 23) پڑھ کر دودھ پر دم کرکے پلانے سے دودھ پلانے والی عورت کا دودھ بڑھ جاتا ہے۔

شکر کے نعمت

822

اللہ کی نعمتوں کا شکرادا کرنا حصول نعمت کا باعث ہے اور ناشکری کرنا نعمتوں کے زوال کا باعث ہے۔

پیچش دور کرنے کیلئے

823

چھ ماشہ تالمکھانہ دن میں چند بار دو چھٹانک دہی میں ملا کر کھانے سے پیچش اور خونی دستوں کو آرام آجاتا ہے۔

شراب سے چھٹکارہ کیلئے

824

سورة المُؤمِنُون (پ 18) روزانہ تین بار پڑھ کر پانی پر دم کریں یہی عمل مستقل کرنے سے شراب کی عادت چھوٹ جائیگی۔

مدد کب نازل ہوتی ہے

825

مدد تب نازل ہوتی ہیں جب اللہ رب العزت کے حکم پر اپنی بساط کے مطابق کوشش کر کے دعائیں مانگی جائیں۔

آنکھوں کی بیماریاں اب نہ ہوں گی۔۔۔!

826

ہر روز رات کو سرسوں کے تیل کے چند قطروں کی آنکھوں کے اوپر مالش کرنے سے نہ تو نظر کمزور ہو گی اور نہ کبھی آنکھوں کی بیماریاں لاحق ہوں گی

خوف سے نجات کیلئے

827

اگر کوئی شخص خوف زدہ ہو اور کسی قسم کا بھی ڈر ہو تو وہ 36 بار اَلْمُؤْمِنُ کہے، اپنی جان و مال میں مامون ہو گا اور غیب سے اس کی حفاظت کی جائیگی۔

کسی کی معمولی چیز بھی بغیر اجازت استعمال نہ کرو

828

کسی کی چیز بغیر اس کے مالک کی اجازت کے استعمال کرنا حرام ہے اس سے بچو!

پھوڑے کا علاج

829

اگر لہسن کا پلٹس بنا کر پھوڑے پر باندھا جائے تو پھوڑا جلدی پھٹ جاتا ہے اور اس سے گندہ مواد خارج ہو جاتا ہے۔

محتاجی

830

اَلْعَزِیْزُ چالیس روز تک ہر روز اکتالیس بار پڑھیں تو کبھی کسی کی محتاجی نہ ہو یعنی اللہ بہت کچھ عطا فرمائے گا۔

دنیا میں فتنے آنے کا سبب

831

دنیا میں جتنے فتنے آتے ہیں وہ سب وقت کو غلط گزارنے کا نتیجہ ہیں، کاش انسان کی عقل اس کو سمجھے۔

قبض کیلئے اکسیر ہے

832

انجیر گرم دودھ میں ڈال کر پی لیں یا دودھ میں بھیگی ہوئی انجیر کھالیں، قبض رفع ہو جائے گی۔

ظالم کے شر سے بچاؤ

833

اَلْجَبَّارُ صبح وشام 216 بار پڑھے تو ظالموں کے شر سے محفوظ رہے۔ اس پر عمل کی پابندی کرے۔

امت کی آزمائش

834

ہر امت کیلئے آزمائش کی کوئی نہ کوئی چیز ہوتی ہے' میری امت کی آزمائش دولت ہے۔

سر درد کیلئے

835

احتیاط سے نسوار کی مانند پسا ہوا نمک سونگھ لیجئے درد سر کو آرام ہوگا اس کے علاوہ پیاز کاٹ کر سونگھنے سے بھی سر درد ختم ہوگا۔

اولاد نرینہ

836

اَلْمُتَکَبِّرُ شب زفاف میں بیوی کے پاس جا کر قبل مباشرت دس بار ذکر کرے تو اولاد نرینہ نیک بخت ہو۔

بے تکلفی دلوں کے پھٹنے کا ذریعہ

837

آپس کی زیادہ بے تکلفی سے بچو کہ اس سے بے اکرامی شروع ہو جاتی ہے جس سے دلوں میں بغض آتا ہے۔

دانت درد کیلئے

838

لونگ کو باریک کر کے دانتوں کے اندر رکھ لیں۔ تھوڑی دیر بعد تکلیف دور ہو جائے گی۔

دنیا کی محبت

839

اَلْقَهَّارُ بکثرت ذکر کرنے سے دنیا کی محبت اور اس کی عظمت دل سے جاتی رہتی ہے اور اللہ کی محبت نصیب ہوتی ہے۔

بچھو اتارنے کیلئے

840

بچھو اگر کھال سے چمٹ جائے یا کان میں گھس جائے تو اس پر سفید شکر ذرا سی ڈال دیں وہ کھال کو اسی وقت چھوڑ دیگا۔

چیونٹیوں سے نجات

841

گھر میں چیونٹیاں زیادہ ہو جائیں تو نمک ملے پانی سے پونچھا لگائیں۔

سحر کے خاتمہ کیلئے

842

اگر چینی کے برتن پر اَلْقَهَّارُ لکھ کر ایسے شخص کو پلا دیا جائے جو بوجہ سحر کے عورت پر قادر نہ ہو تو سحر رفع ہو جاتا ہے۔

تفرقہ کا علاج

843

آج امت کے ہر طبقے میں فساد چل رہا ہے اور مسائل بگڑتے چلے جارہے ہیں اس کا علاج صرف حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مبارک زندگی میں ہی ہے۔

ڈنگ کی جلن ختم کرنے کیلئے

844

جہاں ڈنگ لگا ہے وہاں عرق کافور مل دیں جلن ختم ہو جائے گی اور ٹھنڈک پیدا ہوگی۔

45

قبولیت دعا

اَلسَّمِیْعُ جمعرات کے روز بعد نماز چاشت پانچ سو مرتبہ پڑھ کر جو دعا کریں گے انشاءاللہ قبول ہوگی۔

846

جو شخص فقراء کی صحبت میں ادب نہیں رکھتا

جو شخص فقراء کی صحبت میں ادب نہیں رکھتا وہ ان کی برکت سے محروم رہتا ہے۔

847

دمہ میں پیاز کا کمال

مریض ضیق النفس (دمہ) میں پیاز کا رس، شہد ہر ایک ایک پاؤ سوڈا بائیکارب پانچ تولہ، تینوں کو ملا کر رکھ لیں۔صبح و شام ایک ایک چمچ استعمال کرنے سے فائدہ ہوگا۔

اچھے حالات

848

جس کے گھریلو یا کاروباری حالات خراب ہوں اسے چاہئے کہ اَلْخَبِیْرُ کثرت سے پڑھے' حالات اچھے ہو جائیں گے (انشاءاللہ)۔

دعا کب قبول ہوتی ہے؟

849

دعا تب قبول ہوتی ہے جب حرام کے کھانے اور مکروہات سے بچو گے تو پھر خوب قبول ہوگی۔

آنکھوں کے دُکھنے کیلئے

850

اگر مسلسل کام کرنے کی وجہ سے آنکھیں تھک گئی ہوں اور دُکھ رہی ہوں تو کھیرے کے قتلے آنکھوں پر رکھیں۔

851

کشتی کو غرق ہونے سے بچانا

کاغذ پر اَلْحَلِیْمُ لکھ کر پانی سے دھو کر کشتی پر اچھی طرح پانی چھڑک دیں یا مل دیں تو کشتی کبھی غرق نہ ہو۔

852

نیک صحبت

علم احساس کو بلند کرتا ہے اور استقلال کو سامنے لاتا ہے اور نیک صحبت اس کو عملی شکل میں لاتی ہے۔

853

تربوز کھانے کے بعد بدہضمی کیلئے

اگر تربوز کھانے سے بدہضمی ہو جائے تو تربوز کے بعد پودینے کی چائے پی لیں بدہضمی نہ ہوگی۔

854

کمزور نظر کیلئے

اَلْغَفُوْرُ اگر کمزور نظر اپنی آنکھ پر اسے کاغذ پر لکھ کر پھیرے یا پڑھ کر ہاتھ پر پھونک مار کر آنکھوں پر پھیرے تو نگاہ میں اضافہ ہو۔

855

قیمت ندامت

گناہ پر اگر صحیح ندامت ہو تو اس کو نیکی بنا دیا جاتا ہے اور اگر نیکی پر فخر ہو تو وہ گناہ بنا دیا جاتا ہے۔

856

کالی جلد کیلئے

لیموں کاٹ کر جلد پر ہلکا ہلکا مساج کریں پھر روغن بادام مل کر سو جائیں ایسا روزانہ رات کو کریں۔

عزیزوں سے ملاقات

857 اَلْعَلِیُّ لکھ کر کوئی مسافر اپنے پاس رکھے تو جلدی اپنے عزیزوں سے آملے گا۔

اولاد سے حسن سلوک

858 اولاد کے ساتھ اس سے زیادہ حسن وسلوک اور کیا ہو سکتا ہے کہ اس کی صحیح تعلیم اور تربیت کی طرف پوری توجہ دی جائے۔

پیٹ کی خرابی کیلئے

857 پیٹ کی خرابی خواہ وہ کسی موسم میں بھی ہو بڑی الائچی، سونف، پودینہ ہموزن کو پانی میں ابال کر پلائیں، دن میں 6 بار پلائیں۔

علم و حکمت میں اضافہ

858

اَلْحَكِيْمُ بکثرت ذکر کرنے سے علم و حکمت کے دروازے کشادہ ہو جاتے ہیں۔

آداب خطاب

859

خطاب کرنے والے کی طرف دیکھنے سے اور متوجہ ہونے سے بات دل میں بیٹھتی ہے اتر جاتی ہے اور یاد رہتی ہے۔

ہچکی کیلئے

860

ہچکی آ رہی ہو تو لونگ کھانے سے ہچکی بن ہو جائیگی۔

آسیب زدہ

861

سورۃ الصّٰفّٰتِ (پ:23) اول سے ثَاَقِبٌ تک آسیب زدہ پر پڑھ کر دم کرنا نافع ہے۔

آپے سے باہر نہ ہونا

862

تعلیم یافتہ انسان نہ خوشیوں کے ہجوم میں آپے سے باہر ہوتا ہے نہ ہی دکھوں کی موجودگی سے رنجیدہ۔

مسوڑھوں کے آرام کیلئے

863

مسوڑھوں کے ورم کیلئے کافور اور نوشادر ہموزن لیکر باریک پیس لیں پھر آہستہ آہستہ مسوڑھوں پر ملیں چندوز میں آرام آجائیگا۔

ہر امر مکر سے محفوظ

864

اَلرَّحْمٰنُ ہر نماز کے بعد 100 مرتبہ پڑھنے سے نسیان کا مریض دور ہو جاتا ہے اور کثرت سے پڑھنے والا ہر امر مکروہ سے ہمیشہ محفوظ رہتا ہے۔

بے شمار رنگ

865

لوگوں کو ایک جیسی طبیعت کا خیال نہ کر لے کیونکہ ان کی طبائع اور رنگ اتنے ہیں جنہیں تو شمار نہیں کر سکتا۔ (حکماء عرب)

چائے کے داغ دور کرنے کیلئے

867

جس کپڑے پر چائے کے داغ لگ جائیں تو ان دھبوں کو ختم کرنے کیلئے دودھ کو گرم کر کے اس سے ان دھبوں کو دھو لیں یہ داغ ختم ہو جائینگے۔

مرگی کا علاج

868

سورۃ الشمس (پ 30) پڑھ کر کان میں دم کرنے سے مرگی اور پانی پر دم کر کے پینے سے بخار ٹھیک ہو جاتا ہے۔

دوا کے باوجود بیمار

869

جو شخص علم رکھے اور اس پر عمل نہ کرے، وہ ایک بیمار ہے، جس کے پاس دوا تو ہے مگر علاج نہیں کرتا۔ (حکیم اقلیدس)

برائے کان

870

لہسن باریک پیس کر سرسوں کے ایک چھٹانک تیل میں جلائیں' جب دھواں نکلنا بند ہو جائے چھان لیں' کان کی بیماریوں کیلئے اکسیر ہے۔

ہر قسم کی حفاظت

871

رات کو سوتے وقت 3 بار آیت الکرسی۔ 4 بار سورۃ فاتحہ۔ 3 بار سورۃ اخلاص۔ 10 بار اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْه۔ 4 بار تیسرا کلمہ اور دس بار کوئی سا درود شریف پڑھ لیا کریں۔ انشاء اللہ ہر قسم کی حفاظت رہے گی

دل آزاری

872

بیماریوں میں سب سے بری بیماری دل کی ہے۔ دل کی بیماریوں میں سب سے بری دل آزاری ہے۔ (بو علی سینا)

حافظہ تیز

873

چند بادام اور ذرا سی کالی مرچ لیجئے اور اسے پیس کر یک جان کر کے کسی بوتل ڈال لیں، ہر صبح اٹھنے کے بعد نہار منہ کھائیں انشاء اللہ آپ کا حافظہ تیز ہو جائیگا۔

مرض سے شفاء

874

اَلسَّلَامُ اگر مریض کے سرہانے بیٹھ کر اس کو 136 بار بلند آواز سے کہ مریض بھی سن لے پڑھیں۔ انشاء اللہ شفا ہوگی۔ بشرطیکہ موت کا وقت نہ آیا ہو۔

دیانتدار بدمعاش

875

اگر انسان کے خیالات، شرعی گواہ ہوتے تو بہت سے دیانتدار بدمعاش ہوتے۔ (حکماء عرب)

آبلے کو آرام

876

نیا جوتا اکثر پاؤں میں آبلہ ڈال دیتا ہے جو بے حد تکلیف دہ ہوتا ہے۔ رات سوتے وقت اس آبلے پر انڈے کی سفیدی لگا دیجئے درد اور آبلے کو آرام مل جائیگا۔

ولادت میں آسانی

877

سورہ الذّٰریٰت (پ 26) مریض کے پاس پڑھنے سے مرض میں کمی اور لکھ کر حاملہ کے باندھ دینے سے ولادت میں آسانی ہوتی ہے۔

اپنے عمل پر عیب رکھ

878

اپنے عمل پر عیب رکھ تاکہ وہ قیمت والا بن جائے اور مخلوق کی طرف سے لگائی ہوئی تہمت قبول کر تاکہ لڑائی ختم ہو جائے۔

لو کا اثر ختم

879

کچے آم راکھ میں اچھی طرح بھون لیں پھر چھلکا اتار کر دو تین گلاس پانی اس میں ملا لیجئے پھر اس میں گھی اور چینی ملا کر پی لیجئے۔ لو کا اثر ختم ہو جائے گا۔

880

بداخلاق شخص

جو شخص نہایت بداخلاق ہو تو مشک وزعفران سے اَلرَّحۡمٰنُ لکھ کر کسی محفوظ جگہ اس بداخلاق کے گھر میں دفن کر دیا جائے جلد ٹھیک ہو جائیگا۔

881

دل وجان سے محنت

لوگوں کے سامنے اپنا کردار پیش کرو اور ان کے معاملات کو حل کرنے میں دل و جان سے محنت کرو۔

882

قبض کیلئے

ہسٹریا، ہینگ اصلی مدبر ایک تولہ، مصبر تین تولہ، گولی مونگ برابر پانی کی مدد سے بنائیں، رات کو دودھ کے ساتھ لیں۔

883

عالی ہمت ہونے کیلئے

اَلْمُهَیْمِنُ غسل کر کے دو رکعت نفل پڑھ کر سو بار خلوت میں بحضور قلب پڑھیں تو عالی ہمت پیدا ہو۔

884

مصائب تجھ سے دور

اگر آج کا رزق تجھ پر تنگ ہو جائے تو کل تک صبر کر، شاید کہ زمانہ کے مصائب تجھ سے دور ہو جائیں۔

(حکماء عرب)

885

آنکھ کے ہر مرض سے شفاء

آنکھوں پر دودھ کی بالائی کسی کپڑے میں رکھ کر باندھ دیں، کم از کم پانچ گھنٹے آنکھیں بند رہنے دیں۔ آنکھوں کے ہر مرض کی شفا اس میں ہے۔

آشوب چشم

886

سورۃ الملک (پ 29) آشوب چشم پر تین روز تک روزانہ دم کرنے سے آرام آ جاتا ہے۔

برا خیال بھی دل میں نہ لاؤ

887

کسی کی نسبت برا خیال بھی نہ دل میں لاؤ یاد رکھو کہ اس کا عکس اس کے دل پر ضرور پڑے گا۔ (بو علی سینا)

اعصابی کمزوری کیلئے

888

اعصابی دباؤ کا شکار لوگ کلونجی کے چند دانے روزانہ شہد کیساتھ استعمال کریں، چند دنوں میں بہتری محسوس کرینگے۔

رقت اور شفقت

889

اَلرَّحْمٰنُ جو شخص روزانہ سو بار پڑھے اس کے قلب میں رقت اور شفقت پیدا ہو۔

خاموشی کی تاثیر

890

اکثر اوقات خاموشی کی تاثیر بات کی تاثیر سے زیادہ قوی ہوتی ہے اور خاموش رہنا بولنے سے بہتر ہوتا ہے۔

زخم مندمل

891

تل لیں اور اسے شہد میں پیس کر لیپ سا بنا کر مرہم کے مانند محفوظ کر لیں۔ جہاں زخم ہو وہاں یہ لیپ مرہم کے طور پر مل دیں، زخم مندمل ہو جائیں گے۔

کمال یقین

892

جو شخص ہزار مرتبہ روزانہ اَللّٰہُ پڑھے اللہ تعالیٰ اس کو کمال یقین نصیب فرمادیں۔

حقیقی خوبصورتی

893

حقیقی خوبصورتی کا سرچشمہ دل ہے۔ اگر یہ سیاہ ہو تو چمکتی آنکھیں کچھ کام نہیں دیتی ہیں۔ (بوعلی سینا)

سفید بال کالے کرنا

894

پیاز کو باریک پیس کر سر پر لیپ کریں اور پھر دو گھنٹے بعد سر دھو کر سرسوں کا تیل لگالیں۔ کچھ عرصہ مستقل ایسا کریں۔

895

ہر کام میں برکت

بکثرت اَلْمُتَکَبِّرُ پڑھنے سے بزرگی حاصل ہوتی ہے اور جو شخص اَلْمُتَکَبِّرُ کا ورد کثرت سے کریگا اللہ تعالیٰ اس کے ہر کام میں برکت عطا فرمائیگا۔

896

جوانی کا دھوکہ

جوانی کے دھوکے میں نہ آجا کیونکہ بوڑھا ہونے سے پہلے بھی کئی جوان گزر چکے ہیں۔ (حکماء عرب)

897

دست کیلئے

کھجور کی گٹھلی کی راکھ 2 ماشے، ٹھنڈے پانی کے ساتھ صبح، دوپہر اور شام استعمال کریں۔

درد کو دور کرنا

898

جسم کے کسی بھی حصے میں درد ہو تو سورۃ اللھب (پ 30) اگر درد کی جگہ لکھ کر باندھ دیا جائے تو درد گھٹ جائے۔

دنیا میں فتنے آنے کا سبب

899

فرمایا! دنیا میں جتنے فتنے آتے ہیں وہ سب زائد وقت کو غلط گزارنے کا نتیجہ ہیں، کاش انسان کی عقل کے کان کھل جائیں۔

آٹے کو خمیر سے بچانے کیلئے

900

آٹے کو خمیر سے بچانے کیلئے گوندھے ہوئے آٹے پر گھی کی تہہ چڑھا دیں، اس سے آٹا کافی دیر تک محفوظ رہے گا۔

جائز محبت

907

طالب ومطلوب کا نام مع والدہ کے لکھے اور اوپر اَلرَّحْمٰنُ اَلرَّحِيْمُ لکھے اس کی محبت میں سرگرداں بشرطیکہ جائز محبت ہو۔

محتاجی

908

میں نے ناداری اور مفلسی کے کوہ گرانبار کو اٹھایا لیکن کسی کمینے کے محتاج ہونے کی نسبت ان کو ہلکا پایا۔ (بطلیموس)

دردِ سر کے لئے

909

پیاز لیجئے اور اسے سل پر پیس لیجئے اور پھر پاؤں کے تلوؤں پر اس کا لیپ کیجئے دردِ سر ختم ہو جائے گا۔

910

دانت نکلیں باآسانی آئیں

قٓ سے اَلْخُرُوْجُ تک (پ 26 ع 15) جس بچے کے دانت نہ نکلے ہوں اسے پلانے سے دانت باآسانی نکلیں گے۔

911

بدکردار بدگفتار

بیل کے قدم کے ساتھ جس طرح پہیہ چلتا ہے اس طرح بدکردار بدگفتار کے ہمراہ اس کے کیفر کردار چلتے ہیں۔ (جالینوس)

912

نکسیر پھوٹنے کے بعد

نکسیر پھوٹنے کے بعد دونوں ہاتھوں کو اوپر کو اٹھائیں اور گردن و منہ پر سرد پانی کے چھینٹے دیں۔ سر اور پیشانی پر پانی ڈالیں۔ پانی میں ذرا سا نمک گھول کر پلا دیں نکسیر بند ہو جائے گی۔

913

بے شمار برکتیں

جمعہ کے دن نماز عصر کے بعد آیت الکرسی 313 بار پڑھیں بیشمار برکت ہوگی۔

914

امت کا حال

فرمایا...... جب مسلمان ایک امت تھے تو ایک مسلمان کہیں قتل ہو جاتا تو ساری امت ہل جاتی' اب لاکھوں ہزاروں کے گلے کٹتے ہیں اور کانوں پر جوں نہیں رینگتی۔

915

سر درد فوری ختم

وہ چائے جس میں زیادہ پتی پڑی ہو لیجئے اور اس میں آدھا لیموں نچوڑ لیجئے اور پھر اس میں چاہیں تو چینی یا ذرا سا نمک ملا لیجئے اور پی لیجئے درد سر کو فوری آرام ہوگا۔

سکون کیلئے

916

پانچ وقت کی نماز، قرآن پاک کی روزانہ تلاوت، خاص طور پر سورۃ یاسین اور درود پاک کی کثرت سے انشاء اللہ سکون مل جائیگا۔

حق تعالیٰ بندوں کے رونے کو پسند کرتا ہے

917

غم طلب کرتا کہ تیری آنکھ کا پانی نکل آوے' کیونکہ حق تعالیٰ بندوں کے رونے کو پسند کرتا ہے۔

کھانسی سے نجات

918

کوزہ مصری آدھا پاؤ، منقی آدھا پاؤ، مغز بادام ایک چھٹانک کو باریک کوٹ کر گولیاں بنالیں جب بھی کھانسی اٹھے ایک گولی منہ میں رکھ لیں اور اسے چوسیں۔ چند روز میں فائدہ ہوگا۔

نظر کو تیز کرنا

919

سورۃ التکویر (پ 30) پڑھ کر آنکھ پر دم کرنے سے نظر کو تقویت ہوتی ہے۔ آشوب اور جالا رفع ہو جاتا ہے۔

خاموشی اختیار کر

920

☆ جوش ایک ایسا پتھر ہے جس کی پہلی ضرب جوشیلے کو خود کو لگتی ہے۔ ☆ جب تجھ پر غصہ غالب آجائے تو خاموشی اختیار کر۔

موٹاپے کا علاج

921

دالیں اور سبزیاں موٹے اور پھولے پیٹ کو کم کرتی ہیں اور آملے کے اچار کا استعمال بھی موٹاپا کم کرنے کیلئے مفید ہے۔

922

جانور کی آفت سے حفاظت

اَلْحَلِيْمُ کاغذ پر لکھ کر اسے پانی سے دھو کر جانوروں کے جسم پر چھڑک دیں تو وہ ہر آفت سے مامون رہیں گے۔

923

اظہار کریں

جو بات معلوم نہ ہو اس کے اظہار میں شرم نہیں کرنی چاہیے۔☆ اپنے راز کو پوشیدہ رکھنا اپنی عزت بچانا ہے۔

924

قبض کا علاج

سینے میں چبھن، قبض اور منہ سوکھنے کا علاج یہ ہے کہ بنفشہ کا شربت استعمال کریں اور گرم چیزوں سے مکمل پرہیز کریں۔

قلوب مسخر

925

اَلْعَدْلُ شب جمعہ میں روٹی کے بیس ٹکڑوں پر اس کو لکھ کر کھانے سے قلوب مخلوق کے مسخر ہو جائیں۔

دین و دنیا کا فائدہ

926

جہاں تک ممکن ہو مال کو عزیز رکھو اور مناسب موقعوں پر خرچ کر کے دین و دنیا کا فائدہ حاصل کرو کیونکہ وقائع و حوادث کا احتمال ہمیشہ باقی ہے۔

معدے کی گرمی کا علاج

927

معدے کی گرمی، منہ کی کڑواہٹ دور کرنے کیلئے پانی والے فروٹ زیادہ استعمال کریں اور سبز پتوں والی سبزیاں زیادہ استعمال کریں۔

کان درد

928

کان میں جو دری یعنی گونج پیدا ہو جائے تو سورۃ الاعلیٰ (پ 30) کی تلاوت کر کے دم کرنے سے زائل ہو جاتا ہے۔

غور وفکر کی عادت

929

جس شخص میں غور وفکر کی عادت ہے وہ اپنی روح سے رو دیدو کلام کرتا ہے۔

دائمی قبض ختم

930

دائمی قبض کو ختم کرنے کیلئے روغن بادام میں اسپغول کا چھلکا ملا کر دودھ کیساتھ استعمال کریں اور سبز پتوں والی سبزیاں زیادہ استعمال کریں۔

931

قابل عبرت

شکستہ قبروں میں غور کرو کیسے کیسے حسینوں کی مٹی خراب ہو رہی ہے ☆ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو خاموش رہا وہ نجات پا گیا۔

932

محبت الٰہی کا نسخہ

جو مخلوق سے محبت رکھے اس کے دل میں محبت الٰہیہ کا گزر نہیں ہو سکتا گویا وہ محبت الٰہیہ کو سمجھتا ہی نہیں۔

933

نکسیر کے لئے

نکسیر کی بیماری ختم کرنے کیلئے ناریل کا برادہ رات کو بھگو دیں صبح نہار منہ دودھ کیساتھ 40 دن پابندی سے استعمال کریں۔

ہر قسم کی تنگی دور ہو

934

اَلْغَفَّارُ بعد نماز جمعہ سو بار پڑھنے سے ہر تنگی رفع ہو جاتی ہے اور رزق میں بے حد اضافہ ہوتا ہے۔

صبح کا سونا

935

صبح کو دیر تک سونے والا اچھی روزی سے محروم رہتا ہے۔ (امام ابو حنیفہؒ) تیرا کلام بتا دے گا کہ تیرے دل میں کیا ہے (حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ)

کمزوری کیلئے

936

گاجر کا رس پینے سے جسم میں اچھی خاصی طاقت آ جاتی ہے جسے کمزوری کی شکایت ہو اس کیلئے گاجر کا جوس نہایت مفید ہے۔

دردِ مثانہ کو نفع

937

سورۃ الانشراح (پ 30) اس کا پڑھ کر دم کرنا اور پینا دردِ مثانہ کو نفع دیتا ہے۔

انمول بات

938

قناعت وہ سرمایہ ہے جو کبھی ختم نہیں ہوتا۔ (چینی کہاوت) سب سے آسان کام جس کا نفع بھاری ہے کم بولنا ہے۔ (ارسطو)

کمزوری کا خاتمہ

939

کھانا کھانے کے بعد تین چار کیلے کھانے سے جسمانی کمزوری رفع ہو جاتی ہے اور جسم بھر جاتا ہے۔

ناگواری سے آسودہ رہے گا

940

جو کوئی خود کو اللہ کے لطف و رحمت کے درمیان میں لے آئے گا' ناگواری سے آسودہ رہے گا۔

تین سخت ترین چیزیں

941

جاہل کیلئے سب سے اچھی بات خاموشی ہے۔☆ تین چیزیں سخت تر ہیں، جوانی میں مفلسی، سفر میں بیماری اور تنگدستی میں قرض۔ (حکماء عرب)

بدن میں قوت کیلئے

942

انجیر کو دودھ میں جوش دیکر انجیر کھانے سے اور اس دودھ کو پینے سے بدن میں قوت آتی ہے اور خون بڑھتا ہے۔

درندوں سے بچاؤ

943

اَلْحَفِیْظُ کو لکھ کر اپنے پاس رکھنے والا یا کثرت سے ذکر کرنے والا درندوں کے درمیان سو رہے تو ضرر نہ پہنچے گا۔

کھانا کب کھایا جائے

944

جب تک تم بھوک سے بے تاب نہ ہو جاؤ اس وقت تک کبھی کھانا نہ کھاؤ اور ضرورت سے کم کھاؤ۔

ضعف کا علاج

945

کھجور کے پانچ دانے گھی میں سینک کر چاول کے ساتھ کھانے سے اور آدھ گھنٹہ نیند لینے سے ضعف دور ہو جاتا ہے۔

946

ہر درد کی دوا

فجر کی سنت اور فرض کے دوران اکتالیس بار سورۃ الفاتحہ پڑھ کر دم کرنے سے ہر قسم کا درد جاتا رہتا ہے۔

947

اپنی ذات سے نقصان

آدمی کو خود اس کی ذات کے سوا کوئی چیز نقصان نہیں پہنچا سکتی۔ ☆ نیک آدمی کی محبت دل کو تر و تازہ کر دیتی ہے۔

948

نکسیر کیلئے

سوکھا دھنیا' مغز تخم کدو' زیرہ سفید' خشخاش' چاروں چیزیں ہموزن لیکر کوٹ چھان کر رکھ لیں صبح و شام دس گرام دودھ سے پھانکیں۔

فراخ حوصلہ

949
اَلْوَاسِعُ کثرت کے ساتھ ذکر کرنے سے غناء ظاہری و باطنی حاصل ہوتا ہے اور حوصلے میں فراخ پن اور بردباری پیدا ہوگی

اپنے راز کو پوشیدہ رکھنے والا

950
زیادہ خوشحالی اور زیادہ بدحالی دونوں برائی کی طرف لے جاتی ہیں۔(بو علی سینا) اپنے راز کو پوشیدہ رکھنے والا اپنی عزت بچاتا ہے۔(حکیم لقمان)

عینک اتر جائے گی

951
بادام، مصری، سونف ہم وزن لیں، ایک ایک چمچ صبح و شام کھانے سے نظر کا چشمہ کچھ عرصے بعد اتر جائے گا ضرور آزمائیے گا۔

رزق میں اضافہ

952

اَلرَّزَّاقُ قبل نماز فجر گھر کے سب گوشوں میں دس دس بار پڑھ کر پھونکیں سمت قبلہ کے داہنی طرف ہو اس سے شروع کرے تو وسعت رزق حاصل ہو۔

پوشیدہ نیکی اور پوشیدہ برائی

953

☆ وہ شخص عقلمند نہیں جو دنیاوی لذتوں سے خوش اور مصیبتوں سے مضطرب ہو ☆ نیکی پوشیدہ کرو جس طرح برائی پوشیدہ کرتے ہو۔

دیمک سے چھٹکارا

954

فرنیچر پر جس جگہ دیمک لگی ہو پہلے اسے صاف کریں پھر کپڑے کی مدد سے آیوڈیکس لگائیں دیمک ہمیشہ کیلئے ختم ہو جائیگی۔

955

قلب کا محل اسرار

اَلْحَکِیْمُ نصف شب کے وقت باوضو حضور قلب سے ذرا دیر تک پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کے قلب کو اسرار کیلئے کشادہ فرمائینگے۔

956

عقلمند انسان

لائق آدمی کو خاندانی فضیلت کی ضرورت نہیں اور نالائق آدمی کو خاندانی فضیلت سے کوئی نفع نہیں پہنچ سکتا۔

957

ہاتھوں کی بدبو

ہاتھوں سے دھنیا، لہسن یا دوسری سبزی کی بو دور کرنے کیلئے ٹوتھ پیسٹ کو ہاتھوں پر مل کر دھولیں، بو دور ہو جائے گی۔

958

جنت میں درخت

جو شخص دل سے سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ کہتا ہے اللہ تعالیٰ جنت میں اس کے لئے ایک درخت لگا دیتے ہیں۔

959

آسان عبادت

خاموشی سب سے زیادہ آسان اور سب سے نافع عبادت ہے۔☆ علم کی محبت اور استاد کی عزت کے بغیر کچھ حاصل نہیں ہوتا۔

960

قے سے افاقہ

خشک دھنیا کے تین چار دانے چبانے سے قے نہیں آتی' سبز دھنیا کے چند پتے چبانے سے بھی الٹی (قے) رک جاتی ہے۔

سلامتی ایمان

961

حضور ﷺ نے فرمایا: سورۃ عصر کی پابندی سے تلاوت سلامتی ایمان اور خاتمہ بالخیر کا موجب ہے اور سورۃ شمس کا پڑھنے والا نجات پائے گا۔

دوسروں کی عزت کریں

962

جو شخص اپنی عزت کروانا چاہے وہ دوسروں کی عزت شروع کر دے۔☆ جو بزرگوں سے لڑتا ہے وہ خود اپنا خون گراتا ہے۔

آدھے سر درد سے آرام

963

تربوز کے اوپر کالی مرچیں لگا کر نہار منہ کھانے سے آدھے سر درد کی تکلیف ہمیشہ کیلئے ختم ہو جاتی ہے' دو گھنٹے بعد ناشتہ کریں۔

کشائش رزق

964

سورۃ قدر روزانہ باوضو 21 یا چالیس بار پڑھنا کشائش رزق موجب ثواب اول و آخر درود شریف پھر دعا حاجت مانگیں۔

زندگی کا لنگر

965

امید زندگی کا لنگر ہے' اس کا سہارا چھوڑ دینے سے انسانی کشتی گہرے پانی میں ڈوب جاتی ہے۔

کھانسی دور کرنے کیلئے

966

شہد اور لیموں کا رس ملا کر چاٹنے سے کھانسی کی شدت میں کمی آجاتی ہے۔

استغفار کی کثرت

967

آپ ﷺ نے فرمایا: استغفار کی کثرت کیا کرو کیونکہ یہ دل کے زنگ کو اس طرح دور کرتا ہے جس طرح آگ کی بھٹی لوہے کے زنگ کو دور کرتی ہے۔

تھوڑے پر راضی

968

دنیا کے تھوڑے مال پر راضی رہ رزق مقدر پر قناعت کر اور دوسرے کی روزی پر آنکھ مت ڈال تاکہ رنج نفس سے سلامت رہے۔

پرانے دردسر کیلئے

969

اگر پرانا سر درد ہو تو تازہ سیب کا چھلکا اتار کر سیب کو نمک لگا کر چند روز صبح کے وقت بطور ناشتہ استعمال کریں۔

باہمی محبت کیلئے

970

اگر کوئی بیوی سورہ دھر کو گیارہ روز تک گیارہ دفعہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے خاوند کو پلائے تو آپس میں محبت بڑھے گی اور ہمیشہ سکھی رہے گی۔

سب سے بہترین بھلائی

971

مخلوق کے ساتھ سب سے بہترین بھلائی اور نیکی یہ ہے کہ ان کی اخروی خیر خواہی چاہی جائے۔

معدے کے امراض کیلئے

972

اخروٹ کا مغز تین چار روز تک سرکے میں ڈبو کر رکھیں پھر نکال کر کھائیں، معدے کے بہت سے امراض دور ہوتے ہیں۔

مشکل کے حل کیلئے

973

مشکل کام آسان کرنے کیلئے سورۃ الزلزال کو روزانہ 141 مرتبہ سات دن تک پڑھنے سے کام آسان ہو جائے گا۔

شریف آدمی

974

شریف آدمی وہ ہے جو کسی کے دل دکھانے سے رنجیدہ نہ ہو اور جوان مرد وہ ہے جو دل آزاری کے مستحق کا بھی دل نہ دکھائے۔

سوکھی کھجلی دور

975

تخم خشخاش کو پانی ڈال کر پیس لیں یعنی تھوڑا تھوڑا پانی کا چھینٹا دیتے جائیں پھر لیموں کا رس ملا کر بدن پر مالش کرنے سے سوکھی کھجلی دور ہو جاتی ہے۔

دعا قبول ہوتی ہے

976

سورۃ البقرہ کی آخری دو آیات پڑھنے کے بعد ان کے وسیلے سے اللہ سے جو دعا مانگی جائے قبول ہوگی۔

صاحب معرفت کی ایک گھڑی

977

صاحب معرفت کی ایک گھڑی اللہ کے ہاں تمام عبادت کرنیوالوں کی ہزار سال کی عبادت سے زیادہ قدر و قیمت والی ہے۔

ہونٹ گلابی وخوبصورت

978

ہونٹوں کی سیاہی دور کرنے کیلئے چقندر کا چھوٹا سا ٹکڑا لے کر ہونٹوں پر نرمی سے ملیں صبح و شام چند روز کرنے سے ہونٹ گلابی رنگت اختیار کرلیں گے۔

نگاہ ٹھیک

979

یَا شَکُوْرُ: 41 بار پانی پر دم کر کے آنکھوں پر ملیں تو نگاہ ٹھیک ہو جاتی ہے

زیادہ عزت

980

اپنے قویٰ اور حواس کو حقانی اور ٹھیک طریقے پر استعمال کرو گے تو اونچے خاندانی ہونے سے زیادہ عزت حاصل کرو گے۔

چوٹ کے درد کیلئے

981

پیپل کے 21 پتے باریک پیسیں‘ ان میں دو تولے گڑ ملا کر سات گولیاں بنائیں۔ ایک گولی روزانہ دودھ سے کھائیں۔ چوٹ کے درد کیلئے مفید ہے

9825

رزق بے حساب

جو کوئی جمعہ کی نماز کے بعد یَاغَفَّارُ اِغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ 100 مرتبہ پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کا نام بخشے ہوئے لوگوں میں لکھے گا' رزق بے حساب ملے گا۔

983

دل کی موت

جو کوئی بھی فقراء اور درویشوں کی صحبت چھوڑ کر مالداروں کی صحبت اختیار کرے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کو دل کی موت میں مبتلا کرے گا۔

984

چہل قدمی کے فوائد

رات کو کھانے کے بعد چہل قدمی ضرور کرنی چاہئے اس سے نیند خوب آئیگی اور روح تازہ رہے گی۔☆ بیماری سے صحت کے بعد کم سے کم غذا کھانی چاہیے۔

کند ذہن کیلئے

985

40 دن صبح نہار منہ 21 مرتبہ یَا عَلِیْمُ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں حافظہ تیز ہو گا۔

فضل الٰہی

986

الٰہی اگر تیرا فضل نہ ہوتا تو کس کی طاقت تھی کہ اپنی زبان سے تیرا نام لیتا کیونکہ تو اس سے کہیں برتر ہے کہ کسی کی سمجھ اور سوچ میں آسکے۔

شوگر کنٹرول

987

دار چینی کا پاؤڈر سالن کے اوپر ڈال کر کھانے سے شوگر کنٹرول ہو جاتی ہے۔

988

رزق میں برکت کیلئے

اگر کھانا کھاتے وقت بسم اللہ شریف پڑھ کر لقمہ کھاتے وقت یَا شَکُوْرُ پڑھ لیا کریں تو رزق میں برکت ہوگی۔

989

سب سے بہتر مجلس

مجلسوں میں سب سے اعلیٰ مجلس دین کو سیکھنے اور سکھانے والی مجلس ہے کیونکہ علم سے ہی معرفت کی پہچان ہوتی ہے۔

990

جلد کو چکنا کرنے کیلئے

جلد کو چکنا کرنے کیلئے ایک انڈے کی زردی لیں اس میں ایک چائے کا چمچ روغن بادام ملا کر مالش کریں چند روز میں نمایاں فرق معلوم ہوگا۔

991

رشتہ کیلئے

لڑکے یا لڑکی کے رشتہ کیلئے والدین یَاعَلِیُّ یَاعَظِیْمُ روزانہ 11000 مرتبہ 21 دن فجر یاعشاء کے بعد پڑھیں، جلد پیغامات آنا شروع ہو جائینگے۔

992

حقیقی استغناء

اگر جدو جہد کرتے ہوئے کامیابی کو صرف اللہ تعالیٰ کے حوالے کرو گے تو لوگوں سے بے پرواہ ہو جاؤ گے اور یہی حقیقت استغناء ہے۔

993

دمہ کے مریض کیلئے احتیاط

دمہ والے مریض کو ... کو سونے سے پہلے ہلکی پھلکی غذا کھانی چاہیے ورنہ مرض میں شدت پیدا ہو جائے گی۔

ضدی بچہ کیلئے

994

اگر بچہ ضد کرتا ہو تو روزانہ 41 مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلا دیں انشاءاللہ چند دنوں میں ضد کرنا چھوڑ دے گا۔

نعمت خداوندی

995

گھر اور مال وہ میراث ہے جو باپ سے حاصل ہوتی ہے۔ لیکن دانشمند بیوی نعمت خداوندی ہے۔

بلغمی کھانسی ختم

996

کیلے کے خشک پتے لے کر انہیں جلا لیں اب انہیں مسل کر ذرا سا نمک شامل کریں، دو ماشہ صبح و شام کھائیں بلغمی کھانسی کا چند روز میں نشان بھی نہیں رہے گا۔

دشمن ذلیل وخوار ہوگا

997

اگر کوئی شخص اپنے دشمن سے بہت تنگ ہو تو بعد نماز فجر 1000 مرتبہ یَامُنْتَقِمُ پڑھ کر دعا مانگیں اللہ تعالیٰ عافیت کا معاملہ کریگا۔

قربانی سے زیادہ پسندیدہ

998

راستی اور انصاف اللہ تعالیٰ کے نزدیک قربانی کرنے سے زیادہ پسند ہے۔

خشک کھانسی کیلئے

999

گل بنفشہ کو تین پاؤ پانی میں اُبالیں، اس میں آدھا کلو چینی ملا کر شربت بنالیں، دو چمچ روزانہ استعمال کریں کھانسی ختم ہو جائیگی۔

ظالموں کے شر سے محفوظ رہنے کیلئے

1000

اَلْجَبَّارُ صبح وشام 216 بار پڑھے تو ظالموں کے شر سے محفوظ رہے۔

غریب سے ہمدردی کرو

1001

جو مسکین کی فریاد سن کر اپنے کان بند کر لیتا ہے مشکل کے وقت اس کی بھی نہ سنی جائے گی۔

چوٹ سے آرام کیلئے

1002

گیہوں لیکر جلائیں، باریک پیس کر برابر گھی اور گڑ میں ملا کر دو تولے روزانہ دودھ کیساتھ کھائیں، چوٹ کے درد کیلئے نہایت مفید ہے۔

1003

شفاء کیلئے

اگر مریض کے سرہانے بیٹھ کر دونوں ہاتھ اٹھا کر اَلسَّلاَمُ 136 بار بلند آواز سے پڑھیں کہ مریض بھی سن لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کو شفا ہوگی

1004

ظاہری برائی کا چھپانا

بیوقوف کے کانوں میں باتیں مت ڈالو کیونکہ بجائے عمل کے وہ تمہارے کلام کی تحقیر کریگا ☆ ظاہری برائی کا چھپانا ناگہانی بات پر رسوا کرنے سے بہتر ہے۔

1005

معدے کی سوزش کیلئے

سبز پودینے کا قہوہ بنا کے اس میں ایک چمچ میٹھا سوڈا ملا کر استعمال کریں۔ معدے کی سوزش اور درد میں افاقہ ہوگا۔

1006

پھلوں میں زیادتی کیلئے

اگر کسی درخت میں پھل کم ہوں تو اَلرَّحْمٰنُ اَلرَّحِیْمُ برتن پر لکھ کر پانی سے دھو کر درخت کی جڑ میں ڈال دیں، خوب برکت ہوگی

1007

بیٹے کی تربیت

بیٹے کی تادیب سے دستبردار نہ ہو چھڑی مارنے سے وہ مر نہ جائے گا لیکن تو جہنم سے اسے بچا لے گا۔

☆ خاموشی بہترین ہتھیار ہے۔

1008

معدے کی خرابی

جب طبیعت افسردہ ہو تو اس وقت کھانا کھانے سے معدے میں خرابی ہو جاتی ہے۔

مرنے سے پہلے جنت دیکھیں

1009

جو شخص نمازِ جمعہ سے پہلے چار رکعت نفل ایسے پڑھے کہ سورۃ فاتحہ کے بعد ہر رکعت میں پچاس بار سورۃ اخلاص پڑھے تو مرنے سے پہلے اپنی جگہ جنت میں دیکھ لے گا۔

صلح میں ہی بھلائی

1010

دشمن کے ساتھ صلح اختیار کرنے میں بہتری ہے۔ ہر چند تجھ کو اپنی قوت وغلبہ پر یقین واثق ہو۔

دستوں کو روکنے کیلئے

1011

تازہ بیل گری بھون کر دو تولے کھائیں، دستوں کو روکنے کیلئے مفید ہے۔ ☆ لال شکر پانچ تولے رات کو آدھ سیر دودھ میں ملا کر پئیں، صبح کو پاخانہ کھل کر آئیگا۔

1012

سحر رفع کرنے کیلئے

اگر چینی کے برتن پر اَلْقَهَّارُ لکھ کر ایسے شخص کو پلائیں جو بوجہ سحر کے عورت پر قادر نہ ہو تو سحر رفع ہو جائے گا۔

1013

عقل مند شخص

عقلمند شخص وہ ہے جو اپنی زبان کو دوسروں کی مذمت سے بچائے رکھے۔☆ جس نے پایا خدمت سے پایا۔

1014

دل کا زنگ

ہر چیز کیلئے زنگ ہوتا ہے اور دل کا زنگ پیٹ بھر کر کھانا ہے پیٹ بھر کر کھانا معارف و حقائق کے راستوں کو بند کر دیتا ہے۔

برص سے نجات کیلئے

1015

اَلْمَجِیْدُ اگر برص ایام بیض میں روزہ رکھے اور ہر روز افطار کے وقت اس کو بکثرت پڑھے انشاء اللہ اچھا ہو جائے گا۔

متواتر نعمتیں

1016

جب تم میں سے کسی شخص پر متواتر اوپر تلے نعمتیں آئیں تو اس کو اپنے اوپر رونا چاہیے کیونکہ یہ اس طریقہ پر چل پڑا جو صالحین کا نہیں۔

کھانسی اور زکام کیلئے

1017

لہسن کو پانی میں اُبال کر سردی' زکام' کھانسی کے مریضوں کو دیا جائے تو وہ ٹھیک ہو جاتے ہیں۔

1018

خیانت اور بدکاری سے بچاؤ

سورۃ قصص کو لکھ کر اپنے غام کے باندھ لے تو اس سے خیانت اور بدکاری اور بھاگنے کی عادت رفع ہو جائے گی۔

1019

اللہ کے ساتھ مشغول شخص

جس نے اللہ کے ساتھ مشغول شخص کو اللہ سے ہٹا کر دوسرے کام میں لگا دیا وہ جلد غضب کو دیکھے گا۔

1020

دبلاپن دور

کلیجی خون پیدا کرتی ہے اس کا استعمال زیادہ کرنا چاہیے۔ دبلے لوگوں کو دودھ دہی اور لسی کا استعمال زیادہ کرنا چاہیے۔

1021

دل کے درد کیلئے

درود ابراہیمی 3 بار اور سورۃ الم نشرح (پارہ نمبر 30) پڑھ کر ہاتھ پر پھونک ماریں انشاء اللہ درد سے مکمل افاقہ ہوگا۔

1022

صبر اور برداشت کرنا

صبر اور برداشت کرنا تقدیر پر راضی ہونے کی ابتدا ہے۔ یعنی مقام رضا کے حاصل کرنے میں اول صبر چاہیے۔

1023

کان درد کا علاج

آم کے تازہ پتوں کا رس نیم گرم کر کے چند قطرے کان میں ڈالنے سے کان کا درد ٹھیک ہو جاتا ہے

1024

دعائے مغفرت

حضور رسولِ مقبول ﷺ نے فرمایا جو شخص رات کو سورۃ دُخان (پارہ 25) پڑھ کر سوئے اس کیلئے ستر ہزار فرشتے رات بھر دعائے مغفرت کرتے ہیں۔

1025

محبت کا تقاضا

جسے لوگ مصیبت کہتے ہیں اسے محبوبِ حقیقی کی طرف سے ایک گراں قدر عطیہ سمجھو کہ محبت کا تقاضا یہی ہے۔

1026

جوڑوں کے درد کیلئے

تھوڑی سی کلونجی رات کو پھانکتے رہنے سے جوڑوں اور ایڑیوں کا درد حیرت انگیز طریقے سے ختم ہو جاتا ہے۔

جنت واجب

1027

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا سورۃ دہر روزانہ پڑھنے والے پر جنت واجب ہو جاتی ہے، اسی سبب سے اکثر مساجد کے امام صبح کی نماز میں بالعموم اسے پڑھتے ہیں۔

ناشکری

1028

☆ جس راز کو تو دشمن سے چھپانا چاہتا ہے اس کو دوست سے بھی ظاہر نہ کر۔ ☆ نعمت کا نامناسب جگہ پر خرچ کیا جانا ناشکری ہے۔ (حضرت لقمانؒ)

سیلان الرحم کیلئے

1029

سنگ جراحت 2 گرام، گوند ڈھاک 1 گرام، مائیں خورد نصف گرام، مصری سفید 2 گرام سب کا سفوف بنا کر بقدر 1 تولہ گائے کے دودھ کے ہمراہ کھلائیں، صبح وشام 40 دن۔

1030

نیکیوں کے پہاڑ

جَزَى اللّٰهُ عَنَّا مُحَمَّدًا مَا هُوَ اَهْلُهٗ یہ درود پاک پڑھنے والے کیلئے ستر فرشتے ایک ہزار دن تک نیکیاں لکھتے رہتے ہیں۔

1031

صالح دل

جو شخص التجاء نگاہ کو نہیں سمجھتا، اس کے سامنے زبان کو شرمندہ نہ کر☆ جب زبان اصلاح پذیر ہو جاتی ہے تو دل بھی صالح ہو جاتا ہے۔

1032

ہچکی کیلئے

دانہ الائچی کلاں نیم بریاں 3 ماشہ باریک پیس کر بقدر 2 تولہ چینی ملا کر ایک دو مرتبہ گرم پانی کے ہمراہ استعمال کرانے سے ہچکی فوراً بند ہو جاتی ہے۔

1033

قیامت کے دن آسانی

سُبْحَانَ اللّٰہُ. اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ. اَللّٰہُ اَکْبَرُ یہ قیامت کے دن، پڑھنے والے کے آگے پیچھے، دائیں بائیں حفاظت کیلئے آئینگے۔

1034

تواضع اختیار کر

لباس ایسا پہن کہ رعونت، تکبر، فخر اور اترانے کو جو تیری طبیعت میں موجود ہے جلا دے، ایسا لباس نہ پہن جوان بیماریوں کو بھڑکا دے۔

1035

صحت مند زندگی

☆ کھانا کھانے کے بعد تھوڑا سا دھنیا چبا لینے سے معدہ کو قوت پہنچتی ہے۔ ☆ تل چھوٹے بڑے ہر ایک کی درازی عمر اور صحت مند زندگی کیلئے مفید ہے۔

1036

معذور افراد کیلئے وظیفہ

کوئی ہاتھ، پیر، کان، آنکھ یا ٹانگ سے معذور ہو تو اس آیت کو کثرت سے پڑھ کر مریض کو پانی پر دم کر کے پلائیں۔ رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ۔

1037

عارف کا نور

اگر عام آدمی عارف کے نور کو دیکھیں تو اس میں جل جائیں اور اگر عارف نورِ وجود کو دیکھے تو اس میں جل جائے۔

1038

آنکھ پر دانوں کے خاتمہ کیلئے

آنکھ پر دانے نکل آئیں تو ماش کی دال کا استعمال متواتر کریں انشاء اللہ جلد از جلد شفاء مل جائے گی۔

1039

یرقان کیلئے وظیفہ

پہلے سورۃ فاتحہ ایک بار پھر سورۃ الحشر 7 دفعہ اور پھر ایک بار سورۃ القریش پڑھ کر پانی پر دم کرکے اس وقت تک پلائیں جب تک فائدہ نہ ہو۔

1040

غلطیاں معاف نہ ہونگی

ہر پتھر دل انسان کبھی نہ کبھی ضرور روتا ہے ☆ اگر تم لوگوں کی غلطیاں معاف نہ کرو گے تو اللہ تعالیٰ تمہاری غلطیاں معاف نہ کریں گے۔

1041

منہ کے چھالوں کیلئے

ذرا سی مہندی پانی میں بھگو دیں اور اسے کچھ دیر بعد چھان لیں۔ دن میں دو تین بار اس سے کلیاں کریں چھالے ٹھیک ہو جائینگے۔

حج کیلئے

1042

اگر کوئی حج پر جانا چاہتا ہو، کوئی وسیلہ جانے کا نہ ہو تو کثرت سے (سورۃ النور آیت 35) کا ورد کریں، اس وقت تک جب تک امید کی کرن نہ مل جائے۔

اچھا درخت اور بُرا درخت

1043

ہر اچھا درخت پھل لاتا ہے اور برا درخت برا، اچھا درخت بُرا پھل نہیں لاسکتا اور جو درخت اچھا پھل نہیں لاتا وہ کاٹا اور آگ میں ڈال دیا جاتا ہے۔

جلے ہوئے حصہ کی جلن کیلئے

1044

جسم کے جلے ہوئے حصے پر پیاز کے عرق میں نمک ملا کر لگا لیجیے انشاء اللہ بہت جلد آرام آجائے گا۔

1045

بخار اور غصہ کے خاتمہ کیلئے

(سورۃ الانبیاء آیت 49) بخار کی تیزی ختم کرنے کیلئے پڑھ کر مریض پر دم کریں اور غصہ اور ضد کے خاتمہ کیلئے بھی اس دعا کا استعمال مفید ہے۔

1046

صبر بہترین توشہ

وہ شخص جو آزمائش کے دور اور امتحان میں ہو، مگر وہ صبر نہ کرتا ہو ایسا مسلمان کافر ہونے کے زیادہ قریب ہے۔

1047

شوگر کیلئے

سنک فالسہ 50 گرام، ارجن کے سنک 50 گرام سفوف بنائیں پانی کیساتھ 3 ماشہ، 3 ماشہ صبح، دوپہر استعمال کریں انشاء اللہ افاقہ ہوگا۔

1048

سر درد کیلئے

اگر کسی کے سر میں درد ہو وہ ماتھے پر ہاتھ رکھ کر 41 مرتبہ بسم اللہ پوری پڑھ کر دم کرے، یہ عمل نہایت ہی آزمودہ اور مؤثر ہے۔

1049

مقام رضا کا ذریعہ

صبر اور برداشت کرنا تقدیر پر راضی ہونیکی ابتداء ہے۔ یعنی مقام رضا کے حاصل کرنے میں سب سے پہلے صبر چاہئے۔

1050

پیٹ کے کیڑوں کیلئے

نمک باریک تین ماشہ صبح گائے کی چھاچھ سے پھانک لیا کریں چند روز میں کیڑے ہلاک ہو جائینگے۔

بیٹی کے رشتہ کیلئے

1051

بیٹی کے رشتے میں رکاوٹ ہو تو سورۃ رحمٰن روزانہ 3 مرتبہ پڑھے اس وقت تک جب تک کامیابی نہ ہو انشاءاللہ جلد کامیابی ہوگی۔

اس تصور سے نیکی کرو

1052

تم اس تصور سے نیکی کرو کہ زمین میں تمہارے سوا دوسرا کوئی نہیں اور آسمان میں اس کے سوا دوسرا کوئی نہیں۔

پیچش کیلئے

1053

کڑا چھال 5 گرام لیں 2 ماشہ پانی یا دہی کیساتھ دن میں پانچ بار استعمال کریں۔ پیچش کیلئے مجرب اور آزمودہ ہے۔

1054

ہر جائز مراد کیلئے

وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى کو یقین کے ساتھ اٹھتے بیٹھتے پڑھیں یہ دعا فتح کے دروازے کھول دیتی ہے۔

1055

سینے کی صفائی

دوسروں کے سینے سے شر اس وقت دور کرکہ پہلے تو اپنے سینے کی صفائی کرلے☆حرص سے روزی نہیں بڑھتی آدمی کی قدر کم ہو جاتی ہے۔

156

لیکوریا کیلئے

پھٹکڑی بریاں 1 تولہ، سہاگہ بریاں 1 تولہ درمیانے کیپسول بھرلیں، پانی یا شربت انجبار کیساتھ 2 صبح، 2 دوپہر استعمال کریں۔

بیماری سے نجات

1057

اگر کوئی طویل عرصے سے بیمار ہو تو اسے یا اس کے کسی رشتہ دار کو چاہیے کہ یَاغَفُوْرُ کو 5044 روزانہ اکیس دن تک پڑھے اور پانی پر دم کر کے بیمار پیئے۔

بری گفتار

1058

جانور اپنے مالک کو پہچانتا ہے لیکن اپنے خدا کو نہیں پہچانتا۔ تلوار کا زخم جسم پر ہوتا ہے اور بری گفتار کا روح پر۔۔۔

جریان درست

1059

بھنڈی توری کی جڑ کا سفوف چھ ماشہ ہمراہ دودھ استعمال کرانے سے منی گاڑھی ہو جاتی ہے اور جریان درست ہو جاتا ہے اور قوت امساک بڑھتی ہے۔

1060

داغ دھبوں کیلئے

مُسَلَّمَةٌ لَّاشِيَةَ فِيهَا (البقرة71) کسی کے بدن پر ناسور ہو یا کوئی داغ دھبہ ہو تو 41 بار دوا یا مرہم پر پڑھ کر پھونکیں اور پھر استعمال کریں

1061

بدترین گناہ

گناہوں میں بدترین گناہ وہ گناہ ہے جس کو حقیر یعنی ہلکا سمجھا جائے اس کے حقیر ہونے کو نہ دیکھ بلکہ یہ دیکھ کہ وہ گناہ کس کے پاس جائیگا۔

1062

کھانسی اور دمہ کیلئے

رات کو سوتے وقت آٹھ یا دس لونگ کچی یا بھونی ہوئی کھانے سے آرام آجاتا ہے۔

1063

مشکل کیلئے

اگر کوئی شخص کسی کے مکروفریب اور جال میں پھنس گیا ہو اور وہ بے قصور ہو تو وہ (سورۃ یوسف آیت 34 پ 13) کو کثرت سے پڑھے۔

1064

اللہ سے ڈرتے رہیے

جس نے اللہ کے ساتھ مشغول شخص کو اللہ سے ہٹا کر دوسرے کام میں لگا دیا وہ جلد غضب کو دیکھے گا۔

1065

یرقان کیلئے

تین چھٹانک پانی میں دو لیموں کا عرق نچوڑ کر سوتے وقت پی لیجئے یہ یرقان میں بہت فائدہ دیتا ہے چھ سات روز میں واضح فرق ہوگا۔

قید سے رہائی کیلئے

1066

سورۂ طور قیدی اکثر پڑھتا رہے انشاء اللہ قید سے جلد رہائی حاصل ہوگی۔

غیروں کا ذکر

1067

تعجب ہے اس پر جو اللہ تعالیٰ کو حق جانتا ہے اور پھر غیروں کا ذکر کرتا ہے اور ان پر بھروسہ کرتا ہے۔

دماغی امراض کیلئے

1068

دماغی امراض میں مبتلا لوگوں کو پیر کے تلوے اور پیشانی پر روغن بادام کی مالش کرنے سے حیرت انگیز فائدہ ہوتا ہے۔

ہر مرض و حاجت کیلئے

1069

سورہ فاتحہ مع وصل میم بسم اللہ 41 بار آیت کریمہ اور درود شریف کثرت سے پڑھیں۔

مقام رضا کا ذریعہ

1070

صبر اور برداشت کرنا تقدیر پر راضی ہونیکی ابتداء ہے۔ یعنی مقام رضا کے حاصل کرنے میں سب سے پہلے صبر چاہیئے۔

چہرے کی خوبصورتی

1071

چہرے کے حسن و خوبصورتی کیلئے مالش بے حد مفید ہے مالش چہرے کو نئی کشش تابش کرنے سے حیرت انگیز فائدہ ہوتا ہے۔

ضرر سے حفاظت کیلئے

1072

بِسْمِ اللهِ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ پڑھیں کوئی چیز آپ کو نقصان نہیں پہنچائے گی۔

جدو جہد کو اپناؤ

1073

سر دار بننا چاہتے ہو تو حرکت و عمل، جدو جہد کو اپنا معمول بناؤ ☆ اس چیز کے پیچھے نہ لگو جسے تم نہیں سمجھ سکتے یا نہیں پا سکتے۔

صبح چاق و چوبند اٹھنے کی ترکیب

1074

ایک چمچ شہد ایک پیالی دودھ میں ڈال کر رات کو سوتے وقت پی لیجئے تو صبح نہایت چاق و چوبند اور تازہ ہو کر اٹھیں گے۔

1075

گھر کی نگہبانی کیلئے

بِسْمِ اللّٰہِ تَوَکَّلْتُ عَلٰی کُلِّ حَالٍ پڑھیں۔ اللہ تعالیٰ غیبی نگہبانی فرمائیں گے۔

1076

عارف باللہ کی پہچان

صرف قالب اور جسم سے کعبہ کا طواف نہ کر کیونکہ عارف وہ ہے جس کا دل عرش اور حرمین کے گرد گھومتا ہے (حضرت ابوذر غفاریؓ)

1077

کھانسی سے نجات کیلئے

ادرک کو اگر آپ شہد کے ساتھ ملا کر چاٹیں تو اس سے سردی والی کھانسی سے حیرت انگیز حد تک جلد نجات مل جاتی ہے۔

حکمت و دانش کی صلاحیتیں

1078

جب معدہ بھر جاتا ہے تو قوتِ فکر کمزور پڑ جاتی ہے اور حکمت و دانش کی صلاحیتیں گونگی ہو جاتی ہیں
(حضرت عائشہ صدیقہؓ)

سب سے بڑا دشمن

1079

انسان کا سب سے بڑا دشمن اس کا پیٹ ہے ☆ تمام عبادتوں سے بہتر مظلوموں اور عاجزوں کی فریاد کو پہنچنا ہے۔

ہچکی بند کرنے کے لیے

1080

گنڈیریاں چوسنے سے ہچکیاں آنا بند ہو جاتی ہیں۔ ہچکی جب آئے تو ایک دو سیکنڈ کے لیے سانس کو روک لیں ہچکی آنا بند ہو جائے گی۔

1081

بچوں کے امراض کے لیے

صبح کی نماز کے بعد اکتالیس بار الحمد سورۃ فاتحہ بسم اللہ کے میم کو ملانے کے ساتھ مکمل سورۃ پڑھیں۔ انشاء اللہ فائدہ ہوگا

1082

اعلیٰ درجے کی دانائی

دانائیوں میں اعلیٰ درجے کی دانائی تقویٰ ہے اور کمزوریوں میں سب سے بڑی کمزوری بداخلاقی اور بداعمالی ہے (حضرت امام حسنؓ)

1083

حافظہ تیز کرنے کے لیے

کدو کھانے سے حافظہ بڑھتا ہے ☆ اخروٹ، منقیٰ اور انجیر کھانے سے بھی دماغی قوت بہت جلد بڑھ جاتی ہے۔

جان و مال کی حفاظت کیلئے

1084

اَلْمُؤْمِنُ خوف زدہ آدمی اگر فرضوں کے بعد 36 بار اس اسم کا ورد رکھے تو اس کی جان و مال محفوظ رہیں گے۔

سچائی کی مشعل

1085

سچائی کی مشعل جہاں بھی دکھائی دے اس سے فائدہ اٹھا' یہ نہ دیکھ کہ مشعل بردار کون ہے۔ (حضرت عائشہ صدیقہؓ)

کانٹے کی تکلیف سے نجات کیلئے

1086

اگر کانٹا چبھ جائے تو پیاز کو کاٹ کر تھوڑا سا گڑ ملا کر اس جگہ باندھ دیں' انشاء اللہ تعالیٰ کانٹا خود بخود باہر آجائیگا۔

1087

گمشدہ چیز کے لیے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ بِسْمِ اللّٰہِ اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن ○ پڑھتے رہیں اور چیز تلاش کرتے رہیں۔ انشاء اللہ چیز مل جائے گی۔

1088

غیرت و آبرو

جس کام کی انجام دہی تمہارے لیے دشوار ہو، تم اس پر قادر نہ ہو اس کی ذمہ داری اپنے سر نہ لو ☆ دولت کا بہترین مصرف یہ ہے کہ اس سے غیرت و آبرو کو برقرار رکھ۔ (حضرت امام حسینؓ)

1089

دبلاپن دور کیجئے

انجیر دودھ کے ساتھ کھانے سے جسم موٹا ہو جاتا ہے، کھجور خون پیدا کرتی ہے اور جسم کو فربہ کرتی ہے۔ چند ماہ ضرور استعمال کریں۔

1090

میاں بیوی میں محبت پیدا کرنے کیلئے

زوجین میں محبت کیلئے باوضو ہو کر پانی پر 786 بار تسمیہ پڑھ کر دم کر کے پلائیں انشاء اللہ شدید محبت ہو جائیگی۔

1091

خود دوزخ بھاگے

تو جنت طلب نہ کر بلکہ ایسی چیز طلب کر کہ خود جنت تیری طالب ہو اور خود دوزخ سے نہ بھاگ بلکہ ایسی چیز سے بھاگ جس کی وجہ سے خود دوزخ بھاگے۔

1092

پھوڑے پھنسوں کا علاج

فالسے کے پتے باریک پیس کر پھوڑے پھنسیوں پر لگائیں۔ انشاء اللہ چند دنوں میں ہی افاقہ ہو جائے گا۔

حسد سے بچو

1093

حسد سے بچو، یہ نیکیوں کو اس طرح کھا جاتا ہے جس طرح آگ لکڑی کو۔ (حضرت ابو ہریرہؓ) جھگڑا بڑھنے سے پہلے تم اس سے الگ ہو جاؤ۔ (حضرت سلمان فارسیؓ)

رزق میں برکت

1094

مخبر صادق نے فرمایا جو شخص یہ چاہے کہ اس کے رزق میں برکت ہو تو وہ کھانا کھانے سے پہلے اور بعد میں ہاتھ دھو لیا کرے اور بسم اللہ پڑھ کر کھانا شروع کرے۔

دردِ گردہ کیلئے مجرب

1095

ابلے ہوئے پانی میں شہد ملا کر پینے سے گردہ کی سوزش دور ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے دردِ گردہ میں افاقہ ہو جاتا ہے۔

1096

مرغ کی آواز سن کر

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب تم مرغ کی آواز سنو تو اللہ کا فضل مانگو یعنی یوں کہو اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ۔

1097

ڈگریاں

فقط یونیورسٹی کی ڈگریاں حاصل کرنے کیلئے سخت محنت ومشقت سے اپنے جسم کو ایسا مت گلا دو کہ جب تم اس کا فائدہ اٹھانے کے لائق ہو جاؤ تو خود ہی دنیا سے اٹھ جاؤ۔

1098

پیشاب بند ہونے کی صورت میں

پیشاب بند ہونے کی صورت میں کیلے کی جڑ کا رس نکال کر پلانا بہت مفید ہے اس سے پیشاب کھل کر آتا ہے۔

1099

کسی مسلمان کو ہنستا ہوا دیکھے تو......

جب کسی مسلمان کو ہنستا ہوا دیکھے تو یہ دعا دیں اَضْحَکَ اللّٰہُ سِنَّکَ اللہ تجھے ہمیشہ ہنستا ہوا (اور خوش و خرم) رکھے۔

1100

اللہ کتنا کریم ہے

اللہ کتنا کریم و مہربان ہے تمہاری عبادت و تقویٰ تمہارے چہرے سے ظاہر کرتا ہے مگر تمہارے گناہ دوسروں سے چھپاتا ہے۔

1101

ناپسندیدہ بو

برسات کے دنوں میں کمروں میں بڑی ناپسندیدہ سی بو پیدا ہو جاتی ہے ہرمن اور لوبان کی دھونی دینے سے بو دور ہو جاتی ہے۔

قرض ادا کرنیوالے کو دعا

1102

جو آپ کا قرضہ ادا کرے اسے دعا دیں أَوْفَيْتَنِي أَوْفَى اللهُ بِكَ "تو نے میرا پورا قرض ادا کر دیا اللہ تمہیں اس کا پورا اجر دے۔"

دوستوں کی صحبت

1103

اپنے دوستوں کی باہمی صحبت میں مل بیٹھ کر بھی خراب عادت اختیار نہ کرو۔

دیمک کا توڑ

1104

جہاں دیمک لگ جائے وہاں مٹی کے تیل میں کول تار ملا کر لگا دیں، دیمک بھاگ جائے گی۔

1105

قرض ادا کرنیوالے کو دعا

جو آپ کا قرضہ ادا کرے اسے دعا دیں اَوْفَیْتَنِی اَوْفَی اللہُ بِکَ "تو نے میرا پورا قرض ادا کر دیا اللہ تمہیں اس کا پورا اجر دے

1106

اچھی نصیحت

اے دوست! تو ان لوگوں میں سے نہ ہو جو علماء کا علم اور دانش مندوں کی حکیمانہ باتیں جمع کرتا ہے مگر عمل بے وقوفوں جیسے کرتا ہے۔

چوہے بھگانا

سر کے الجھے ہوئے بال کنگھی سے نکال کر چوہوں کے بلوں میں رکھ دیں چوہے بھاگ جائیں گے۔

1107

1108

دوزخ سے بَری

آپ ﷺ نے فرمایا جو شخص ایک مرتبہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَر کہتا ہے تو اللہ پاک اس کے جسم کا ایک چوتھائی حصہ دوزخ سے بری کر دیتے ہیں۔

1109

ذلت کا لباس

جو شخص کسی لباس کو شہرت حاصل کرنے کیلئے امارت ظاہر کرنے کیلئے پہنے گا' اللہ رب العزت اس کو ذلت کا لباس پہنائیں گے۔ (الحدیث)

1110

پیٹ درد

انار کے دانے نکال لیجئے' سفوف نمک و کالی مرچ چھڑک کر ان کا رس چوس لیجئے' پیٹ درد فوراً دور ہو جائیگا' جنہیں بھوک نہ لگتی ہو وہ بھی استعمال کریں۔

ولادت میں آسانی

1111

سورہ الذّریت (پ 26) مریض کے پاس پڑھنے سے مرض میں تخفیف ہوتی ہے اور حاملہ کو باندھ دینے سے ولادت میں آسانی ہوتی ہے۔

دوستوں کی تلاش

1112

مبارکباد ہے اس شخص کیلئے جو اللہ کے دوستوں کی تلاش کرتا ہے اگر اس نے پالیا تو اس نے نور پالیا اگر طلب میں مرگیا تو اس نے شفیع پالیا۔

شاندار حافظے کے لئے

1113

ایک سبز الائچی اور ایک چٹکی پسی ہوئی دارچینی چبا کر ایک گلاس دودھ پلانے سے بچوں کا حافظہ انتہائی تیز ہو جاتا ہے۔

قدر و منزلت میں اضافہ کیلئے

1114

اَلْجَلِیْلُ کو بکثرت ذکر کرنے سے یا مشک وزعفران سے لکھ کر پاس رکھنے سے قدر و منزلت زیادہ ہوتی ہے۔

تیرا مال

1115

تیرے مال میں سے تیرا حصہ صرف اتنا ہی ہے کہ جتنا تو نے اپنی آخرت کیلئے بھیج دیا اور جسے تو نے دنیا میں چھوڑ دیا، وہ تیرے وارثوں کا ہے۔

دمہ کیلئے

1116

(دمہ) میں پیاز کا رس، شہد ہر ایک ایک پاؤ سوڈا بائیکارب، پانچ تولہ، تینوں کو ملا کر رکھ لیں۔ صبح وشام ایک ایک چمچ استعمال کرنے سے فائدہ ہوتا ہے

1117

جانوروں کو آفت سے محفوظ رکھنے کیلئے

اَلْحَلِیْمُ کاغذ پر لکھ کر اس کو پانی سے دھو کر جانوروں کے جسم پر چھڑک دیں یا مل دیں تو وہ ہر آفت سے مامون رہیں گے۔

1118

متواتر نعمتیں

جب تم میں سے کسی شخص پر متواتر اوپر تلے نعمتیں آئیں تو اس کو اپنے اوپر رونا چاہیئے۔ کیونکہ یہ اس طریقہ پر چل پڑا جو صالحین کا نہیں ہے۔

1119

معدے کی جملہ امراض کیلئے

پودینے اور اجوائن کا قہوہ پینے سے معدے کی جلن ختم ہو جاتی ہے۔ سفید زیرہ کھانے سے پیٹ کا درد ٹھیک ہو جاتا ہے۔

1120

نگاہ میں ترقی

اگر کمزور نظر والا اپنی آنکھ پر اَلْغَفُوْرُ کے اسم کو کاغذ پر لکھ کر پھیرے یا پڑھ کر ہاتھ پر پھونک مار کر آنکھوں پر پھیرے تو نگاہ میں ترقی ہوگی۔

1121

سیبوں کی مانند

جو بات موقع پر کہی جائے وہ سونے کے ان سیبوں کی مانند ہے جو روپہلی ٹوکریوں میں ہوں ☆ ایک دوست صادق کا حصول نعمت الٰہی میں بہترین نعمت ہے۔

1122

برتنوں کی بدبو دور کرنے کیلئے

کانچ کے برتن نمک کے پانی سے دھونے سے صاف اور چمکدار ہو جاتے ہیں اور کسی قسم کی بدبو بھی نہیں آتی۔

1123

روزے میں قوت وتوانائی بحال رکھنے کیلئے

اگر روزہ دار اَلْمُقِیْتُ کے اسم مبارک کو مٹی پر پڑھ کر یا لکھ کر اس کو تر کر کے سونگھے تو قوت اور غذائیت حاصل ہوگی۔

1124

دانش مند

جس راز کو تو دشمن سے چھپانا چاہتا ہے اس کو دوست سے بھی ظاہر نہ کر☆ جاہل اپنے دل میں جو کچھ ہے ظاہر کرتا ہے مگر دانش منداسے موقع تک چھپائے رکھتا ہے۔

1125

ٹوٹکے

کٹا ہوا لیموں فریج میں رکھنے سے کسی قسم کی بدبو نہیں پھیلے گی ☆ پرس، قمیض کی زپ خراب ہو کر پھنستی ہو تو اس پر موم رگڑ دیں۔ زپ ٹھیک ہو جائیگی۔

لاعلاج امراض سے نجات کیلئے

1126

بعد نماز عشاء سورۃ قریش 111 بار پڑھنے سے موذی امراض درد گردہ، فالج، شوگر اور بواسیر سے نجات مل جاتی ہے۔

معافی دو

1127

غلام کو غلطی پر معافی دو اس لئے کہ اللہ بھی تمہیں مسلسل معافیاں دے رہا ہے۔ ☆ تلوار توپ اور بندوق سے اس قدر خلقت نہیں مرتی جتنی کہ زیادہ کھانے سے مرتی ہے۔

تولیہ سکھانے کیلئے

1128

تولئے کا پانی جلد سکھانے اور اسے ملائم بنانے کیلئے بالٹی بھر پانی میں تین چمچے نمک گھول دیں اور اس پانی میں تولئے کو رات بھر بھیگنے دیں، پھر صبح اسے دھو کر سکھا دیں تولیہ بے حد ملائم ہو جائے گا۔

1129

خشکی سے نجات کیلئے

سرسوں کے تیل اور دہی کو ملا کر مساج کرنے سے چند دنوں میں خشکی کا جڑ سے خاتمہ ہو جاتا ہے۔

1130

موجودگی سے خائف

جس قدر دیر میں برا لفظ کہا جاتا ہے اس قدر دیر میں اچھا لفظ ادا ہو سکتا ہے۔☆ ہزاروں دوستوں کی موجودگی سے خوش نہ رہو بلکہ ایک دشمن کی عدم موجودگی سے خائف رہو۔

1131

پیشاب کی زیادتی

ببول کی کچی پھلی سائے میں خشک کرکے کوٹ چھان کر گھی میں بھونیں اور تین تین ماشے صبح و شام کھائیں۔

درد گردہ

1132

سورۃ القریش (پ 30) دم کرنے سے درد گردہ کو فائدہ ہوتا ہے۔☆ اَلْعَلِیُّ اگر اسے لکھ کر کسی بچے کے باندھ دیا جائے تو بچہ جلدی جوان ہوگا۔

بہترین فعل عبادات

1133

زندگی کی سب سے بڑی فتح نفس پر قابو پانا ہے اگر نفس نے دل پر فتح پالی تو سمجھو دل مردہ ہے۔ ☆بہترین قول ذکر، بہترین فعل عبادت اور بہترین خصلت حلم ہے۔

تلوں کا تیل

1134

بالوں کو لمبا کرنے کیلئے تلوں کا تیل لیکر اس میں تھوڑا سا سرسوں کا تیل اور انڈہ شامل کرلیں اور دہی ملا کر سر پر لگائیں، خشکی ختم ہو گی اور بال لمبے سیاہ ہو جائینگے۔

1135

ام الصبیان

معوذ تین یعنی سورۃ فلق اور سورۃ ناس (پ 30) کو لکھ کر بچوں کے باندھ دیا جائے تو ام الصبیان وغیرہ سے حفاظت رہے گی

1136

وصل جدائی

دل کو دنیا اور اس کی زینت سے باز رکھ کیونکہ اس کا وصال مکدر اور اس کا وصل جدائی ہے ☆ جو شخص چاہے کہ اللہ اس پر ہمیشہ کرم کرتا رہے وہ اللہ کے بندوں پر کرم کرنا شروع کر دے۔

1137

یرقان اور ورم کیلئے

سورۃ البینۃ (پ 30) لکھ کر باندھنا اور پینا یرقان اور

ورم کے لئے نافع ہے۔ پوست ہلیلہ زرد ایک تولہ پانی میں جوش دے کر پلائیں۔ یرقان کیلئے مفید ہے

1138

سورۃ الفاتحہ سے علاج

نماز فجر کی سنت اور فرض کے دورانیے کے دوران اکتالیس بار سورۃ الفاتحہ پڑھ کر دم کرنے سے سر درد جاتا رہتا ہے۔

1139

ترش غذا

ترش غذا جلد بوڑھا کرتی ہے، بدن کو دبلا کرتی ہے پٹھوں کے لئے مضر ہے۔☆ برگد کا دودھ ناف میں بھرنے اور ارد گرد لگانے سے دست بند ہو جاتے ہیں۔

1140

یرقان کیلئے مجرب عمل

مہندی کی پتیاں دو تولے رات کو پانی میں بھگو رکھیں۔ صبح کو چھان کر پلائیں، چند روز کے استعمال سے یرقان دور ہو جاتا ہے۔

1141

ڈاڑھ درد کیلئے

لِكُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ وَّسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ (الانعام 67) چھوٹے سے کاغذ پر لکھ کر ڈاڑھ کے نیچے دبا دینے سے درد ٹھیک ہو جاتا ہے۔

1142

اسراف کیا ہے

اگر تو ساری دنیا کو ایک لقمہ بنا کر درویش کے منہ میں ڈال دے تو وہ اسراف نہ ہوگا۔ اسراف وہ ہے جبکہ تو مال کو حق تعالیٰ کی مرضی کیخلاف خرچ کرے۔

1143

قبض دور کرنے کیلئے

سنامکی ایک تولہ اور سونف چھ ماشے پانی میں جوش دے کر چھان لیں اور اس میں تھوڑی کھانڈ ملا کر پئیں، قبض دور ہو جائے گی۔

1144

گرمی کا بخار

قُلْنَا یٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ (الانبیاء 79) جس شخص کو گرمی سے بخار آتا ہو وہ اس آیت کو لکھ کر تعویذ بنا کر گلے میں ڈال لے انشاء اللہ بخار جاتا رہے گا۔

1145

ہارتے وہی ہیں

ہارتے وہی ہیں جو ہارنے سے ڈرتے ہیں اور جیتتے وہی ہیں جنہیں اپنی جیت کا یقین ہوتا ہے۔

1146

تلی کے امراض کیلئے

مولی کو پتوں سمیت کوٹ کر اس کا پانی نچوڑیں اور دس تولے پانی میں نوشادر ایک ماشہ ملا کر پئیں۔ آٹھ دس روز کے استعمال سے تلی کٹ جاتی ہے۔

موذی جانوروں سے حفاظت

1147

ایک طشت میں سورۃ قلم لکھ کر اور اس کو کنوئیں کے پانی سے دھو کر گھر میں چھڑکیے گھر سے موذی جانور سانپ، بچھو وغیرہ بھاگ جائینگے۔

خیال رکھیے۔۔۔!

1148

خیال رکھیے ہمیشہ ان لوگوں کا جنہوں نے اپنی جیت کے راستے میں اپنا سب کچھ کھو دیا اور یاد رکھیے اس ذات کو جس نے آپ کیلئے آپ سے بڑھ کر سوچا اور آپ کی سوچوں سے بڑھ کر نوازا۔

تلی کیلئے آزمودہ

1149

سبز کریلا کوٹ کر اس کا پانی نچوڑ کر دو دو تولے دن میں تین بار پئیں۔ آٹھ دس دن کے استعمال سے پرانی سے پرانی تلی گھل جائیگی۔

1150

رزق میں برکت کیلئے

رزق میں برکت اور کشادگی کیلئے سورۃ عنکبوت کی آیت نمبر 62 کی صبح و شام ایک تسبیح پڑھیں۔ انشاء اللہ غیب سے برکت ملے گی۔

1151

فقیر وہ ہے

اللہ تعالیٰ کے دوستوں کی عزت و قدر وہی آدمی کرتا ہے جو اللہ کے نزدیک بزرگ قدر ہو۔☆ فقیر وہ ہے کہ اس کی خاموشی فکر کیساتھ اور گفتگو ذکر کیساتھ ہو۔

1152

تلی کیلئے مفید دوا

رائی تین تولے، سہاگہ بھنا ہوا ایک تولہ دونوں کو پیس کر رکھیں اور تین تین ماشے صبح و شام پانی سے کھائیں۔ تلی کیلئے بڑی مفید دوا ہے۔ یہ تلی کو گھلاتی اور بھوک لگاتی ہے۔

ناجائز قبضہ ختم

1153

اگر کوئی دکان یا مکان ناجائز اپنے قبضہ میں رکھ لے تو اس صورت میں چیز واپس اپنے پاس لانے کیلئے یَا جَامِعُ کو چالیس دن تک روزانہ 3125 مرتبہ بعد نماز عشاء پڑھیں۔

عیب

1154

جو شخص کسی کے عیب تلاش کرنے میں رہتا ہے اسے کوئی نہ کوئی عیب مل ہی جاتا ہے۔

کثرت چائے کا نقصان

1155

کثرت چائے قوت مردمی کو کمزور کرتی ہے، منی کو خراب اور جریان، احتلام، سرعت انزال کے عوارض پیدا کرتی ہے۔

دشمن کے فریب سے بچاؤ

1156

اسم یَامَانِعُ کو کثرت سے پڑھنے والا ہمیشہ دشمنوں سے محفوظ رہے گا' اگر کوئی دشمن دھوکہ یا فریب دینا چاہے تو وہ نہ دے سکے گا۔

عزت

1157

جو شخص اپنی عزت کروانا چاہے وہ دوسروں کی عزت شروع کر دے۔

حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی صاحب کی 176 روحانی، طبی، نفسیاتی، تصوف، جادو، جنات اور اسلام اور جدید سائنس جیسے مختلف موضوعات پر تاریخی اور تحقیقی کتب "تالیفات"

سرپرست	مصنف و مؤلف	نگران	چیئرمین	چیف ایڈیٹر
عبقری مراقبہ سینٹر Director Ubqari Meditation Center	176 کتب تراجم دنیا کی کئی زبانوں میں Author & Writer 154 Books (In various languages)	عالمی مرکز روحانیت و امن Patron The Centre of Peace and Spirituality	عبقری ٹرسٹ رجسٹرڈ Chairman Ubqari Trust Registered	ماہنامہ عبقری لاہور Chief Editor Ubqari Magazine Lahore
جاروب کش • تسبیح خانہ • روحانی منزل • درود محل • دارالتوبہ Jatob Kash Tasbih Khana Rohani Manzil Darod Mahal Darul Taubah	کالم نگار عالمی اخبارات، جرائد و رسائل Column Writer International Papers and Magazines	پی، ایچ، ڈی ہربل ہیلتھ امریکہ Ph.D Herbal Health (USA)	صدارتی ایوارڈ 1991ء طریقۂ علاج Presidential Award "Method of Treatment"	خلیفہ مجاز حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری رحمۃ اللہ علیہ Khalifa Majaz Hazrat Syed Mohammed Abdullah Hajveri Khawaja Qalb Hajvari

خاندانی الجھنیں

1۔ الجھے لوگ سلجھے اصول
2۔ گھریلو الجھنیں اور ماہرین کے تجربات
3۔ شگفتہ باتیں، بکھرے موتی، انمول یادیں
4۔ بڑوں کی زندگی کے ان گنت تجربات
5۔ گھروں میں ابدی سکون اور خوشیوں کا راز
6۔ شاداب زندگی کے راز، نبوی طریقے، جدید سائنس
7۔ کامیاب شادی کے 17 اصول، نبوی طریقے، جدید سائنس
8۔ خاندانی مسائل کا طبی و نفسیاتی تجزیہ
9۔ بے قرار زندگی سے خوشگوار زندگی تک
10۔ شاندار زندگی گزارنے کے جاندار اصول
11۔ پرکشش زندگی کے گر، نبوی طریقے جدید سائنس
12۔ شادی شدہ زندگی، جنسی خوشی گزارنے کے راز

نفسیاتی الجھنیں

1۔ ٹینشن کا سائنسی اور روحانی علاج
2۔ ڈپریشن سے نجات پانے والے
3۔ پرسکون زندگی کی تلاش، نبوی طریقے، جدید سائنس
4۔ جذبات اور خیالات کے روگ، نبوی طریقے اور جدید سائنس
5۔ شفابخش خیالات کی کرشمہ سازیاں، نبوی طریقے، جدید سائنس

اسلام اور جدید سائنس

1۔ تعلیمات نبوی اور جدید سائنس
2۔ فیضان سنت اور جدید سائنس
3۔ باپ کا تقدس، اسلام اور جدید سائنس
4۔ ماں کا تقدس، اسلام اور جدید سائنس
5۔ تربیت اولاد، اسلام اور جدید سائنس
6۔ سنت نبوی اور جدید سائنس (جلد نمبر 1)
7۔ سنت نبوی اور جدید سائنس (جلد نمبر 2)
8۔ سنت نبوی اور جدید سائنس (جلد نمبر 3)
9۔ سنت نبوی اور جدید سائنس (جلد نمبر 4)
10۔ جادو، جنات، اسلام اور جدید سائنس
11۔ موت کے سائنسی اور روحانی انکشافات
12۔ معاشرت نبوی اور جدید سائنس

جسمانی امراض اور جدید سائنسی تحقیقات

1۔ ہارٹ اٹیک سے بچاؤ کی روحانی اور سائنسی ترکیب
2۔ پرسکون نیند، نبوی طریقے اور جدید سائنس
3۔ پتھری اور ڈائیلسز، علاج نبوی اور جدید سائنس
4۔ امراض معدہ، علاج نبوی اور جدید سائنس
5۔ شوگر کا سائنسی اور روحانی علاج
6۔ ہیپاٹائٹس کا سائنسی اور روحانی علاج
7۔ شاندار جوانی، جاندار بڑھاپا
8۔ موٹاپے سے نجات، علاج نبوی اور جدید سائنس
9۔ کولیسٹرول کا سائنسی اور روحانی علاج
10۔ جڑی بوٹیوں کے کمالات اور جدید سائنسی تحقیقات
11۔ وٹامن جسمانی صحت کیلئے کیوں ضروری ہیں؟
12۔ ہائی بلڈ پریشر کا روحانی اور سائنسی علاج
13۔ صحت بخش، خوش ذائقہ خوراکیں اور سائنسی اصول

طبی کتب

1۔ رنگ برنگی سبزیاں دوا بھی شفا بھی
2۔ پھلوں سے صحت و خوبصورتی
3۔ حسن و صحت کیلئے انمول ٹانک
4۔ شوگر کا کامیاب علاج
5۔ شافی دوائیں شافی علاج
6۔ تندرستی کے دس راز دان ٹانک
7۔ حیرت انگیز حافظہ ناممکن نہیں
8۔ حکماء کی زندگیوں کے طبی نچوڑ
9۔ معالج اور مریضوں کے تجربات
10۔ طبی تجربات و مشاہدات
11۔ کینسر کو شکست
12۔ انوکھی بیماریاں انوکھے علاج
13۔ میرے طبی رازوں کا خزانہ
14۔ آزمودہ گھریلو معالج
15۔ الرجی سے نجات کے قدرتی طریقے
16۔ دائمی قبض سے چھٹکارا
17۔ خوبصورت اور گھنے بال
18۔ عبقری ادویات کی شفایابی
19۔ عبقری بتائے جڑی بوٹیوں کے کرشمے

شخصیات و تاریخی کتب

1۔ گلوکاری سے پرہیزگاری تک
2۔ مشاہیر کی آپ بیتیاں
3۔ 1947ء کے مظالم کی کہانی خود مظلوموں کی زبانی
4۔ بھارتی مسلمانوں پر کیا گزری؟
5۔ شہید پاکستان
6۔ جیلوں میں بیتے لمحات کی کہانی مشاہیر کی زبانی
7۔ مولانا طارق جمیل شخصیت و کمالات
8۔ مولانا طارق جمیل کے ہمراہ
9۔ عظمت اہل بیتؓ
10۔ صادق دوست اور قلعہ ڈیراور

خواتین

1۔ سدابہار حسن کی ضامن غذائیں
2۔ خواتین کے حسن و جمال کے قیمتی راز
3۔ عورت اسلام اور جدید سائنس
4۔ خواتین کی اسلامی زندگی کے سائنسی حقائق
5۔ حسن لازوال کی قاتل بیماریاں

روحانیات و عملیات

1۔ روحانی غسل کے کرشمات
2۔ مشکلات سے نجات پانے والوں کے روحانی تجربات
3۔ دو انمول خزانے (اردو)
4۔ سورۂ بقرہ سے شرطیہ (انشاء اللہ) بیٹا پائیں
5۔ جنات کی چوریاں روکنے کا فیصلہ کن عمل
6۔ مالدار بننے کا آزمودہ راز
7۔ گھریلو الجھنوں کا روحانی اور قرآنی علاج
8۔ جادو جنات کے پُراسرار حقائق اور آزمودہ روحانی علاج
9۔ ایک روحانی عامل کی خفیہ ڈائری
10۔ کامیاب عامل بنئے
11۔ روحانیت جادو اور وہم
12۔ بدترین پریشانیوں کیلئے لاجواب وظائف
13۔ روزگار کی پریشانی کا آزمودہ وظیفہ
14۔ گھریلو الجھنوں کا روحانی علاج
15۔ بدترین خصلتوں کا بہترین علاج
16۔ کھنڈرات سے ملی خاندانی بیاض
17۔ مایوس خاندانی مشکلات کا پُرتاثیر روحانی علاج
18۔ روحانی دنیا کے انوکھے بھید
19۔ کشف اور پُراسرار روحانی قوتوں کا حصول
20۔ الحسبیتم اور اذان کے کرشمات
21۔ جنات کا پیدائشی دوست (جلد اول)
22 جنات کا پیدائشی دوست (جلد دوم)
23۔ جنات کا پیدائشی دوست (جلد سوم)
24۔ عامل کامل بننے کے راز
25۔ گھریلو الجھنوں سے چھٹکارا پانے والے
26۔ مجھے وظائف سے غیبی مدد کیسے ملی؟
27۔ مشکلات کے پہاڑ اور میرے روحانی تجربات
28۔ سترہ وظائف سے زندگی آسان
29۔ حٰم لا ینصرون کے کرشمات
30۔ موتی مسجد کے عمل کے کرشمات
31۔ مجھے شفاء کیسے ملی؟
32۔ کالی دنیا کالا جادو وظائف اولیاء اور سائنسی تحقیقات
33۔ صلوٰۃ التسبیح کے کرشمات
34۔ مثالی حافظہ اور آزمودہ نبوی عمل
35۔ حال دل
36۔ علماء اہل حدیث کے آزمودہ عملیات

صوفی ازم اور اصلاح باطنی

فطرت کے انوکھے مناظر

علاج نبویؐ اور جدید سائنس

نوجوانوں کے مسائل

دیگر زبانوں میں تراجم

متفرقات